اھل بیتؑ کے نام، جن کی محبت ھمارا جزو ایمان ھے


تحفۂ روحانیات

روحانی ماہنامہ

2018ء

جعفریہ جنتری

السلام علیک یا اباعبداللہ الحسین



ھر گھر کی ضرورت

ائمہ معصومین کے اوراد و وظائف

آپ کے تمام مسائل کا مکمل حل

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّد

شجرہ طیبہ چہاردہ معصومین علیہم السلام

اِنَمَا یُرِیدُ اللّٰہُ لِیُذھِبَ عَنکُمُ الرِّجسَ اِھلَ البَیتِ وَیُطَھِّرَکُم تَطھِیرًا

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّد

اپنے علم کو جہل اور اپنے یقین کو شک نہ بناؤ۔ جب جان لیا تو عمل کرو، اور جب یقین پیدا ہوگیا تو آگے بڑھو:۔ حضرت علیؑ

اسمائے معصومینؑ	لقب	کنیت	اُمہات	تعداد اولاد	تاریخ ولادت	جائے ولادت	تاریخ شہادت	مدت حیات	جائے مدفن
حضرت محمدؐ ابن عبداللہؑ	مصطفیٰؐ	ابوالقاسم	حضرت آمنہ بنت وہب	فاطمہؑ، زہراؑ، طیبؑ، طاہرؑ، قاسمؑ، ابراہیمؑ	۱۷ ربیع الاول ۱ عام الفیل	شعب ابوطالب (مکہ معظمہ)	۲۸ صفر ۱۱ھ	۶۳ سال	مدینہ منورہ
حضرت فاطمہؑ بنت رسولؐ	زہراؑ	اُم الحسین سیدۃ النساء	حضرت خدیجہ الکبریٰ	حسنؑ، حسینؑ، زینبؑ، اُم کلثومؑ، اسقاطِ محسنؑ	۲۰ جمادی الثانی ۵ بعثت	مکہ معظمہ	۳ جمادی الثانی ۱۱ھ	۱۸ سال ۵ ماہ ۱۵ دن	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام علیؑ ابن ابی طالبؑ	امیر المومنینؑ	ابوالحسنؑ ابوتراب	حضرت فاطمہ بنت اسد	۱۱ پسر ۱۶ دختران	۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل جمعہ	(درمیان) خانہ کعبہ	۲۱ رمضان ۴۰ھ	۶۳ سال	نجف اشرف (عراق)
حضرت امام حسنؑ ابن علیؑ	مجتبیٰؑ	ابومحمدؑ	حضرت فاطمہ الزہراؑ	۸ پسر ۷ دختران	۱۵ رمضان ۳ھ	مدینہ منورہ	۲۸ صفر ۵۰ھ	۴۷ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام حسینؑ ابن علیؑ	سیّد الشہداءؑ	ابوعبداللہ	حضرت فاطمہ الزہراؑ	۶ پسر ۴ دختران	۳ شعبان ۴ھ	مدینہ منورہ	۱۰ محرم الحرام ۶۱ھ	۵۷ سال	کربلا معلے (عراق)
حضرت امام علیؑ ابن الحسینؑ	زین العابدینؑ	ابومحمدؑ	حضرت شہربانو بنت یزدجرد	۱۱ پسر ۴ دختران	۱۵ جمادی الاول ۳۸ھ	مدینہ منورہ	۲۵ محرم الحرام ۹۵ھ	۵۷ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام محمدؑ ابن علیؑ	باقرؑ	ابوجعفر	فاطمہ بنت امام حسنؑ	۵ پسر ۲ دختران	یکم رجب المرجب ۵۷ھ	مدینہ منورہ	۷ ذی الحجہ ۱۱۴ھ	۵۷ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام جعفرؑ ابن محمدؑ	صادقؑ	ابوعبداللہ ابواسماعیل	اُم فروہ بنت قاسم بن محمد ابن ابی بکر	۷ پسر ۳ دختران	۱۷ ربیع اول ۸۳ھ	مدینہ منورہ	۱۵ شوال المکرم ۱۴۸ھ	۶۵ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام موسیٰؑ ابن جعفرؑ	کاظمؑ	ابوابراہیم ابوالحسن	حمیدہ خاتون	۱۹ پسر ۱۸ دختران	۷ صفر المظفر ۱۲۸ھ	ابواء مابین مکہ و مدینہ	۲۵ رجب المرجب ۱۸۳ھ	۵۵ سال	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ ابن موسیٰؑ	رضاؑ	ابوالحسن	اُم البنین	امام محمد تقیؑ	۱۱ ذیقعد ۱۵۳ھ	مدینہ منورہ	۳ ذیقعد ۲۰۳ھ	۵۰ سال	مشہد مقدس (ایران)
حضرت امام محمدؑ ابن علیؑ	تقیؑ	ابوجعفر	خیزران خاتون (ریحانہ)	۲ پسر ۲ دختران	۱۰ رجب المرجب ۱۹۵ھ	مدینہ منورہ	۲۹ ذیقعد ۲۲۰ھ	۲۵ سال ۳ ماہ ۲۰ دن	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ ابن محمدؑ	نقیؑ	ابوالحسن	سمانہ خاتون	۵ پسر ۴ دختران	۵ رجب المرجب ۲۱۴ھ	حوالی مدینہ منورہ	۳ رجب المرجب ۲۵۴ھ	۴۰ سال	سرمن رائے (عراق)
حضرت امام حسنؑ ابن علیؑ	عسکریؑ	ابومحمدؑ	حدیثہ خاتون	حضرت صاحب العصرؑ	۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ	مدینہ منورہ	۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ	۲۸ سال ۲ ماہ	سرمن رائے (عراق)
حضرت امام محمدؑ ابن الحسنؑ	الحجۃ القائم المہدیؑ	ابوالقاسم	نرجس خاتون	العلم عند اللہ	۱۵ شعبان ۲۵۶ھ	سرمن رائے (سامرہ)	بحکم خدا زندہ ہیں!	ماشاء اللہ	جائے غیبت سرمن رائے

مصدقہ :۔ ادارہ شیعہ مجلس علمائے پاکستان

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر: محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ

معاونین: ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی

پروف ریڈر: سید آل محمد، حنیف یاسر

سرکولیشن منیجر: رضوان علی رضوی 0300-6368746

کمپوزنگ گرافکس: سید شارق حسین زیدی، رضوان حسین شاہ

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے (ایکسپریس چینل)

جناب محترم عابد کمالوی (ر) ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا (ر) ڈائریکٹر ایف آئی اے، زوار حکیم محمد ابصار حیدر

علامہ آغا السید ابوالحسن موسوی، شہزادہ منظور علی سموں

سید شاہد حسین شاہ نقوی، حکیم خضر عباس بیاسی

لیگل ایڈوائزر

شیخ مستحسن جاوید (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ) 0300-9630230

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ) 0333-6101585

قیمت فی جنتری 160 روپے

دفتر جعفریہ جنتری

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

جعفریہ جنتری (رجسٹرڈ)

پریس لارز برانچ حکومت پاکستان کے تحت جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ جعلی ایڈیشن یا مضامین شائع کرنے کی صورت میں ادارہ سخت قانونی چارہ جوئی کرے گا۔ (ادارہ)

ترتیب مضامین

صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر	مضمون
05	دعائے اختتام و آغاز سال	63	طلسمات سیارگان
06	دعائے حضرت بی بی فاطمہ الزہراؑ	64	فیض ولایت پھول
07	حرز امام علیہ السلام	65	کینسر کا روحانی علاج
08	زیارت قبور مومنین	66	نادعلیؑ مع اسناد و اعمال
09	کاروباری بندش کا خاتمہ	67	عملیات نادعلیؑ
10	ہر نماز کی مخصوص تعقیبات	68	زائچہ انسان، ارزوئے قرآن
12	عملیات سورۃ مزمل	70	خبیث شیاطین کو دفع کرنے کا خاص عمل
14	نماز ادائے قرض و کفایت	71	بچے ذہین ہو جائیں
15	دعائے ائمہ کرام امراض سے شفاء	72	لوح کمال
16	بیماریوں کا علاج بذریعہ قرآنی آیات	74	لوح مقطعات
18	دعائیں ائمہ کرام	75	تسخیر کائنات
20	نوروز عالم افروز	76	اعمال سلطانی
21	آداب و اعمال نوروز	77	لوح فتح مندی
22	احکام زائچہ نوروز	78	مجرب عملیات و نقوش
24	تقویم (کیلنڈر)	79	دائمی جعفری فالنامہ
48	یک سالہ تقویم 2018ء	80	استخراجی حسابی جدل
49	کسوف و خسوف 2018ء	81	نومولود کے نام
50	اسرار غیبی	84	اہم امور، آغاز سفر
52	لوح محمدؐ و آل محمدؐ	85	جائیداد خریدنا، ملازم رکھنا
55	عمل صحت و تندرستی	86	مقدمہ کی ابتداء، قبض لینا
56	فہم القرآن	87	بچے کا نام رکھنا، بچہ کی ختنہ
57	خاندانی استخارہ	88	رنگ اور لباس، خوشی کی رسم کرنا
58	حاضرات کلمہ طیبہ	89	پتھر اور نگینے
59	تسخیرات و عملیات کی روحانی دنیا	90	سعد تاریخیں برائے نکاح
60	دفع الامراض شفاء القرآن	91	صدقات بروج
62	عمل شفائے امراض	92	یہ سال کیسا رہیگا؟

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک سے جاری کیا۔

اسمائے پاک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم باری تعالیٰ

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

یَااللہُ	یَارَحمٰنُ	یَارَحیم	یَامَالِکُ	یَاقُدوسُ	یَاسَلَامُ	یَامُومِنُ	یَامُھَیمِنُ
یَاعَزِیزُ	یَاجَبَارُ	یَامُتَکَبِّرُ	یَاخَالِقُ	یَابَارِئُ	یَامُصَوِّرُ	یَاغَفَارُ	یَاقَھَّارُ
یَا وَھَّابُ	یَارَزَّاقُ	یَافَتَّاحُ	یَاعَلِیمُ	یَاقَابِضُ	یَابَاسِطُ	یَاخَافِضُ	یَارَافِعُ
یَامُعِزُ	یَامُذِلُ	یَاسَمِیعُ	یَابَصِیرُ	یَاحَکَمُ	یَاعَدلُ	یَالَطِیفُ	یَاخَبِیرُ
یَاحَلِیمُ	یَاعَظِیمُ	یَاغَفُورُ	یَاشَکُورُ	یَاعَلِیُّ	یَاکَبِیرُ	یَاحَفِیظُ	یَامُقِیتُ
یَاحَسِیبُ	یَاجَلِیلُ	یَاکَرِیمُ	یَارَقِیبُ	یَامُجِیبُ	یَاوَاسِعُ	یَاوَدُودُ	یَامَجِیدُ
یَاحَکِیمُ	یَابَاعِثُ	یَاشَھِیدُ	یَاحَقُّ	یَاوَکِیلُ	یَاقَدِیرُ	یَامَتِینُ	یَاحَمِیدُ
یَامُحصِیُ	یَامُبدِئُ	یَامُعِیدُ	یَامُحیِ	یَامُمِیتُ	یَاحَیُّ	یَاقَیُّومُ	یَاوَاحِدُ
یَااَحَدُ	یَاصَمَدُ	یَاقَادِرُ	یَامُقتَدِرُ	یَامُقَدِّمُ	یَامُوَخِّرُ	یَااَوَّلُ	یَااٰخِرُ
یَاظَاھِرُ	یَابَاطِنُ	یَاوَالِی	یَامُتَعَالِی	یَابَرُّ	یَاتَوَّابُ	یَامُنتَقِمُ	یَامُنعِمُ
یَاغَفُورُ	یَارَؤُفُ	یَارَبُّ	یَامَاجِدُ	یَاوَاجِدُ	یَامُقسِطُ	یَاجَامِعُ	یَاغَنِیُّ
یَامُغنِی	یَامُعطِی	یَامَانِعُ	یَاضَارُّ	یَانَافِعُ	یَانُورُ	یَاھَادِیُ	یَابَدِیعُ

ان اسمائے صفات کا روزانہ ورد غموں، پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات دلاتا ہے۔

اسمائے صفات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

یَامُحمد	یَااحمد	یَاحَامِد	یَامحمُود	یَاقَاسِم	یَاعَاقِبُ	یَافَاتِحُ	یَاخاتمُ
یَاحَاشِرُ	یَامَاح	یَاداع	یَاسَرَاج	یَارَشِید	یَامُنِیر	یَابَشِیرُ	یَانَذِیرُ
یَاهَادِیُ	یَامُهد	یَارَسولُ	یَانَبِیُ	یَاطٰهٰ	یَایٰسٓن	یَامُزَمِلُ	یَامُدَثِرُ
یَاشَفِیعُ	یَاخَلِیلُ	یَاکَلِیمُ	یَاحَبِیبُ	یَامُصْطَفٰی	یَامُرتَضٰی	یَامُجتَبٰی	یَامُختارُ
یَانَاصِرُ	یَامَنصورُ	یَاقَائمُ	یَاحَافِظُ	یَاشَهِیدُ	یَاعَادِلُ	یَاحَکِیمُ	یَانورُ
یَاحُجۃُ	یَابُرهَانُ	یَابطَحِیُ	یَامُومِنُ	یَامُطِیعُ	یَامُذَکِرُ	یَاوَاعِظُ	یَاآمِینُ
یَاصَادِقُ	یَامُصَدِقُ	یَانَاطِقُ	یَاصَاحِبُ	یَامَکِیُ	یَامَدنِیُ	یَاعَرَبِیُ	یَاهَاشِمَیُ
یَاتِهَامِی	یَاحِجَازِیُ	یَاتَرَازِیُ	یَاقُرَیشِیُ	یَامُصِرِیُ	یَااُمِیُ	یَاعَزِیزُ	یَاحَرِیصُ
یَارَؤفُ	یَارَحِیمُ	یَایَتِیمُ	یَاغَنِیُ	یَاجَوَادُ	یَافَتَاحُ	یَاعَالِمُ	یَاطَیبُ
یَاطَاهِرُ	یَامَطهرُ	یَاخَطِیبُ	یَافَصِیحُ	یَاسَیدُ	یَامُتَقِیُ	یَااِمَامُ	یَابَارِیُ
یَاشَافِی	یَامُقسِطُ	یَاسَابِقُ	یَاحَمَ	یَامَهدِیُ	یَاحَقُ	یَامُبِینُ	یَااَولُ
یَااٰخِرُ	یَاظَاهِرُ	یَابَاطِنُ	یَارَحمتُ	یَامُحَلِلُ	یَامُحَرِمُ	یَااَمِنُ	یَاناہِ

ان اسمائے صفات کا روزانہ ورد غموں، پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات دلاتا ہے۔

اسمائے صفات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

مولا علیؑ مشکل کشاء

عَلِیُّ	مُبَارِزُ	سَعِیْدُ	دَائِمُ	کَمَالُ	نَجِیْبُ	صَادِقُ	مُشْفِعُ
مَکِیُّ	عَالِمُ	مَسْعُوْدُ	عَابِدُ	غَازِیُ	نَصِیْبُ	مُتَصَدِّقُ	مُحَرَّمُ
رَضِیُّ	عَامِلُ	خَلِیْلُ	زَاهِدُ	مُحْتَرَمُ	کَبِیْرُ	رَحِیْمُ	مُنْعِمُ
وَفِیُّ	وَلِیْدُ	نَاصِرُ	وَلِیُّ	ظَاهِرُ	مُکَرَّمُ	رَاجِعُ	مظهرُ
مُرْتَضٰی	مُومِنُ	رَوُفُ	تَقِیّ	مُخَلِّلُ	نَاصِحُ	جَاهِدُ	شَرِیْفُ
مُجْتَبٰی	طَاهِرُ	حَافِظُ	مُتَّقِیُّ	مُبَلِّحُ	بَاکِرُ	مَوالِیْدُ	فَاتِحُ
مُخْبِرُ	مطهرُ	جَوَادُ	سَالِمُ	مُحَجِّدُ	مُعَلَّمُ	کَرِیْمُ	وَصِیُّ
مُسْلِمُ	طَیِّبُ	قَائِمُ	غَانِمُ	سَرْمَدُ	حَلِیْمُ	ضَابِطُ	زَکِیُّ
حَارِبُ	مُطَیِّبُ	رَاکِعُ	حَکِیْمُ	مُتَکَبِّرُ	مَنْصُوْرُ	حَاضِرُ	حَبِیْبُ
اَسَدُ	خَلِیْفَةُ	سَاجِدُ	جَمِیْلُ	قَارِیُ	سَیِّدُ	وَافِیُ	مُجْتَهِدُ
شَجَاعُ	اَمِیْرُ	صَائِمُ	کَامِلُ	عَزِیْزُ	مُصَلِّ	صَاحِبُ	عَافِیُ

فضائل اسماء صفات مشکل کشاء

کسی بھی مشکل یا پریشانی کے وقت دعائے نادعلیؑ کے بعد درج بالا اسماء کو 5 تسبیح یعنی ہر اسم کو 5 بار پڑھا جائے بعد از 5 بار دعا مانگی جائے۔

ان اسمائے صفات کا روزانہ ورد غموں، پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات دلاتا ہے۔

اختتام سال کی دعا

اَللّٰھُمَّ مَا عَمِلْتُ فِی السَّنَۃِ مِمَّا نَھَیْتَنِی عَنْہُ وَلَمْ اَتُبْ مِنْہُ وَ حَلِمْتَ فِیْھَا بَعْدَ قُدْرَتِکَ عَلٰی عُقُوْبَتِیْ وَ دَعَوْتَنِیْ اَلتَّوْبَۃَ مِنْ جَرَائِرِیْ عَلٰی بَعْدَ قُدْرَتِکَ عَلٰی عُقُوْبَتِیْ وَ دَعَوْتَنِیْ اَلتَّوْبَۃَ مِنْ جَرَائِرِیْ عَلٰی مَعْصِیَتِکَ فَاِنِّیْ اَسْتَغْفِرُکَ فَاغْفِرْلِیْ وَمَا عَمِلْتُ فِیْھَا تَرْضَاہُ وَعَدْتَنِیْ عَلَیْہِ الثَّوَابَ فَاَسْئَلُکَ اَنْ تَتَقَبَّلَہٗ مِنِّیْ وَلَا تَقْطَعْ وَجَائِیْ مِنْکَ یَا کَرِیْمُ۔

(ترجمہ) اے اللہ اس سال میں نے تیری جو نافرمانی کی اور ان بداعمالیوں سے اب تک توبہ نہ کی اس کے باوجود میرے قابل سزا ہونے پر بھی تیری رحمت فضل و کرم مجھ پر جاری رہا اور سب کچھ جانتے ہوئے بھی تو نے مجھے توبہ کی طرف مائل کیا اے اللہ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اے اللہ میں نے اس سال میں جتنے بھی نیک کام کئے تیری رضا کیلئے کئے اور جن پر تو نے انعام واکرام کا وعدہ فرمایا۔ اے اللہ میں تجھ سے دعا کرتا ہوں کہ اُن نیک اعمال کا بدلہ تو ہی دینے والا ہے اے کریم میری اس اُمید کو جو تیری ذات سے وابستہ ہے کبھی منقطع نہ کرنا۔

آغاز سال کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اِلَّا بَدِیْ اَلْقَدِیْمُ الْاَوَّلُ وَ عَلٰی فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ وَ کَرَمِ جُوْدِکَ الْمَرْزِلُ وَ ھٰذَا عَامٌ جَدِیْدٌ قَدْ اَقْبَلَ اَسْئَلُ الْعِصْمَۃَ فِیْہِ مِنَ الشَّیْطَانِ وَاَوْلِیَائِہٖ وَالْعَوْنَ عَلٰی ھٰذَا النَّفْسِ اَلْاَمَّارَۃِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالِ بِمَا یَمْتَرُ بُنِیْ اِلَیْکَ زُلْفٰی یَا ذَوَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

(ترجمہ) اے اللہ! آپ کی ذات ازلی ابدی اور اول ہے اپنے عظیم فضل قابل بھروسہ بخشش اور کرم کے ساتھ تو قائم ودائم ہے اے اللہ یہ نیا سال آن پہنچا ہے اس سال کے اندر شیطان اور اس کے مددگاروں سے مجھے نجات دلا اور برائیوں کے خلاف برانگیختہ کرنے والے اپنے اس نفس کے خلاف میری مدد فرما اور میری مدد فرما ایسے اعمال میں مشغولیت کی جو میرے مرتبہ کو آپ کی ذات کے قریب کر دے۔ اے اللہ بے شک تیری بزرگی اور کرم ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔

(نوٹ) ان دونوں دعاؤں کو اختتام سال اور آغاز سال سے قبل تین تین بار پڑھیں۔ ان بابرکت دعاؤں کی بدولت پورا سال پریشانی، مصیبت، آفات، بلیات اور دکھوں سے نجات ملتی ہے۔

دُعائے امام مُوسیٰ کاظمؑ

یَا سَامِعَ کُلِّ صَوْتٍ وَیَا سَابِقَ الْفَوْتِ وَیَا کَاسِیَ الْعِظَامِ لَحْمًا وَّمُنْشِزَھَا بَعْدَ الْمَوْتِ اِسْئَلُکَ بِاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی وَبِاَسْمِکَ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ اَلَّا عُظَمِ اَلَّا کُبَرِ الْمَحْزُوْنِ الْمَکْنُوْنِ الَّذِیْ لَمْ یَطَّلِعْ عَلَیْہِ اَحَدٌ مِّنَ الْمَخْلُوْقِیْنَ یَا حَلِیْمًا ذَا اَنَاۃٍ لَّا یُقْوِیْ عَلٰی اَنَاتِہٖ یَا ذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِیْ لَا یَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَا یُحْصٰی عَدَدًا فَرِّجْ عَنِّیْ۔

دعائے امام جعفر صادقؑ برائے حل المشکلات

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ اَخْشَاکَ کَاَنِّیْ اَرَاکَ وَاَسْعِدْنِیْ بِتَقْوٰیکَ وَلَا تُشْقِنِیْ بِنَشْطِیْ لِمَعَاصِیْکَ وَخِرْلِیْ فِیْ قَضَآئِکَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ قَدَرِکَ حَتّٰی لَآ اُحِبَّ تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ وَلَا تَعْجِیْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَاجْعَلْ غِنَایَ فِیْ نَفْسِیْ وَمَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَاجْعَلْھُمَا الْوَارِثَیْنِ مِنِّیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ وَاَرِنِیْ فِیْہِ قُدْرَتَکَ یَارَبِّ وَاَقِرَّ بِذٰلِکَ عَیْنِیْ

دعآ اسم اعظم

حضرت سید نا علی المرتضیٰؑ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا عَالِمَہُ الْخَفِیَّۃِ وَیَا مَنِ السَّمَآءُ بِقُدْرَتِہٖ مَبْنِیَّۃٌ وَّیَا مَنِ الْاَرْضُ بِعِزَّتِہٖ مَدْحِیَّۃٌ وَّیَا مَنِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِنُوْرِ جَلَالِہٖ وَّمُضِیْئَۃٌ وَّیَا مَنْ مُشْرِفَۃٌ وَّمُضِیْئَۃٌ وَّیَا مُقْبِلًا عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ مُّؤْمِنَۃٍ زَکِیَّۃٍ وَّیَا مُسْکِنَ رُعْبَ الْخَآئِفِیْنَ وَاَھْلَ التَّقِیَّۃِ یَا مَنْ حَوَآئِجُ الْخَلْقِ عِنْدَہٗ مَقْضِیَّۃٌ یَا مَنْ نَجّٰی یُوْسُفَ مِنْ رِقِّ الْعُبُوْدِیَّۃِ یَا مَنْ لَّیْسَ لَہٗ بَوَّابٌ یُّنَادِیْ وَلَا صَاحِبٌ یُّغْشٰی وَلَا وَزِیْرٌ یُّعْطٰی وَلَا غَیْرُہٗ رَبٌّ یُّدْعٰی وَلَا یَزْدَادُ عَلٰی کَثْرَۃِ الْحَوَآئِجِ اِلَّا کَرَمًا وَّجُوْدًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَعْطِنِیْ سُؤَالِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

کسی بھی شہر میں جنتری نہ ملنے کی صورت میں 0300-6368746 پر رابطہ کریں
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

دعائے حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہ

طالب دعا:۔ عامل زاہد حسین جعفری (ملتان) 0300-6159033

یہ دعا حضرت بی بی فاطمہ زہرا سیدہ نساء العالمین سے منسوب ہے تاجدار ولائت کے چوتھے امام حضرت امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں بروز عاشورہ یعنی 10 محرم الحرام کو میرے والد سردار کربلا سلطان کربلا نواب کربلا شہید کربلا سید الشہدا شہید ابن شہید شہید اعظم باب المراد باب شفاء باب الرحمت حضرت امام حسین علیہ السلام نے مجھے اپنے گلے سے لگایا جبکہ آپ زخموں سے چور چور تھے کثرت سے جسم سے خون بہہ رہا تھا فرمایا اے بیٹے فرزند رسولؐ میرا آخری وقت ہے۔ میں آپ کو وہ دعا اسم اعظم عطا کرتا ہوں جو میری والدہ ماجدہ حضرت بی بی فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہ نے عطا فرمائی تھی۔ انہیں ان کے بابا محسن انسانیت پیغمبر اعظم سرور کائنات حضرت محمد مصطفیٰ نے عطا فرمائی تھی یہ کلام دعا اسم اعظم انہیں خالق اکبر حل المشکلات خداوند قدوس نے عطا فرمائی تھی۔ جب سخت ترین مشکل حاجت یا مصیبت رنج و غم کے عالم میں ہوں اس دعا کو وسیلہ بنا کر پڑھو۔ آپ جب کسی مصیبت پریشانی میں مبتلا ہوں اور کوئی چارہ گر نہ ہو تو پھر اس دعا اسم اعظم کے ذریعے خداوند قدوس سے نذر و نیاز صدقہ دے کر خالق اکبر واھب عطایا سریع الرضا سے اپنی حاجت بیان کریں۔ بندہ ناچیز اس دعائے مقدس کی تاریخی حیثیت پر تو کچھ نہیں کہے گا البتہ اس دعا کے ظاہری و باطنی اسرار کی حقیقت سے انکار ناممکن ہے۔

دعا کے اول و آخر درود پاک پڑھیں اپنی پنجتن پاکؑ چہاردہ معصومینؑ اور خصوصاً امام زمانہ عجل اللہ فرجہٗ کے وسیلہ سے رزاق عالم کے حضور بیان فرمائیں۔ بندہ ناچیز خصوصاً بانی ادارہ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ☆ وَبِحَقِّ طٰہٰ وَالْقُرْاٰنِ
(اے اللہ) تجھے واسطہ یسن اور قرآن حکیم کا اور واسطہ طٰہٰ اور قرآن عظیم کا
الْعَظِیْمِ ☆ یَا مَنْ یَقْدِرُ عَلٰی حَوَائِجِ السَّآئِلِیْنَ ☆ یَا مَنْ یَعْلَمُ
اے سائلوں کی حاجتوں پر قدرت رکھنے والے ☆ اے وہ جو دلوں کے حالات کو جانتا ہے
مَا فِی الضَّمِیْرِ ☆ یَا مُنَفِّسَ عَنِ الْمَکْرُوْبِیْنَ ☆ یَا مُفَرِّجُ عَنِ
اے دور کرنے والے تمام بلاؤں کو ☆ اے غمزدہ لوگوں کو غم و ہم سے نجات دہندہ ☆
الْمَغْمُوْمِیْنَ ☆ یَا رَاحِمَ الشَّیْخِ الْکَبِیْرِ ☆ یَا رَازِقَ الطِّفْلِ
اے رحم کرنے والے بوڑھوں پر ☆ اے بچہ کو رزق پہنچانے والے (بطن مادر میں)
الصَّغِیْرِ ☆ یَا مَنْ لَا یَحْتَاجُ اِلَی التَّفْسِیْرِ ☆ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
اے وہ جو تفسیر و تفصیل کا محتاج ہے درود بھیجتا ہوں
وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ بِیْ ☆ (یہاں اپنی حاجت رب العزت سے طلب فرمائیں)
محمد و آل محمد پر اور آپ بھی اُن کی آل پر درود بھیجیں۔



حرز امام علیہ السلام

تحریر:۔ سید شبیہ الحسنین رضوی کاشانۂ الحسینی (کراچی)

تمام مومنین کو مولا اپنی حفاظت میں رکھے جو مشکلات و پریشانیوں میں مبتلا ہیں انہیں شہدائے کربلا کی پریشانیاں اور مشکلات یاد کرنی چاہیے اور جو بیمار ہیں انہیں بیمار کربلا کو نہیں بھولنا چاہیے۔ مولا ہم سب کی پریشانیاں بیماریاں تنگ دستیاں محمد وآل محمد کے طفیل دور فرمائے۔

جب امام علیہ السلام حمید بن قحطبہ کے محل میں تشریف لے گئے تو وہاں اپنا لباس اتارا اور حمید کے حوالے کیا۔ حمید نے وہ لباس اپنی لونڈی کو دے دیا کہ اسے دھوئے تھوڑی دیر کے بعد وہ واپس آئی جبکہ اس کے ہاتھ میں ایک رقعہ تھا جو اس نے حمید کو دیا اور کہا یہ رقعہ میں نے ابوالحسن علیہ السلام کے گریبان سے نکالا ہے۔ اس پر حمید نے آں جناب سے کہا قربان جاؤں! اس لونڈی کو آپ کے لباس میں سے ایک رقعہ ملا ہے! آپ نے فرمایا یہ وہ حرز ہے جسے میں ہمیشہ اپنے پاس رکھتا ہوں۔ حمید نے عرض کیا کیا ممکن ہے کہ آپ ہمیں بھی اس سے شرف عطا فرمائیں۔ حضرت نے فرمایا یہ وہ حرز ہے کہ جو شخص اسے اپنے گریبان میں رکھے گا، بلائیں اُس سے دور ہو جائیں گی۔ یہ حرز راندے ہوئے شیطان سے بچانے والا ہے۔ پھر آپ نے حمید کے سامنے اس حرز کو پڑھا اور وہ حرز یہ ہے:

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْکَ اِنْ کُنْتَ تَقِیًّا اَوْ غَیْرَ تَقِیٍّ اَخَذْتُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعِ الْبَصِیْرِ عَلٰی سَمْعِکَ وَبَصَرِکَ لَا سُلْطَانَ لَکَ عَلَیَّ وَلَا عَلٰی سَمْعِیْ وَلَا عَلٰی بَصَرِیْ وَلَا عَلٰی شَعْرِیْ وَلَا عَلٰی بَشَرِیْ وَلَا عَلٰی لَحْمِیْ وَعَلَا عَلٰی دَمِیْ وَلَا عَلٰی مُخِّیْ وَلَا عَلٰی عَصَبِیْ وَلَا عَلٰی عِظَامِیْ وَعَلَا عَلٰی مَالِیْ وَلَا عَلٰی مَا رَزَقَنِیْ رَبِّیْ سَتَرْتُ بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ بِسِتْرِ النُّبُوَّةِ الَّذِیْ اسْتَتَرَ اَنْبِیَآءُ اللّٰهِ بِهٖ مِنْ سَطَوَاتِ الْجَبَابِرَةِ وَالْفَرَاعِنَةِ جِبْرَآئِیْلُ عَنْ یَّمِیْنِیْ وَ مِیْکَآئِیْلُ عَنْ یَّسَارِیْ وَ اِسْرَافِیْلُ عَنْ وَّرَآئِیْ وَمُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ اَمَامِیْ وَاللّٰهُ مُطَّلِعٌ عَلَیَّ یَمْنَعُکَ مِنِّیْ وَیَمْنَعُ الشَّیْطَانَ مِنِّیْ اَللّٰهُمَّ لَا یَغْلِبُ جَهْلُکَ اَنَاتَکَ اَنْ یَّسْتَفِزَّنِیْ وَیَسْتَخِفَّنِیْ اَللّٰهُمَّ اِلَیْکَ التَّجَاُ اَللّٰهُمَّ اِلَیْکَ التَّجَاُ اَللّٰهُمَّ اِلَیْکَ التَّجَاُ ."

ترجمہ: "اللہ کے نام سے جو بڑا رحم والا مہربان ہے اللہ کے نام سے بے شک میں تجھ سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں اگر تو پرہیزگار ہے یا پرہیزگار نہیں ہے میں نے سننے دیکھنے والے اللہ کے ذریعے سے تیرے کانوں اور آنکھوں کو باندھ دیا ہے اب نہ مجھ پر تیرا کوئی بس ہے نہ میرے کانوں پر نہ میری آنکھوں پر نہ میرے بالوں پر نہ میرے پوست پر نہ میرے گوشت پر اور نہ میرے خون پر نہ میرے مغز پر نہ میرے پٹھوں پر اور نہ میری ہڈیوں پر تیرا بس ہے نہ میرے مال پر اور نہ میرے رب کی دی ہوئی چیزوں پر تیرا کوئی بس ہے میں نے پردہ ڈال دیا اپنے اور تیرے درمیان نبوت کے پردے سے جس سے اللہ کے نبیوں نے خود کو ڈھانپا تھا سخت گیروں اور فرعونوں کے حملوں سے چنانچہ جبرائیل میری داہنی طرف میکائیل میری بائیں طرف اسرافیل میری پچھلی طرف اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے آگے ہیں اللہ میرا نگہدار ہے وہ مجھے تجھ سے دور کرے گا اور شیطان کو مجھ سے ہٹائے گا اے معبود! اس کی نادانی تیرے حوصلے پر غالب نہ ہو کہ وہ مجھ پر چڑھ آئے اور مجھے خوار کرے اے معبود میں تیری پناہ میں ہوں اے معبود میں تیری پناہ میں ہوں اے معبود میں تیری پناہ میں ہوں۔

اس حرز کیلئے ایک عجیب حکایت بیان کی گئی ہے۔ جسے ابوصلت ہروی نے نقل کیا ہے۔ ابوصلت کہتے ہیں کہ میرے مولا امام علی رضا ایک روز اپنے مکان پر تشریف رکھتے تھے کہ اتنے میں خلیفہ مامون کا قاصد آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ خلیفہ آپ کو بلا رہے۔ امام اُٹھے اور مجھ سے فرمایا کہ اس وقت وہ مجھے ایک سخت اُمر کے لئے بلوا رہا ہے لیکن قسم بخدا کہ وہ مجھے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا بوجہ ان کلمات کے جو مجھے میرے جدّ بزرگوار حضرت رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے ملے ہیں۔ ابوصلت کا بیان ہے کہ امام کے ساتھ میں بھی خلیفہ مامون کے پاس گیا۔ جب حضرت کی نگاہ مامون پر پڑی تو آپ نے یہ حرز تا آخر پڑھا۔ پس جب آپ کے سامنے جا کھڑے ہوئے تو مامون نے آپ کی طرف دیکھ کر کہا ابوالحسن! میں نے اپنے لوگوں کو حکم دیا ہے کہ وہ آپ کو ایک لاکھ درہم دیں اور آپ اپنی مزید ضروریات بھی لکھ دیں۔ پھر جب امام واپس ہوئے تو مامون نے آپ کے پس گردن نگاہ ڈالی اور کہا میں نے ارادہ کیا اور خدا نے بھی ارادہ کیا۔ تاہم خدا کا ارادہ بہت بہتر تھا۔

حسینیہ بک شاپ گلی امام بارگاہ خان بیلہ تحصیل لیاقت پور رحیم یار خان
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

زیارت قبور مؤمنین

تحریر:۔ علامہ سبط حسن جعفری (کوئٹہ)

شیخ جلیل وثقہ جعفر بن قولویہؒ نے عمرو بن عثمان رازی سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا! میں نے امام موسیٰ کاظمؑ سے سنا ہے کہ جو شخص ہماری زیارت کرنے سے قاصر ہو تو وہ ہمارے شیعوں میں سے صالح مومنوں کی زیارت کرے۔ پس اس کے لئے وہی ثواب ہوگا جو ہماری زیارت کا ثواب ہے جو شخص ہمارے ساتھ صلہ و نیکی کرنے کی قدرت نہ رکھتا ہو تو وہ ہمارے محب نیکوکار انسانوں کے ساتھ صلہ و نیکی کرے تاکہ اس کو وہی ثواب ملے جو ہمارے ساتھ صلہ و نیکی کرنے پر ملتا ہے۔ انہوں نے صحیح سند کے ساتھ محمد بن احمد بن یحییٰ اشعری سے یہ روایت بھی کی ہے کہ انہوں نے بیان کیا میں علی بن بلال کے ہمراہ راہ مکہ میں واقع مقام فید پر گیا اور ہم دونوں محمد بن اسماعیل بزیع کی قبر پہنچے تب علی بن بلال نے مجھے کہا کہ انہیں صاحب قبر نے مجھ سے امام علی رضا علیہ کا فرمان نقل کیا تھا کہ جو شخص اپنے مؤمن بھائی کی قبر پر آئے اور اس کی قبر پر ہاتھ رکھ کر سات بار سورۃ انا انزلنا پڑھے تو وہ قیامت بڑے خوف (فزع اکبر) سے بچا رہے گا ایک روایت میں بھی یہی طریقہ نقل ہوا ہے۔ مگر اس میں یہ بات زائد ہے کہ وہ شخص قبر پر ہاتھ رکھے ہوئے قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے۔

مؤلف کہتے ہیں، فزع اکبر سے محفوظ رہنے کا جو ذکر روایت میں ہے شاید اس میں وہ سُورہ کی تلاوت کرنے والا شخص مراد ہے اور روایت کا ظاہر بھی یہی ہے تاہم یہ احتمال بھی ہے کہ اس سے وہ صاحب قبر مراد ہو جیسا کہ وہ حدیث اس کی تائید کرتی ہے جو سید بن طاؤسؒ نے نقل کی ہے۔ کامل الزیارات میں معتبر سند کے ساتھ منقول کہ عبدالسبحان بن ابی عبداللہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی کہ میں مؤمنین کی قبروں پر ہاتھ کس طرح رکھوں تو آپ نے اپنے ہاتھ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اسے زمین پر رکھا۔ جبکہ آپ قبلہ کی طرف رخ کئے ہوئے تھے صحیح سند کے ساتھ مروی ہے کہ عبداللہ بن سنان نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی کہ مومنوں کی قبروں پر سلام کس طرح کرنا چاہئے تو حضرت نے فرمایا کہ یوں کہا کرو

" اَلسَّلَامُ عَلٰی اَھْلِ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَّ نَحْنُ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَا حِقُوْنَ

ترجمہ: "سلام ہو اہل قبرستان میں سے مومنوں اور مسلمانوں پر آپ لوگ ہمارے پیش رو ہیں اور ان شاء اللہ ہم بھی آپ سے ملیں گے۔

امام حسین علیہ روایت ہے جو شخص قبرستان میں جائے وہ وہاں جا کر یہ کہے

" اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الْاَرْوَاحِ الْفَانِیَۃِ وَالْاَجْسَادِ الْبَالِیَۃِ وَالْعِظَامِ النَّاخِرَۃِ الَّتِیْ خَرَجَتْ مِنَ الدُّنْیَا وَھِیَ بِکَ مُؤْمِنَۃٌ اَدْخِلْ عَلَیْھِمْ رَوْحًا مِّنْکَ وَسَلَامًا مِّنِّیْ "

ترجمہ: "اے معبود! تو ہی پروردگار ہے ان گذری ہوئی روحوں کا ان بوسیدہ جسموں کا اور ان گلی ہوئی ہڈیوں کا جو دنیا سے باہر نکل چکی ہیں لیکن یہ چیزیں تجھ پر ایمان رکھتی ہیں ان کو اپنی طرف سے آسائش دے اور میرا اسلام پہنچا۔"

حق تعالیٰ اس شخص کے آدم علیہ السلام سے قیامت تک کے انسانوں کی تعداد کے برابر نیکیاں لکھے گا۔ امیر المؤمنین سے منقول ہے کہ جب کوئی شخص قبرستان میں جائے تو یہ کہے۔

" بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَھْلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِنْ اَھْلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَا اَھْلَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کَیْفَ وَجَدْتُّمْ قَوْلَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِنْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِغْفِرْ لِمَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاحْشُرْنَا فِیْ زُمْرَۃِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَّلِیُّ اللّٰہِ.

ترجمہ: "اللہ کے نام سے شروع جو بڑا رحم والا مہربان ہے سلام ہو لا الہ الا اللہ پڑھنے والوں پر ان کا جو لا الہ الا اللہ پڑھتے ہیں اے لا الہ الا اللہ پر ایمان رکھنے والو بحق لا الہ الا اللہ کے ہمیں بتاؤ کہ تم نے عقیدہ لا الہ الا اللہ کس طرح حاصل کیا کلمہ لا الہ الا اللہ سے اے لا الہ الا اللہ والی ذات بحق لا الہ الا اللہ کے بخش دے ان کو جنہوں نے پڑھا لا الہ الا اللہ اور اٹھا ہمیں اس گروہ میں جنہوں نے پڑھا نہیں معبود سوائے اللہ کے محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں۔ علی اللہ تعالیٰ کے دوست ہیں۔"

پس حق تعالیٰ اس شخص کے لئے پچاس سال کی عبادت کا ثواب لکھے گا نیز اس کے اور اُس کے ماں باپ کے پچاس سال کے گناہ محو کر دے گا۔

قبرستان میں پڑھنے کیلئے بہتر کلام یہ ہے کہ جب وہاں سے گزرے تو کہے

" اَللّٰھُمَّ وَلِّھِمْ مَّا تَوَلَّوْا وَاحْشُرْھُمْ مَعَ مَنْ اَحَبُّوْا "

ترجمہ: "اے معبود! ان کے دوستوں کو دوست رکھ اور انہیں ان کے ساتھ اٹھا جن سے وہ محبت رکھتے تھے۔"

سید بن طاؤس نے مصباح الزائر میں فرمایا ہے۔ جب کوئی شخص قبور مومنین کی زیارت کا ارادہ کرے تو بہتر ہے کہ وہ جمعرات کا دن ہو، ان کی زیارت کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ قبلہ رُخ ہو کر قبر پر ہاتھ رکھے اور کہے۔

"اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ غُرْبَتَهٗ وَصِلْ وَحْدَتَهٗ وَ اٰنِسْ وَحْشَتَهٗ وَ اٰمِنْ رَوْعَتَهٗ وَ اَسْكِنْ اِلَيْهِ مِنْ رَّحْمَتِكَ رَحْمَةً يَّسْتَغْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ وَاَلْحِقْهُ بِمَنْ كَانَ يَتَوَلَّاهُ"

ترجمہ: "اے معبود! اس کی تنہائی پر رحم فرما بے کسی میں اس کے ساتھ رہ خوف میں اس کا ہمدم بن اسے ڈر سے امان دے اور اپنی رحمت کے سائے میں قرار دے ایسی رحمت جس سے وہ سوائے تیرے کسی رحمت کا محتاج نہ رہے اور اسے ان سے ملا دے جن کا وہ حب دار تھا۔"

اس کے بعد سات مرتبہ سورۃ انا انزلناہ پڑھے:

قبور مؤمنین کی زیارت اور اس کے ثواب میں فضیل سے ایک حدیث مروی ہے کہ جو شخص کسی مؤمن کی قبر پر سات بار سورۃ انا انزلناہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس قبر پر ایک فرشتے کو بھیجتا ہے جو اس کے قریب عبادت کرتا رہے۔ پس حق تعالیٰ اس فرشتے کی عبادت کا ثواب اس قبر میں مدفون انسان کے نام لکھے گا اور جب وہ قبر سے اٹھے گا تو قیامت کے ہول و خوف میں سے کوئی خوف اسے لاحق نہ ہوگا یہاں تک کہ اللہ اسے اس فرشتے کے عمل کی بدولت داخل جنت کردے گا۔ سات مرتبہ سورۃ انا انزلناہ پڑھنے کے بعد سورۂ حمد، سورۂ فلق، سورۂ الناس، سورۂ اخلاص اور آیت الکرسی میں سے ہر ایک تین تین مرتبہ پڑھے۔ نیز قبور مومنین کی زیارت کے بارے میں محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا! میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں گزارش کی کہ آیا ہم فوت شدگان کی زیارت کیا کریں؟ آپ نے فرمایا ہاں! تب میں نے کہا کہ کیا ان کو اس کی خبر بھی ہوتی ہے کہ ہم ان کی زیارت کرنے آئے ہیں؟ حضرت نے فرمایا! کہ بخدا ان کو اس کی خبر ہوتی ہے اور وہ اس سے خوش ہوتے ہیں اور وہ تم لوگوں کو پہچانتے ہیں، میں نے کہا کہ ہم ان کی زیارت کرتے وقت کیا پڑھیں، آپ نے فرمایا یہ دعا۔

"اَللّٰھُمَّ جَافِ الْاَرْضِ عَنْ جُنُوْبِهِمْ وَصَاعِدْ اِلَيْكَ اَرْوَاحَهُمْ وَلَقِّهِمْ مِنْكَ رِضْوَانًا وَاَسْكِنْ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّحْمَتِكَ مَا تَصِلُ بِهٖ وَحْشَتَهُمْ وَتُؤْنِسُ بِهٖ وَحْشَتَهُمْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ"

ترجمہ: "اے معبود! زمین کو اس کے کناروں تک خالی کردے۔ ان کی روحوں کو اپنی طرف بلند کر ان کو اپنی خوشنودی سے بہرہ ور فرما اور اپنی رحمت کو ان کے ساتھ کردے تا کہ تو ان کی تنہائی دور کرلے اور ان کے خوف کو دور کردے۔ بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔"

نظر بد جادو حسد
کاروباری بندش کا خاتمہ

ادارہ

ایسے افراد جو کہ نظر بد کا شکار ہوں یا جن پر جادو کے ذریعے کسی بھی قسم کی بندش کردی گئی ہو مثلاً شادی بیاہ نکاح اولاد کی بندش صحت کی بندش کردی گئی ہو تو اس عمل کے ذریعے ان بندشوں کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے مگر مثال کے طور پر میں صرف کاروباری بندش کے خاتمہ کا ذکر کرونگا۔ اس مثال کو سامنے رکھتے ہوئے اہل علم دیگر بندشوں کا بھی خاتمہ کرسکتے ہیں۔

ایسے افراد جن کے کاروبار میں بندش ہوگا ہک متوجہ نہ ہوتا ہو حسد یا نظر بدگی ہوا نہیں چاہیے کہ صبح گھر نکلنے سے قبل با آواز السلام علیکم " کر کے گھر سے نکلیں۔ رستہ میں درود پاک کا ورد کرتے ہوئے جائیں۔ بازار سے 3 عدد لیموں خریدیں۔ دوکان کے اگر 2 تالے ہیں تو ایک تالہ کھولنے سے قبل سورۃ الفلق کا ورد کریں دوسرا تالا کھولنے سے قبل سورۃ الناس کا ورد کریں اللہ اکبر کہہ کر دوکان کا شٹر گیٹ اونچا کریں۔ سیدھا قدم دوکان میں رکھتے ہوئے الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کہیں۔ خریدے گئے تینوں لیموں میں سے ایک لیموں پر سورۃ الفلق تکبیر کے ساتھ پڑھ کر تیز دھار چھری کے ساتھ دو ٹکڑے کردیں پھر سورۃ الناس پڑھتے ہوئے اسی لیموں کو چار ٹکڑے کردیں اس طرح تینوں لیموں کاٹ کر دوکان سے باہر پھینک دیں۔ دوکان کی صفائی کریں اور اگربتی سلگائیں۔ موبائل فون میں سورۃ مزمل مع ترجمہ ڈاؤن لوڈ کریں کم از کم 15 سے 20 منٹ اس تلاوت روزانہ سُنیں ان شاء اللہ ہر قسم کی بندش کا خاتمہ ہوگا۔

لیموں کاٹنے کا عمل تین روز کرنا ہے اور اگر یہی عمل ہر چاند کے پہلے منگل سے جمعرات تک کریں تو خیر و برکت زیادہ ہوگی لیکن سورۃ مزمل کی تلاوت اور دیگر طریقہ کار یعنی گھر سے نکلتے وقت سلام، رستہ میں درود، دوکان کے ایک تالا پر سورۃ الفلق دوسرا پر سورۃ الناس پڑھ کر پھونکنا، شٹر گیٹ اُٹھاتے ہوئے اللہ اکبر پڑھنا، دوکان میں داخل ہوتے وقت دائیاں پاؤں پہلے رکھتے ہوئے الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ با آواز کہنا، سورۃ مزمل کی تلاوت صفائی کے فوراً بعد سننا اور اسی دوران اگربتی سلگانا۔ اپنا معمول بنا لیں تو یقیناً خیر و برکت ہمیشہ رہیگی۔ مزید روحانی فیض حاصل کرنا ہو تو سورۃ مزمل کا فریم دوکان میں آویزاں کریں۔

صحیح حدیث مبارکہ ہے کہ گھر میں داخل ہونے سے قبل سلام کریں۔ فرمایا کہ اگر گھر میں کوئی نہ ہو تو مجھے سلام کریں، نبی کریمؐ نے فرمایا کہ اگر گھر میں کوئی نہ ہو تو مجھے سلام کریں۔

المنتظر بک ڈپو اینڈ سٹینشری ہاوس بلتستان

ہر نماز کی مخصوص تعقیبات

تحریر
عصمت اللہ حیدری
(راولپنڈی)

محترم دوستو نئے سال کی ابتداء پر آپ کیلئے خاص روحانی تعقیبات نماز کے ساتھ حاضر ہوں ان شاء اللہ پسند آئینگے۔

جاننا چاہئے کہ نماز فجر کی تعقیبات دیگر تمام نمازوں کی بہ نسبت زیادہ ہیں اور اس نماز کی خصوصی فضیلت کے بارے میں بہت سی احادیث وارد ہوئی ہیں۔ حضرت امیر المومنین سے منقول ہے کہ تلاشِ رزق میں روئے زمین پر سفر کرنے کے مقابل نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب تک ذکر الٰہی میں مشغول رہنا زیادہ کامل ہے۔ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک اپنے مصلے پر بیٹھ کر تعقیبات میں مشغول رہے تو خدائے تعالیٰ اسے آتشِ جہنم سے محفوظ رکھے گا۔ امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ شیطان اپنے دن کے لشکر کو طلوع صبح صادق سے طلوع آفتاب تک اور اپنے رات کے لشکر کو غروب آفتاب سے سرخی زائل ہونے تک زمین پر پھیلا دیتا ہے۔ لہٰذا ان دو ساعتوں میں خدا کو بہت یاد کرو کہ ان دو وقتوں میں شیطان انسانوں کو غافل کر دیتا ہے، صحیح سند کے ساتھ منقول ہے کہ خراسان میں امام علی رضا جب نماز پڑھتے ہیں تو طلوع آفتاب تک اپنے مصلے پر بیٹھ کر تعقیبات میں مشغول رہتے تھے۔ بعدہٗ ایک تھیلی آپ کے پاس لائی جاتی جس میں مسواک ہوتے اور ان میں سے ایک ایک مسواک استعمال فرماتے تھے۔ پھر آپ تھوڑا سا کندر چباتے اور اس کے بعد قرآن مجید لے کر تلاوت میں لگ جاتے۔ حضرت رسول خدا سے منقول ہے کہ جو شخص طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک تعقیبات میں مشغول رہے تو خدائے تعالیٰ اس کے لئے حج کا ثواب لکھ دیتا ہے۔ حدیث قدسی میں ہے کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے: اے فرزند آدم! تو مجھے بعد صبح ایک ساعت اور بعد عصر ایک ساعت تک یاد کیا کرتا کہ میں تیری مشکلیں آسان اور حاجتیں پوری کردوں۔ نماز فجر کی بعض مخصوص تعقیبات یہ ہیں۔

(۱) ابن بابویہ نے معتبر سند کے ساتھ امام محمد باقر سے روایت کی ہے کہ: جو شخص نماز فجر کے بعد ستر مرتبہ

"اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ"

ترجمہ: "اپنے رب (اللہ تعالیٰ) سے بخشش مانگتا اور توبہ کرتا ہوں"

کہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ستر ہزار گناہ معاف کر دیتا ہے۔ ایک اور روایت کے مطابق سات سو گناہ معاف کر دیتا ہے۔

(۲) ابن بابویہ نے صحیح اور معتبر اسناد کے ساتھ حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص نماز فجر کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد) پڑھے تو شیطان کی چاہت کے برخلاف اس دن میں اس کا کوئی گناہ نہیں لکھا جائے گا۔ بلد الامین میں حضرت رسو خدا سے روایت ہے کہ جو شخص روزانہ دس مرتبہ سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد) پڑھے تو اس دن اس کے گناہ نہیں لکھے جائیں گے ہر چند کہ شیطان اس بارے میں کتنی ہی کوشش کرے۔

(۳) شیخ کلینی نے صحیح سند کے ساتھ امام جعفر صادق سے روایت کی ہے کہ جو شخص نماز فجر کے بعد ایک سو مرتبہ

"مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ"

ترجمہ: "جو اللہ چاہے وہی ہوتا ہے نہیں کوئی حرکت وقوت مگر وہ خدائے بلند و بزرگ سے ہے۔"

درج بالا تعقیبات پڑھے تو اس روز اسے کوئی ناگوار امر درپیش نہیں ہوگا، شیخ طوسی اور دیگر علماء نے بھی دعاؤں کی کتابوں میں اس کا ذکر کیا ہے۔

(۴) کفعمی اور دیگر علماء نے امام محمد باقر سے روایت کی ہے کہ جو شخص نماز فجر کے بعد دس مرتبہ زوال آفتاب کے بعد وقت دس مرتبہ اور بعد از عصر دس مرتبہ سورۂ "القدر" (انا انزلناہ فی لیلۃ القدر) پڑھے تو اس کا ثواب لکھنے کے لئے دو ہزار لکھنے والے تیس سال تک مشقت میں پڑے رہیں گے۔ نیز آنجناب ہی سے مروی ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو طلوع فجر کے بعد سات مرتبہ پڑھے تو اس کے لئے فرشتوں کی ستر صفیں ستر دفعہ صلوات پڑھتی ہیں اور ستر دفعہ اس کے لئے رحمت طلب کرتی ہیں۔ امام محمد تقی سے اس شخص کے لئے بہت زیادہ ثواب منقول ہے جو دن رات میں چھ مرتبہ سورۂ "القدر" (انا انزلناہ فی لیلۃ القدر) پڑھے اور اس کی ترتیب یوں ہے: طلوع فجر کے بعد اور نماز فجر سے پہلے سات مرتبہ، نماز فجر کے بعد دس مرتبہ۔ زوال آفتاب کے بعد اور نافلہ ظہر سے پہلے دس مرتبہ، نافلہ ظہر کے بعد اکیس مرتبہ، نماز عصر

ہاشمی بک ڈپو مظفر آباد آزاد کشمیر

کے بعد دس مرتبہ، نماز عشاء کے بعد سات مرتبہ اور سونے کے وقت گیارہ مرتبہ۔ اس کے جملہ ثواب میں سے یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہزار فرشتے خلق فرماتا ہے جو اس شخص کے لئے چھتیس ہزار سال تک اس عمل کا ثواب لکھتے رہتے ہیں۔

(۵) ابن بابویہؒ اور دیگر علماء نے معتبر سند کے ساتھ امام محمد باقر علیہ سے روایت کی ہے کہ جو شخص ہر روز نماز فجر کے بعد دس مرتبہ

" سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ "

ترجمہ" پاک ہے بزرگ اللہ اسی کے لئے حمد ہے اور نہیں کوئی حرکت و قوت مگر جو بلند و بزرگ تر اللہ ہے"

کہے تو حق تعالیٰ اس کو عافیت عطا فرمائے گا یعنی اسے دیوانگی اللہ تعالیٰ سے ہے۔

برص، جذام، پریشانی، چھت تلے دبنے اور بڑھاپے کی فضول گوئی سے بچائے گا۔

(۶) بلد الامین حضرت امیر المومنین سے مروی ہے کہ حضرت رسول خدا (ﷺ) نے فرمایا جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی موت میں ڈھیل دے، دشمنوں پر غلبہ عطا کرے اور بدتر موت سے بچائے تو اسے صبح و شام پر پابندی کے ساتھ یہ دعا پڑھنا چاہئے اور وہ اس طرح کہ تین مرتبہ کہے:

" سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَ الْمِيْزَانِ وَ مُنْتَهَى الْعِلْمِ وَ مَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَسَعَةَ الْكُرْسِيِّ (تین مرتبہ کہے) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْأَ الْمِيْزَانِ وَ مُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَسَعَةَ الْكُرْسِيِّ (تین مرتبے کہے) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِلْأَ الْمِيْزَانِ وَ مُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَسَعَةَ الْكُرْسِيِّ (تین مرتبہ کہے) : اَللّٰهُ اَكْبَرُ مِلْأَ الْمِيْزَانِ وَ مُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَسَعَةَ الْكُرْسِيِّ.

ترجمہ:" اللہ پاک ہے جو بہترین وزن کرنے والا علم و دانش کا مرکز رضاؤں کی حد عرش کا وزن اور کرسی کی وسعت ہے۔ حمد اللہ کے لئے ہے جو بہترین وزن کرنے والا علم و دانش کا مرکز اور رضاؤں کی حد عرش کا وزن اور کرسی کی وسعت ہے۔ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے وہ بہترین وزن کرنے والا علم و دانش کا مرکز رضاؤں کی حد عرش کا وزن اور کرسی کی وسعت ہے اللہ بزرگ تر ہے وہ بہترین وزن کرنے والا علم و دانش کا مرکز رضاؤں کی حد عرش کا وزن اور کرسی کی وسعت ہے۔

(۷) سید بن طاؤسؒ نے معتبر سند کے ساتھ امام علی رضا سے روایت کی ہے کہ جو شخص نماز فجر کے بعد سو مرتبہ یہ پڑھے:

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ "

ترجمہ:" اللہ کے نام سے جو بڑا رحم کرنے والا مہربان ہے نہیں کوئی حرکت و قوت مگر جو اللہ بلند و بزرگ سے ہے"۔

تو اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کے اتنا قریب پہنچ جائے گا کہ آنکھ کی سیاہی اس کی سفیدی کے اتنی قریب نہیں ہے۔ معتبر اسناد کے ساتھ امام جعفر صادق علیہ السلام اور امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص فجر اور مغرب کی نماز کے بعد کسی سے بات کرنے اور اپنی جگہ سے حرکت کرنے سے پہلے یہ دعا ستر مرتبہ پڑھے تو ستر قسم کی بلائیں اس سے دور ہو جائیں گی جن میں کم سے کم یہ ہے کہ وہ برص، جذام، شر شیطان اور شر حاکم سے محفوظ رہے گا۔ بعض روایات میں اسے پڑھنے کی تعداد تین مرتبہ اور بعض میں دس مرتبہ بتائی گئی ہے گویا کم از کم تعداد تین مرتبہ اور زیادہ سے زیادہ سو مرتبہ ہے تاہم جتنا زیادہ مرتبہ پڑھے اتنا ہی زیادہ ثواب حاصل کرے گا۔"

(۸) شیخ احمد بن فہد اور دیگر علماء نے روایت کی ہے کہ ایک شخص امام موسیٰ کاظم کی خدمت میں آیا اور شکایت کی کہ میرا کاروبار بند ہو چکا ہے جدھر کا رُخ کرتا ہوں ناکام رہتا ہوں اور جو حاجت پیش آتی ہے وہ پوری نہیں ہوتی۔ اس پر حضرت نے فرمایا کہ نماز فجر کے بعد دس مرتبہ یہ پڑھے:

"سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَسْئَلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ "

ترجمہ:" پاک ہے اللہ تعالیٰ بزرگ و برتر اپنی حمد اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور اس کا فضل چاہتا ہوں"۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے تھوڑے ہی عرصہ تک یہ دعا پابندی کے ساتھ پڑھی تھی کہ کچھ لوگ کسی گاؤں سے آئے اور کہنے لگے کہ تمہارا ایک رشتہ دار فوت ہو گیا ہے اور سوائے تمہارے اس کا کوئی وارث نہیں ہے۔ پس اس طرح مجھ کو بہت سا مال و زر مل گیا اور اب میں کسی کا محتاج نہیں ہوں۔ کافی اور مکارم میں روایت ہوئی ہے کہ بلقام نامی ایک شخص حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: مجھے کوئی ایسی دُعا تعلیم فرمائیں جو میری دُنیا اور آخرت کے لئے جامع و یکساں مفید ہو اور آسان بھی۔ حضرت نے اسے یہی مذکورہ بالا دُعا تعلیم فرمائی اور کہا کہ اسے نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب تک پڑھا کرو، اس نے یہ دعا پابندی کے ساتھ پڑھنا شروع کر دی تو اس کے حالات بہتر ہو گئے۔

محمدیہ بک سنٹر کاظمیہ چوک ڈاکخانہ شاہ پور تحصیل کروڑ ضلع لیہ
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

عملیات سورۃ مزمل

تحریر:- زوار حکیم محمد ابصار حیدر حیدری مطب، زرنال ہاؤس سلطان روڈ تلہ گنگ 0306-5286954

محترم قارئین کرام: السلام علیکم، طالب خیریت

خالق اکبر اللہ تعالیٰ کا انتہائی شکر گزار ہوں جنہوں نے ''محمد (ﷺ) و آل محمد (ﷺ)'' کی کرم نوازی سے سانسوں کی حسین تسبیح دے کر بذریعہ تحریر آپ سے مخاطب کروایا۔

میرے انتہائی محترم واجب القدر استاد جناب محترم ماہر روحانیات ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی اس عظیم کاوش جو کہ جعفریہ جنتری کی شکل میں روحانی تحائف اور درست تقویم سے بھرپور ہے ہر دکھی انسان کے مسائل کے حل کے لئے بہترین اور انمول تحفہ ہے اس نایاب کاوش میں ''سورۃ مزمل'' کے چند عملیات اور سورۃ مزمل سے منسلک کلام اور دوسری چند سورتوں اور آیتوں کے مجموعہ تعویزات پیش کر رہا ہوں ان سے استفادہ حاصل کر کے میرے انتہائی دلعزیز ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور بندہ ناچیز کے حق میں دعا فرمائیں شکریہ۔

زکات سورۃ مزمل

سورۃ مزمل اور قرآن مجید کی دوسری تمام سورتوں اور آیتوں سمیت مختلف اطرائق زکوٰۃ سینہ بہ سینہ اور کتابوں میں تحریر ہیں۔ ایک طریقہ جو کہ زکوٰۃ سے منسوب ہے ملاحظہ فرمائیں۔

(فضائل): ویسے تو سورۃ مزمل کے ہزارہا فضائل اور فوائد ہیں ان میں سے چند پر تحریر کرتا ہوں، رزق کی بندش اور فراوانی کے لئے، جادو اور نحوست کے مکمل خاتمہ کے لئے، قرب الٰہی کے لئے نایاب اور ہر روحانی و جسمانی بیماری کے حل اور شفاء کے لئے انمول تحفہ۔

عمل نمبر 1:- نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء عطر خالص گلاب اور عطر عود سفید رنگ کا جوڑا زیب تن کر کے لگائیں اور بالکل سیاہ رنگ کے کپڑے سے سر اور کندھوں کو ڈھانپیں، ہاتھ کی شہادت اُنگلی سے نادعلی اور آیت الکرسی کا اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکیس مرتبہ ورد بجالا کر خود کو حصار کر لیں۔ اس کے بعد 41 مرتبہ سورۃ مزمل اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا شروع کریں۔ یاد رہے یہ عمل باطنی ہے ظاہری نہیں، حصار کرنے کے بعد اپنی نیت بھی کر سکتے ہیں کہ میں خوشنودی خالق اکبر و چہاردہ معصومین علیہ السلام اور خدمت خلق کے لئے سورۃ مزمل کا عمل کرتا ہوں، مندرجہ بالا طریقہ سے سورۃ مزمل 41 دن یا 21 دن وقت مخصوصہ پر اکیلے کمرے میں بجا لیں۔ اس عمل کے دوران کچا پیاز، بڑا گوشت، لہسن وغیرہ نہ کھائیں۔ با اَمر مجبوری اگر کھانا پڑ جائے تو درود ابراہیمی کی تلاوت کرتے رہیں کسی بھی نیاز کی صورت میں عمل کے دوران کھا سکتے ہیں۔ چغلی، غیبت اور حرام چیزوں سے مکمل پرہیز رکھیں، جیسے زنا، شراب اور اس کے علاوہ گناہ کبیرہ و صغیرہ سے مکمل اجتناب کریں۔

طریقہ زکات: ۔41 دن گزرنے کے بعد اللہ تعالیٰ اور ''محمد (ﷺ) و آل محمد (ﷺ)'' کے نام کی نیاز تقسیم کریں جو کہ ہر خاص و عام نوش کر سکتا ہے۔ دوسری نیاز خاص سورۃ مزمل کے مؤکلات کے نام کی تقسیم کریں جو کہ صرف اور صرف عامل کے اہل خانہ یعنی وہ افراد جو کہ عامل کے گھر میں رہتے ہیں۔

عمل نمبر 2:- 7 چم چم لڈو، 2 گلاب کے ہار، 7 رنگ کی مٹھائی، دودھ اور پانی کا ایک ایک گلاس لے کر اُس پر مندرجہ ذیل پڑھائی کریں۔ 21 مرتبہ اوّل و آخر 11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک پاک صاف کاغذ پر مشک و زعفران سے سورۃ مزمل لکھ لیں لکھی گئی سورہ مزمل گھی شکر سے بنے ہوئے حلوہ (یا) گندم کے پیڑے میں ڈال کر رکھ دیں۔ اس پیڑے پر 41 مرتبہ سورۃ مزمل پڑھیں، یہ عمل کرنے کے بعد آپ کسی دریا، نہر یا ڈیم پر چلے جائیں اور جاتے وقت 41 مرتبہ نادِ علیؑ کا خود کو حصار کر لیں، یعنی نادِ علیؑ 41 مرتبہ پڑھ کر خود کو حصار کریں۔ پانی کے پاس جا کر یہ پڑھائی جس کا اُوپر ذکر کیا گیا ہے، 21 مرتبہ پڑھیں، پانی پر یہ چیزیں بھی ساتھ لے کر جائیں۔ ''پڑھائی یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحمن

اَستا خضرؑ، مَستا خضر تروڑے کفر چلاوے رست جل میں خواجہ سمری، تھل میں سَرو پیر بندی بند چھڑاوے

پیر میرا محی الدین میں غلام تمھارا خواجہ خضرؑ جی،
آپ کرو کام ھمارا کرنا ضرورواسطے خدا بحق محمد صلی اللہ علیہ وسلم و آل محمدؐ۔

یہ پڑھائی کرنے کے بعد دل میں کہیں یا خواجہ خضرؑ زندہ پیر مدد میری پانچ پیر میرا سورۃ مزمل کا عمل ہر روحانی جسمانی تکلیف پر چلے، بحق پیر مولا علیؑ دستگیر اس کے بعد 41 مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دُعا مانگ کر گھر واپس آنے سے پہلے نیاز جو کہ 7 چم چم لڈو، 2 گلاب کے ہار، 7 رنگ کی مٹھائی، دودھ اور پانی آپ نے رکھا تھا وہ اُسی پانی میں بہا دیں اور السلام علیکم کہہ کر گھر واپس آجائیں۔ گھر آنے کے بعد نمازِ عشاء کے بعد 2 رکعت نماز نفل شکرانہ اللہ تعالیٰ اور ''محمد (ﷺ) و آل محمد (ﷺ)'' کے بجالا کر 41 مرتبہ سورۃ مزمل اوّل و آخر 11، 11 مرتبہ درود شریف کا ہدیہ ''محمد (ﷺ) و آل محمد (ﷺ)'' کو پیش کریں۔ بعد تکمیل وظیفہ تاحیات روزانہ 7 مرتبہ سورۃ مزمل کا ورد لازماً کریں، صرف اور صرف ایک دن کا عمل ہے، مجذوب فقیر کی عطا ہے۔ بہت ہی کارآمد عمل ہے۔ آزما کر دیکھیں۔

نوٹ: متذکرہ بالا روحانی عمل کرنے والا انسان اگر زندگی میں کالے علم کا کوئی بھی عمل یا تعویز استعمال کرے گا تو اس وظیفہ کی قوت اس سے ختم ہو جائے گی۔ خاص دھیان رکھیں۔ یہ عمل کرنے والا سورۃ مزمل اور سورۃ مزمل کے حوالہ سے تمام تعویزات اور اوراد عامل استعمال کر سکتا ہے۔

(نوٹ): یہ وظیفہ قمر در عقرب یا شمس و قمر گرہن میں کریں تو اور بھی زیادہ اثرات ظاہر ہوں گے۔ آخر میں دعا ہے استادِ محترم ماہر روحانیات ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی بہترین کاوش خالق اکبر بحق ''محمد (ﷺ) و آل محمد (ﷺ)'' قبول فرمائے۔ آپ کی تحریر کردہ کتاب **تجلیات مزمل** اُن کیلئے اور ہمارے لئے توشہ آخرت بنے۔

لڑکا شادی نہ کرے تو؟

ہمارے معاشرہ میں اکثر اوقات لڑکے کا نکاح دو یا تین سال پہلے کر کے لڑکے کو باہر ملک کمائی کیلئے بھیج دیا جاتا ہے اور رخصتی دو، تین سال بعد کی جاتی ہے۔ یہ بات کئی بار میرے تجربہ میں آئی کہ لڑکے باہر ملک جانے کے بعد اپنی منکوحہ سے شادی کرنے سے انکاری ہو جاتے ہیں اور والدین کے بارہا کہنے کے باوجود بھی لڑکا وطن واپس نہیں آتا۔ لڑکے کو وطن واپس بلانے کیلئے مندرجہ ذیل 3 بتیاں سعد ساعت میں لکھیں۔

۱۳۴	۰۷۴	۷۴۰	۸۱۳
۴۱۳	۴۰۷	۱۸۳	۳۱۸
۳۴۱	۳۱۸	۸۱۳	۱۳۸

ترکیب: ۔ بروز بدھ رات 8 بجے ایک بتی جلائیں اور مطلوب کی تصویر کو دُھواں دیں، اور اُس پہلی بتی کی راکھ کو سنبھال کر رکھ لیں۔ دوسرے اور تیسرے بدھ بھی بالترتیب یہ ہی عمل کریں۔ 3 بدھ گزرنے کے بعد 22 دن بروز جمعرات ساعت مشتری میں 3 لیموں لے کر اُن میں ہلکا سا سوراخ کر کے اُوپر کی جانب سے ایک ایک راکھ ڈال دیں۔ یہ تینوں لیموں تیار ہو گئے اس کے بعد 6 سوئیاں لے کر اُن پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ہر سوئی پر سورۃ مزمل 7 مرتبہ دم کریں، ہر لیموں میں 2 سوئیاں چبھو دیں ایسے چبھوئیں تاکہ لیموں میں (+) جمع کا نشان بن جائے۔ سوئیاں لگاتے وقت مطلوب کا تصور کریں اور خالق کائنات سے اپنے مقصد کی تکمیل کے لئے دُعا کریں۔ پھر یہ تینوں لیموں 2 قبروں کے درمیان 20 (بیس) قدموں کے فاصلے پر دفن کریں۔ یعنی 3 لیموں 6 قبروں کے درمیان دفن کرنے ہیں۔

نوٹ) اگر کسی کو باہر ملک سے بالکل کاروباری نوعیت سے فارغ کروا کر وطن واپس بلانا ہے تو باقی عمل ایسے ہی ہوگا مگر سورۃ مزمل 7 مرتبہ بغیر تسمیہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں۔

ضروری نوٹ: ۔ اگر کسی نے جان بوجھ کر یہ عمل ناجائز کیا تو اُسے جانی یا مالی نقصان ضرور ہوگا، بے شک دیر سے ہو مگر ہوگا ضرور۔ اس لئے ذرا سوچ سمجھ لیجئے گا۔ اگلے 21 دن میں نتیجہ سامنے ہوگا۔

تحریر
جادو گر منہ کی کھائیں
کامران مغل

بہت سے شریف لوگ جادوگروں کی وجہ سے پریشان ہیں کیونکہ اُنکے عزیز دوست رشتہ دار جو کہ حسد کی نظر رکھتے ہیں معمولی باتوں پر جادو کروا کر کبھی بیماریاں مسلط کر دیتے ہیں کبھی رزق کو باندھ دیتے ہیں اولاد نافرمانبردار ہو جاتی ہے کاموں میں رکاوٹ آتی ہے یہ پریشان افراد مختلف جگہوں پر دھکے کھاتے نظر آتے ہیں۔ اگر روزانہ 108 بار تعوذ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں تو ہر قسم کے جادوگر خود اپنے جال میں پھنس جائیں گے اور اُنکو منہ کی کھانا پڑے گی۔

ماروی بک ہاوس ایم اے جناح روڈ ٹنڈو آدم ضلع سانگھڑ 0333-2881608
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

تحریر:۔ سید عاقل حیدر شاہ کاظمی مقیم لاہور

نماز ادائے قرض و کفایت

قارئین جعفریہ جنتری کو نیا سال مبارک ہو۔ اس نئے سال کے موقع پر مومنین کیلئے خاص مضمون نماز ادائے قرض و کفایت کے ساتھ حاضر ہوں۔

شیخ طوسی نے روایت کی ہے کہ ایک شخص امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: مولا! میں حاضر ہوا ہوں کہ اپنے قرض اور بادشاہ کے ظلم کی شکایت کروں۔

حضرت نے فرمایا: جب رات کی تاریکی چھا جائے تو دو رکعت نماز پڑھو کہ پہلی رکعت میں سورہ حمد کے بعد آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورۂ حشر کی آیت ''لو انزلنا ھذاالقرآن علی جبلٍ سے سورۃ کے اختتام تک اور پھر قرآن سر پر رکھ کر کہو:

بِحَقِّ هٰذَ الْقُرْاٰنِ وَبِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَهٗ بِهٖ وَبِحَقِّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مَدَحْتَهٗ فِيْهِ وَبِحَقِّكَ عَلَيْهِمْ فَلَا اَحَدَ اَعْرَفُ بِحَقِّكَ مِنْكَ بِكَ يَااَللّٰهُ (دس مرتبہ) يَا مُحَمَّدُ (دس مرتبہ) يَا عَلِيُّ (دس مرتبہ) يَا فَاطِمَةُ (دس مرتبہ) يَا حَسَنُ (دس مرتبہ) يَا حُسَيْنُ (دس مرتبہ) يَا عَلِيَّ ابْنُ الْحُسَيْنِ (دس مرتبہ) يَا مُحَمَّدُ بْنَ عَلِيٍّ (دس مرتبہ) يَا جَعْفَرُبْنَ مُحَمَّدٍ (دس مرتبہ) يَا مُوْسَى ابْنَ جَعْفَرٍ (دس مرتبہ) يَا عَلِيُّ بْنُ مُوْسٰى (دس مرتبہ) يَا مُحَمَّدُبْنَ عَلِيٍّ (دس مرتبہ) يَا عَلِيُّبْنَ مُحَمَّدٍ (دس مرتبہ) يَا حَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ (دس مرتبہ) بِالْحُجَّةِ يَاْيُهَا الْحُجَّةُ (دس مرتبہ).

ترجمہ: ۔''اس قرآن کا واسطہ جسے تو نے قرآن دیا اس کا واسطہ جس مؤمن کی مدح تو نے قرآن میں کی اس کا واسطہ تیرے حق کا واسطہ جو ان پر ہے اور تیرے سوا اس حق کو جاننے والا کوئی نہیں یا اللہ تیرا واسطہ یا محمد (ﷺ) یا علی یا فاطمہ، یا حسن، یا حسین یا علی بن الحسین یا محمد بن علی یا جعفر بن محمد یا موسیٰ ابن جعفر یا علی بن موسیٰ یا محمد بن علی یا علی بن محمد یا حسن بن علی۔''

اس کے بعد اپنی حاجات طلب کرو۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ شخص چلا گیا اور ایک مدت کے بعد واپس آیا۔ جب کہ اس کا قرض ادا ہو چکا تھا۔ بادشاہ کی طرف سے اس کے حالات بہتر ہو چکے تھے اور اس کا مال بھی زیادہ ہو چکا تھا۔ مؤلف کہتے ہیں کہ ظاہر ہے یہ عمل نماز ادا کرنے کے بعد بجالانا چاہئے۔

نماز حاجت: ۔دعوات راوندیؒ سے نقل کیا گیا ہے کہ ایک دن امام زین العابدین علیہ السلام کسی شخص کے پاس سے گزرے جو ایک گھر کے دروازے پر بیٹھا ہوا تھا۔ حضرت نے اس سے پوچھا کہ اس ظالم و جابر کے دروازے پر کیوں بیٹھے ہو؟ اس نے کہا کہ مجھے ایک سخت ضرورت درپیش ہے۔ امام نے فرمایا کہ اٹھو! میں تمہیں ایک ایسا دروازہ بتاتا ہوں جو تمہارے لئے اس ستم گار کے دروازے سے کہیں بہتر ہے۔ پس آپ نے اس کا ہاتھ پکڑا، اسے مسجد نبوی کے دروازے پر لے آئے اور فرمایا یہاں قبلہ رخ ہو کر دو رکعت نماز پڑھو۔ پھر اللہ کی حمد و ثنا کرو اور حضرت رسول (ﷺ) پر درود بھیجو، اس کے بعد سورہ حشر کی آخر یت آیت، سورۂ حدید کی پہلی چھ آیات اور سورۂ آل عمران کی دو آیات پڑھو اور اللہ سے سوال کرو کہ وہ تمہاری حاجت روائی فرمائے۔ خدا تمہیں سب کچھ عنایت کرے گا۔

نماز حل مہمات: ۔مشکل وقت آپڑے تو چار رکعت نماز بجالائی جائے، اس کی قنوت اور دیگر ارکان کو اچھی طرح سے ادا کیا جائے۔ اس کی پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سات مرتبہ:

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھے۔

ترجمہ: ۔''اللہ ہی ہمارے کافی ہے وہ اچھا مددگار ہے''۔

دوسری رکعت میں حمد کے بعد سات مرتبہ

''مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا''۔ پڑھے۔

ترجمہ: ۔وہی ہوتا ہے جو اللہ چاہے، نہیں کوئی قوت مگر اللہ سے اگر تو مجھے دیکھے تو میں تجھ سے مال میں اور اولاد میں بھی کم ہوں۔''

تیسری رکعت میں حمد کے بعد سات مرتبہ

''لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ'' پڑھے۔

ترجمہ: ۔''نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک تر ہے میں ظالموں میں سے ہوں۔''

اور چوتھی رکعت میں حمد کے بعد سات مرتبہ ''اُفَوِّضُ'' پڑھے۔

محمدی بک ڈپو نزد نیشنل بنک آف پاکستان ڈیرہ روڈ دریا خان
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

دعائے ائمہ کرام امراض سے شفاء

تحریر:۔ سید فیض عمران عبداللہ پور (جہلم) 0300-5149063

قارئین جعفریہ جنتری! میں بے حد مشکور ممکن ہوں کہ ادارہ روحانیات بانی ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور تمام اراکین جعفریہ جنتری مجھے اس قابل سمجھتے ہیں کہ میری تحریر کو عوام الناس تک ہدیہ تحفہ کرتے ہیں۔

قارئین جعفریہ جنتری! ہر مسلمان کو قرآن پاک پر کامل یقین ہے، لہٰذا بندہ ناچیز چند بیماریوں کا علاج گزشتہ کئی سالوں سے لکھ رہا ہوں، میری آپ سے اپیل ہے کہ بانی جعفریہ جنتری، اراکین جعفریہ جنتری کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

شادی و رشتوں کیلئے عمل

آج کے معاشرے میں اہم دقیق مسئلہ رشتوں کی بندش ہے، میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بحق ''محمد (ﷺ) وآل محمد (ﷺ)'' ہر ایک کے لئے آسانی کامیابی فرمائے، سورۃ الفجر 10514 مرتبہ پانی پر پڑھیں، سورۃ الفجر کو زعفران کے ساتھ لکھ کر گلے میں ڈالیں، رشتہ شادی میں کامیابی ہوگی۔

نوٹ: شادی رشتہ کے لئے مجھ سے رابطہ کریں، میرے پاس شریف تعلیم یافتہ سید و غیر سید رشتہ موجود ہیں۔

خاتمہ ناف کا درد

ناف کے مریض فون کر کے ہم سے شرطیہ ناف درد خاتمہ کے پانچ زعفرانی تعویز حاصل کر سکتے ہیں۔ ناف درد خاتمہ کے لئے سورۃ الکوثر 114 مرتبہ پانی پر پڑھ کر پئیں، شفا ہوگی۔

خاتمہ کمزور مرد و خواتین

ایسے افراد جو ہر وقت اپنے جسم میں کمزوری، سستی محسوس کرتے ہیں یا جسم میں ہر وقت درد محسوس کرتے ہیں، وہ افراد نیم گرم دودھ پر بعد نماز عشاء 1000 مرتبہ **یا قوی** کا ورد کریں اس دودھ پر دم کر کے پی لیا کریں ہر طرح کی جسمانی کمزوری دور ہو جائیگی۔ ہر عمر کے افراد فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

خاتمہ معدہ کے امراض

خاتمہ تیزابیت معدہ، مریض 514 مرتبہ سورۃ الرحمٰن پانی پر پڑھ کر وہ پانی 14 دن صبح و شام پئیں ہر قسم کی گیس، بدہضمی، تیزابیت ختم ہو جائے گی۔

موذی امراض سے بچاؤ

جناب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھانا کھاتے وقت سورۃ والتین کو پڑھا کرو، حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ اگر کھانے پر سورۃ القریش تلاوت کی جائے تو اللہ تعالیٰ ہر بیماری سے بچائے گا۔

غصے، ضد کا علاج

آج کے معاشرہ میں عزت، احترام بہت کم، زیادہ ضد اور ہٹ دھرمی کا شکار ہیں، برداشت، رحمدلی بہت کم ہے، لہٰذا کوئی بھی ضد کرتا یا زیادہ غصہ کرتا ہے تو **یا سلامُ یا مومن** 114 مرتبہ صبح سویرے پانی پر پڑھ کر وہ پانی پلائیں، ضد، غصہ کے خاتمے کے لئے آیت الکرسی کا نقش زعفران کے ساتھ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

خاتمہ مرض دمہ

دمہ کے مریض سورۃ مزمل 110 مرتبہ پانی پر پڑھ کر وہ پانی 21 دن صبح و شام پئیں **یا نور یا قدوس** 100 مرتبہ صبح کو پڑھا کریں اور آیت الکرسی کے پانچ نقش زعفران کے ساتھ لکھ کر پانی پی لیں، دمہ سے شفا ہوگی۔

توجہ فرمائیں

مزید آیات قرآنی سے گردے کا درد، پتھری، یرقان، مرگی، بے اولادی، اٹھرا، شوگر، بواسیر، فالج، بلڈ پریشر، دمہ، سایہ، جادو و آسیب کے شرطیہ علاج و استخارہ، زائچہ کیلئے رابطہ کریں۔ 0300-5149063

بیماریوں کا علاج بذریعہ قرآنی آیات

تحریر:۔ سید مبارک علی شمسی، گلی نمبر 1 محلہ منظور آباد P/O قائم پور تحصیل حاصل پور پوسٹ کوڈ 63040 (0300-7850809)

قارئین کرام السلام علیکم تحفہ یا علی علیہ السلام مدد!

میں سب سے پہلے جعفریہ جنتری کے بانی ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور انکی پوری ٹیم اور جنتری ہذا کے تمام قارئین کی خدمت میں سلام پیش کرتا ہوں، میری دُعا ہے کہ خالق و مالک آپ سب کی جائز اور شرعی حاجات کو پورا فرمائے اور آپ کو تمام دنیاوی آفات و بلیات سے محفوظ رکھے، اللہ کرے کہ نیا سال 2018ء آپ کے لئے نیک ثابت ہو اور اللہ رب العزت "محمد (ﷺ) و آل محمد (ﷺ)" کے صدقہ میں ہمارے وطن کو استحکام عطا فرمائے اور ہماری پاک فوج سمیت قومی سلامتی کے تمام اِداروں کی حفاظت فرمائے اور ہمارے ملک کو دہشت گردی سے بچائے۔ (آمین)

قارئین کرام! قرآن کریم اللہ رب العزت کی آخری اور معتبر کتاب ہے جو حسنین کریمین کے نانا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، پیغمبر اسلام پر نازل ہوئی۔ اس کی تلاوت کا بہت بڑا اجر ہے اور اسی قرآن حکیم میں ہر بیماری کا روحانی علاج موجود ہے، جس کی حکمت کی قسم خود اللہ تعالیٰ نے اُٹھائی ہے۔ سورۃ یٰسین میں ارشاد ربانی ہے کہ "یٰسین، قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہوا ہے"۔ اور سورۃ بقرہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ "فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ" (اُن کے دِلوں میں بڑا مرض ہے)" یعنی قرآن مجید نے ہمیں واضح طور پر یہ بتا دیا ہے کہ دِلوں میں مرض ہماری اپنی سُستیوں اور کاہلیوں کے ذریعے پیدا ہوتا ہے جو تمام دنیاوی مہلک بیماریوں کا پیش خیمہ بنتا ہے، یہ بات سچ ہے کہ ہم مادیت پرستی میں کھو چکے ہیں، جس کی وجہ سے ہم دین اسلام اور قرآن سے دُور ہوتے چلے جا رہے ہیں، اسلامی تہذیب کو خیر باد کہہ کر ہم مغربی تہذیب کی اندھا دُھند تقلید کر رہے ہیں اور یہی ہماری ناکامی اور تباہی کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ حالانکہ قرآن مجید میں ہر بیماری اور ہر مسئلے کا علاج موجود ہے مگر ہمارے پاس ڈھونڈنے کے لئے آنکھ نہیں۔ ہم نے قرآن مجید کو محض الماریوں کی زینت بنا کر رکھا ہوا ہے مگر اس سے ہدایت نہیں لیتے۔

ارشاد رب العزت ہے کہ میں دو چیزیں انسان کے آنے سے قبل بھیج دیتا ہوں، ایک اس کا رزق اور دوسرا اس کی بیماریوں کا علاج، تاہم قارئین کی خدمت میں چند قرآنی آیات کے عملیات پیش کرتا ہوں اور پُر امید ہوں کہ قارئین اپنی بیماریوں اور مسئلوں کے حل کے لئے ان سے بھرپور استفادہ حاصل کریں گے۔ ان شاء اللہ

آیات شفاء

قرآن مجید کی ان آیات کو آیاتِ شفاء کہا جاتا ہے۔ ان آیات کو اکیس (21) مرتبہ سات مسجدوں کے پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور یہ عمل گیارہ روز تک بلا ناغہ جاری رکھیں۔ عمل کے شروع میں بسم اللہ شریف کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں اکیس مرتبہ ذیل کی آیات اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت یابی ہوگی۔

آیت نمبر 1:۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ (سورۃ التوبہ، آیت 14)

آیت نمبر 2:۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (سورۃ یونس، آیت 57)

آیت نمبر 3:۔ يَخْرُجُ مِنْ م بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔

(سورۃ النحل، آیت 69)

خاتمہ دردِ زہ

اگر کسی عورت کو دردِ زہ کی تکلیف ہو یا بچہ کی ولادت میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا ہو تو ان آیات کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے زچہ والی عورت کو پلائیں، تمام تکلیفیں جاتی رہیں گی۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝

(سورۃ انشقاق، آیات 1 تا 5)

خاتمہ لُکنت زبان

اگر زبان میں لکنت ہو تو اس آیت مبارکہ کو کثرت سے پڑھیں، اس کے ورد سے سینہ بھی کشادہ ہوگا اور لُکنت بھی جاتی رہے گی۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ○ وَیَسِّرْلِیْ اَمْرِیْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ○ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ○

(سورۃ طٰہٰ، آیات 25تا28)

خاتمہ پیٹ درد

اگر پیٹ میں درد ہو تو اس آیت کو پڑھ کر پیٹ پر دم کرلیا جائے یا پانی پر دَم کر کے پی لیا جائے۔ اوّل و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

کُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِیْٓئًام بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْن

(سورۃ الطور، آیت19)

اِنَّا کَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ

(سورۃ المرسلات، آیت44)

خاتمہ برائے سحر جادو

یاد رکھیں کہ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کئی بار اس بات کو دہرا چکے ہیں کہ بجائے تسمیہ کے اس عمل میں تعوذ پڑھا جاتا ہے سورۃ **الفلق** کو ہر روز بلاناغہ تلاوت کرنے سے سحر اور جادو کا اثر ختم ہو جائے۔

ادائیگی قرض

جو شخص مقروض ہو جمعہ کے روز جمعہ کی نماز کے بعد سورہ ''کہف'' سات بار تلاوت کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا مانگے تو بہت جلد اس کے سر سے قرض کا بوجھ اُتر جائے گا۔

حفاظت حمل

جس عورت کا حمل نہ ٹھہرتا ہو یا اُس کے بچے ہو کر مر جاتے ہوں تو اُسے چاہئے کہ حمل کے دوران سورہ ''**الشمس**'' کو اکتالیس مرتبہ بعد نمازِ تہجد تلاوت کرے اور پانی پر دم کر کے پیئے ان شاء اللہ اس کا حمل ضائع نہ ہوگا۔ واضح رہے کہ یہ عمل باوضو ہو کر پاکیزہ جسم کے ساتھ بجالانا چاہئے۔

خاتمہ بواسیر خونی وبادی

سورۂ ''دہر'' کی آیت نمبر29تا31 کو چالیس یوم تک پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ خونی و بادی بواسیر سے چھٹکارہ ملے گا۔

شوگر اور بلڈ پریشر سے نجات

جو شخص ''سورۂ فیل'' کو بعد نماز عشاء تین سو تیرہ مرتبہ چالیس روز تک پڑھے ان شاء اللہ اُسے شوگر اور بلڈ پریشر جیسی بیماریوں سے چھٹکارا ملے گا۔

گم شدہ چیز مل جائے

اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو اور نہ مل رہی ہو تو گھر کے سارے فرد باوضو ہو کر درج ذیل آیت کا کثرت سے ورد کریں۔ گم شدہ چیز خود بخود مل جائے گی۔

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ۔

موذی جانوروں سے نجات

اگر کسی کے گھر میں موذی جانور رہتے ہوں یعنی سانپ، بچھو وغیرہ تو سورۂ ''رحمٰن'' کو سات روز تک روزانہ سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مکان کی دیواروں پر چھڑکاؤ کریں۔ ان شاء اللہ موذی جانور ختم ہو جائیں گے۔

آشوب چشم

سورۃ ملک خاتمہ آشوب چشم کے لئے تین روز متواتر پڑھ کر دم کریں، بفضلِ خدا خیریت ہوگی۔

خاتمہ اٹھرا

اولاد کس کو پیاری نہیں ہوتی والدین اپنے بچوں کی شادی کے بعد اُنکی اولاد کو دیکھنا پسند کرتے ہیں خواہش ہوتی ہے کہ پوتے پوتیاں یا نواسے نواسیوں کو کھلائے مگر بعض حاسد لوگ جادو کے ذریعے اٹھرا کا مرض پیدا کر دیتے ہیں۔

علامات مرض: حمل کا قائم نہ ہونا بچوں کی پیدائش کی مدت سے پہلے مر جانا یا پیدائش کے تین ماہ کے دوران بچہ کی موت ہو جانا۔

ایسی خواتین جن کو اٹھرا جیسی بیماری کا سامنا ہے۔ سورۃ تغابن 205 مرتبہ پانی پر پڑھ کر وہ پانی صبح و شام پئیں۔

محمد علی بک ایجنسی بالمقابل امام بارگاہ الصادق جی نائن ٹو اسلام آباد
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

دعائیں ائمہ کرام

تحریر:۔ سید حیدر رضا حیدری (کوئٹہ)

دعا امام جعفر صادق علیہ السلام

دعا برائے دفع خوف وحشت: ۔امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب تمہیں کوئی خوف لاحق ہو تو یہ دعا پڑھا کرو:

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ لَا یَکْفِیْ مِنْکَ اَحَدٌ وَّ اَنْتَ تَکْفِیْ مِنْ کُلِّ اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ فَاکْفِنِیْ کَذَا وَ کَذَا.

ترجمہ: ۔اے معبود حق کہ تیری مدد کرنے والا کوئی نہیں اور تو وہ ہے جو ہر ایک کی مدد کرتا ہے اپنی مخلوق میں سے پس میری مدد فرما فلاں فلاں اَمر میں۔ کذا و کذا کی بجائے اپنی حاجات گنوائے، ایک اور حدیث میں یوں ہے

یَا کَافِیًا مِّنْ کُلِّ شَیْءٍ وَّلَا یَکْفِیْ مِنْکَ شَیْءٌ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اکْفِنِیْ مَآ اَھَمَّنِیْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

ترجمہ: ۔اے ہر چیز سے کفایت کرنے والے اور کوئی چیز تیری کفایت نہیں کرتی جو آسمانوں اور زمین میں ہے میری کفایت فرما ہر اندیشے میں جو دنیا و آخرت کے بارے میں ہے اور رحمت کر محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور اُن کی آل پر۔

دعا برائے تسخیر امراء و افسران بالا: ۔امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص کسی ایسے حاکم اور بادشاہ کے سامنے جائے کہ جس سے خائف ہے تو یہ دعا پڑھے۔

بِاللّٰہِ اَسْتَفْتِحُ وَ بِاللّٰہِ اَسْتَنْجِحُ وَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ اَتَوَجَّہُ اَللّٰھُمَّ ذَلِّلْ لِیْ صُعُوْبَتَہٗ وَسَھِّلْ لِیْ حُزُوْنَتَہٗ فَاِنَّکَ تَمْحُوْ مَا تَشَآءُ وَ تُثْبِتُ وَ عِنْدَکَ اُمُّ الْکِتَابِ۔ (نیز یہ بھی کہے)

ترجمہ: ۔میں اللہ کے ساتھ آغاز کرتا ہوں اور اسی سے کامیابی کا طالب ہوں، میں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کے ذریعے متوجہ ہوا ہوں اے معبود میرے لئے اس کی سختی نرم کر دے اس کی طرف سے غم کو ہلکا کر دے کہ تو جو چاہے مٹاتا اور لکھتا ہے اور کل کا کل دفتر تیرے ہی پاس ہے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَ اَمْتَنِعُ بِحَوْلِ اللّٰہِ وَ قُوَّتِہٖ مِنْ حَوْلِھِمْ وَ قُوَّتِھِمْ وَاَمْتَنِعُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ.

ترجمہ: ۔میں اللہ کے ساتھ آغاز کرتا ہوں اور اسی سے کامیابی کا طالب ہوں، میں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کے ذریعے متوجہ ہوا ہوں اے معبود میرے لئے اس کی سختی نرم کر دے اس کی طرف سے غم کو ہلکا کر دے کہ تو جو چاہے مٹاتا اور لکھتا ہے اور کل کا کل دفتر تیرے ہی پاس ہے۔

دعا برائے دفع خوف جن و انس تحفظ جان و مال: ۔امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام فرمایا کرتے کہ جب میں یہ کلمات پڑھ لیتا ہوں تو پھر اس سے کچھ خوف نہیں ہوتا کہ تمام جن و انس مجھے نقصان پہنچانے کے لئے جمع بھی کیوں نہ ہو جائیں اور وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ وَ مِنَ اللّٰہِ وَ اِلَی اللّٰہِ وَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَ عَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ وَاِلَیْکَ وَجَّھْتُ وَجْھِیْ وَ اِلَیْکَ اَلْجَاْتُ ظَھْرِیْ وَ اِلَیْکَ فَوَّضْتُ اَمْرِیْ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ بِحِفْظِ الْاِیْمَانِ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَ مِنْ خَلْفِیْ وَ عَنْ یَّمِیْنِیْ وَ عَنْ شِمَالِیْ وَ مِنْ فَوْقِیْ وَ مِنْ تَحْتِیْ وَمَا قِبَلِیْ وَادْفَعْ عَنِّیْ بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ فَاِنَّہٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِکَ.

ترجمہ: ۔اللہ کے نام سے اللہ کی ذات سے اللہ سے اللہ کی طرف اللہ ہی کی راہ میں اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دین اور آئین پر اے معبود میں نے خود کو تیرے سپرد کیا ہے اپنا رُخ تیری طرف کر لیا ہے تجھے اپنا پشت پناہ بنایا ہے اور اپنے معاملے تیرے حوالے کر دیئے ہیں اے معبود میری حفاظت فرما، سلامتی ایمان کے ساتھ میرے آگے سے میرے پیچھے سے میرے دائیں سے میرے بائیں سے میرے اُوپر سے اور میرے نیچے سے اور جو میرے پہلو میں ہے اور مجھ سے بلائیں دور کر اپنے حکم و قوت سے کیونکہ نہیں حرکت و قوت مگر تجھی سے ہے۔

دعا دفع رنج و غم: ۔امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ رنج و غم کے دور کرنے کے لئے غسل کر کے دو رکعت نماز ادا کرو۔

یَا فَارِجَ الْھَمِّ وَیَا کَاشِفَ الْغَمِّ یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا فَرِّجْ ھَمِّیْ وَاکْشِفْ غَمِّیْ یَآ اَللّٰہُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

سٹوڈنٹ بک ڈپو تحصیل بازار بہاولنگر
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ نِ اعْصِمْنِیْ وَطَهِّرْ نِیْ وَاذْهَبْ بِبَلِیَّتِیْ.

ترجمہ: ۔اے رنج دور کرنے والے اے غم سے چھڑانے والے اے دنیا اور آخرت میں بہت رحم کرنے والے مہربان میرے رنج وغم کو دور کردے۔ اے اللہ جو اکیلا اور یکتا ہے اور بے نیاز ہے جس نے نہ جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ ہی کوئی اس کا ہم پلہ ہے تو مجھے بچائے رکھ مجھے پاک کردے اور میری مصیبت دور کردے۔ بعدازیں آیت الکرسی، سورۂ فلق اور سورۂ والناس پڑھو۔

دعا امام محمد باقر علیہ السلام

دعا برائے حل المشکلات : ۔روایت ہوئی ہے کہ ہر مشکل کے وقت امام محمد باقر علیہ السلام کی یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَزَکِّ عَمَلِیْ وَ یَسِّرْمُنْقَلَبِیْ وَاهْدِقَلْبِیْ وَاهْنِ خَوْفِیْ وَ عَافِنِیْ فِیْ عُمْرِیْ کُلِّهٖ وَ ثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَاغْفِرْخَطَا یَا ی وَبَیِّضْ وَجْهِیْ وَاعْصِمْنِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَسَهِّلْ مَطْلَبِیْ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ فَاِنِّیْ ضَعِیْفٌ وَّتَجَاوَزْ عَنْ سَیِّءِ مَا عِنْدِیْ بِحُسْنِ مَا عِنْدَکَ وَلَا تَفْجَعْنِیْ بِنَفْسِیْ وَلَا تَفْجَعْ لِیْ حَمِیْمًا وَّ هَبْ لِیْ یَآ اِلٰهِیْ لَحْظَةً مِّنْ لَّحَظَاتِکَ تَکْشِفُ بِهَا عَنِّیْ جَمِیْعًا مَّا بِهٖ ابْتَلَیْتَنِیْ وَتَرُدُّبِهَا عَلَیَّ مَا هُوَاَحْسَنُ عَادَتِکَ عِنْدِیْ فَقَدْ ضَعُفَتْ قُوَّتِیْ وَقَلَّتْ حِیْلَتِیْ وَانْقَطَعَ مِنْ خَلْقِکَ رَجَآئِیْ وَلَمْ یَبْقَ اِلَّا رَجَآؤُکَ وَتَوَکُّلِیْ عَلَیْکَ وَقُدْرَتُکَ عَلَیَّ یَا رَبِّ اَنْ تَرْحَمَنِیْ وَتُعَافِیَنِیْ کَقُدْرَتِکَ عَلَیَّ اَنْ تُعَذِّبَنِیْ وَتَبْتَلِیَنِیْ اِلٰهِیْ ذِکْرُ عَوَآئِدِکَ یُؤْنِسُنِیْ وَ الرَّجَآءُ لِاِنْعَامِکَ یُقَوِّیْنِیْ وَلَمْ اَخْلُ مِنْ نِّعَمِکَ مُنْذُخَلَقْتَنِیْ فَاَنْتَ رَبِّیْ رَسَیِّدِیْ وَمَفْزَعِیْ وَمَلْجَاِیْ وَالْحَافِظُ لِیْ وَالذَّآبُّ عَنِّیْ وَالرَّحِیْمُ بِیْ وَالْمُتَکَفِّلُ بِرِزْقِیْ وَفِیْ قَضَآئِکَ وَقُدْرَتِکَ کُلُّ مَآاَنَا فِیْهِ فَلْیَکُنْ یَّاسَیِّدِیْ وَمَوْلَا ی فِیْمَا قَضَیْتَ وَقَدَّرْتَ وَحَتَمْتَ تَعْجِیْلُ خَلَاصِیْ مِمَّآ اَنَا فِیْهِ جَمِیْعِهٖ وَالْعَافِیَةُ لِیْ فَاِنِّیْ لَآاَجِدُ لِدَفْعِ ذٰلِکَ اَحَدًا غَیْرَکَ وَلَآ اَعْتَمِدُ فِیْهِ اِلَّا عَلَیْکَ فَکُنْ یَّا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ عِنْدَ اَحْسَنِ ظَنِّیْ بِکَ وَرَجَآئِیْ لَکَ وَارْحَمْ تَضَرُّعِیْ وَاسْتِکَانَتِیْ وَضَعْفَ رُکْنِیْ وَامْنُنْ بِذَالِکَ عَلَیَّ وَعَلٰی کُلِّ دَاعٍ دَعَاکَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ.

ترجمہ: ۔اے معبود رحمت نازل فرما سرکار محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) وآل محمد پر اور مجھے بخش دے مجھ پر رحم کر میرے عمل کو پاکیزہ بنادے میری بازگشت آسان فرما میرے دل کو ہدایت دے مجھے خوف سے بچا زندگی بھر مجھے تندرستی سے رکھ میری حجت کو برقرار رکھ میری خطائیں معاف فرما میرا چہرہ روشن کردے میرے دین کی حفاظت کر میرے کام سنوار دے اور اپنا رزق فراوانی کے ساتھ دے کیونکہ میں ناتواں ہوں اور میری برائیوں سے درگزر فرما اور اپنی طرف سے بھلائیاں عطا کردے مجھ کو اور میرے رشتہ داروں کو غم سے بچائے رکھ اور اے میرے معبود مجھے اس نظر کرم سے بہرہ مند فرما جس سے میری وہ سبھی سختیاں ٹل جائیں جو تیری طرف سے ہیں اور میرے لئے تیرا بہترین فضل وعنایت پلٹ کے آجائے کہ میری طاقت کمزور ہو چکی ہیں میری تدبیر ناکام ہوگئی ہے تیری مخلوق سے میری آرزو کٹ چکی ہے اور تجھ سے امید باندھنے اور تجھ پر بھروسے کے سوا کچھ نہیں رہا تجھے مجھ پر قابو حاصل ہے یارب تو مجھ پر رحم فرما مجھے عافیت دے جیسا کہ تو مجھ پر عذاب لانے اور سختی کرنے کی قدرت رکھتا ہے خدایا! تیری نعمتوں کی یاد مجھے مانوس رکھتی ہے اور تیرے انعاموں کی امید مجھے ہرا دیتی ہے کیونکہ جب سے تو نے مجھے پیدا کیا ہے میں تیری نعمتوں سے محروم نہیں رہا۔ پس تو میرا پالنے والا اور میرا سردار میری پناہ میرا فریادرس میرا نگہبان مجھ سے سختی دور کرنے والا مجھ پر مہربان اور میری روزی کا ذمہ دار ہے جن پریشانیوں نے مجھے گھیرا ہوا ہے وہ تیری بست وکشاد میں ہیں پس وہی ہوگا اے میرے سردار اور میرے مولا جو کچھ تو نے کھولا اور روکا ہے جو یقینی فیصلہ کیا مجھے تمام سختیوں سے نکالنے کا جن میں پڑا ہوں ان سے مجھے عافیت دینے کے لئے کہ ان کو دور کرنے والا میں تیرے سوا کوئی اور نہیں پاتا اس بارے میں سوائے تیرے کسی پر اعتبار نہیں کرتا پس اے دبدبے اور بزرگی کے مالک تو ویسا رہ جیسے میں تجھ سے حسن ظن رکھتا اور امید باندھتا ہوں رحم فرما میری آہ وزاری میری بے کسی اور میرے جسم کی کمزوری پر اور اس طرح احسان کر مجھ پر اور ان پر جو تجھے پکارتے ہیں اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور اللہ رحمت کر حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور اُن کی آل پر۔

دعا نے اہل بیتؑ : ۔رنج وتکلیف اور بادشاہ وحاکم کے خوف کو دور کرنے کیلئے دعائے اہل بیت پڑھنی چاہئے اور وہ یہ ہے:

یَا کَآئِنًا قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّ یَا مُکَوِّنَ کُلِّ شَیْءٍ وَّیَابَاقِیًا بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِیْ کَذَا وَکَذَا.

ترجمہ: ۔اے وہ جو ہر چیز سے پہلے موجود تھا اے وہ کہ ہر چیز کو وجود دینے والا ہے اے وہ کہ ہر چیز کے بعد باقی رہنے والا ہے رحمت نازل کر محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) وآل محمد پر اور میری یہ اور یہ حاجت پوری فرما۔"

نوروز عالم افروز


بادشاہ سال مریخ

20مارچ 2018ء بروز منگل 21بجکر 17منٹ

سپہ سالار شمس

وزیر اعظم مشتری

مشیر سال زہرہ



خوراک

برنگ سرخ کھٹے میٹھے پھل
مسور کی دال

خیرات دفع پریشانی و مشکلات

پیر و منگل رات 08:30 گوشت کا صدقہ دیں

سال رواں اسم اعظم

یَا حَیُّ یَا قَیُّوم
روزانہ بعد نماز عشاء 900بار

رنگ و لباس

سرخ اور میرون

نگینہ و پتھر

سرخ یاقوت، عقیق سرخ

درخت

ترش کانٹے دار، تلخ درخت

صدقات برائے رد بلا و مصیبت

گوشت، کباب، ساگ، لال مرچ، خیری روٹی، کھٹے میوے، تل کا تیل

خوشبو صندل اور تیز ترین خوشبو

لوح شرف شمس برائے عزت، مال دولت شہرت، غلبہ دشمن، فتح کامیابی نصرت موثر ہوگی

معلی بن خنیس نے فرمایا ہے کہ جب نوروز کا دن آئے تو غسل کرے، پاکیزہ لباس پہنے خوشبو لگائے اور اس دن کا روزہ رکھے۔ جب نماز ظہر و عصر اور ان کے نافلہ سے فارغ ہو تو چار رکعت نماز دو دو کر کے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ قدر اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ کافرون، پھر آخری دو رکعت میں سے پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ توحید اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ الناس کی قرت کرے۔ نماز تمام کرنے کے بعد سجدہ شکر کرے اور اس میں یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدِ الْاَوْصِیَآءِ الْمَرْ ضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَآ ئِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوٰتِكَ وَبَا رِكْ عَلَیْھِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِھِمْ وَاَجْسَادِھِمْ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَافِیْ یَوْمِنَا ھٰذَاالَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَھَا اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْمَآ اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَا اَشْكُرَ اَحَدٌ اَغْیَرَكَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰھُمَّ مَا غَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَا فَقَدْتُّ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَكَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَآ اَتَكَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

مندرجہ ذیل طلسم کو مشک و زعفران سے لکھ کر آب زمزم کے پانی سے دھو کر پئیں۔ دبا و امراض جسمانی سے محفوظ رہیگا۔ اس طلسم کو وقت مقررہ میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کر پہننے کبھی محتاج نہ ہوگا۔



آداب و اعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہئے کہ مقررہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثل لوبان' اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں۔ اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السلام دیں۔ بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۲۹ مرتبہ "یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ یَامُقَلِّبَ الْقُلُوبِ وَالْاَبْصَارِ یَامُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَامُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ

مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ "قُرْبَةً اِلَی اللّٰهِ" اَللّٰهُ اَکْبَرُ" اور اول رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ سورۃ "اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ" اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ "قُلْ یٰاَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ" اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ "قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ" اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس دس مرتبہ "قُلْ اَعُوْذُبِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُبِرَبِّ الْفَلَقِ" پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِکَ وَبَارِکْ عَلَیْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِکَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَکَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَا اَشْکُرَ اَحَدًا غَیْرَکَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّیْ فَلَا یَفِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُکَ وَحِفْظُکَ وَمَا فَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَکَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَا اَتَکَلَّفَ مَالًا اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بعدہ دعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دعا کو پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِیْدَةٌ وَاَنْتَ مَلِکٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُکَ خَیْرَهَا وَخَیْرَ مَا فِیْهَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِیْهَا وَاَسْتَکْفِیْکَ مَئُوْنَتَهَا وَشُغْلَهَا یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (زادالمعاد)


آب نسیاں

نوروز کے تیس دن گزرنے کے بعد ماہ نسیاں شروع ہوتا ہے اس مہینے کی بارش کا پانی آب نسیاں کہلاتا ہے سید جلیل علی ابن طاؤس نے روایت کی ہے کہ حضرت رسالت مآبؐ نے اصحاب سے فرمایا کہ ماہ نسیاں میں آب باراں لو اور سورۃ فاتحہ آیۃ الکرسی چاروں قل ہر ایک ستر ستر مرتبہ پڑھ کر ستر مرتبہ تسبیحات اربعہ اور ستر مرتبہ درود پڑھو اور سات دن صبح اور عصر کے وقت اس پانی کو پیو تو اللہ تعالیٰ ہر بیماری سے محفوظ کر دے گا اگر بانجھ عورت اولاد کے لیے پیئے تو حق تعالیٰ اسے اولاد سے نوازے گا جبرائیلؑ نے کہا کہ جو شخص یہ پانی پیئے اس کے بدن کے ہر درد کو اللہ تعالیٰ دور کرتا ہے۔

لوح نوروز

تحویل آفتاب کے وقت پاک جگہ پر باوضو ہو کر بیٹھیں وقت نوروز کا تعین کرنے کیلئے دو عدد گلاب کی بند کلی پانی بھری طشتری میں چھوڑ دیں۔ قدرت کا ملہ سے یہ بند کلی وقت نوروز پر خود بخود کھل جائیگی۔ اس وقت میں اپنی حاجت فوری زبان پر لے آئیں۔ ویسے نوروز کا وقت نوروز سے ایک گھنٹہ قبل اور ایک گھنٹہ بعد تک رہتا ہے۔ ذیل کے نقش کو عام کاغذ یا ہرن کی جھلی یا چاندی کی تختی پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے جملہ آفات' بلیات' صدمات' جادو سحر' غلبہ دشمن' تمام روحانی وجسمانی امراض سے نجات' بندشوں کے خاتمہ کیلئے یہ لوح بہت پُر تاثیر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



منیجر لوح نوروز

جو لوگ لوح نوروز خود نہ بنا سکیں اور ادارہ سے لوح نوروز مکمل لوامات عمل اور درست طریقہ عمل کے مطابق ادارہ سے بنوانے کے خواہشمند ہوں 2100 روپے 15 مارچ سے قبل ادارہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ کے ایڈریس منی آرڈر کریں۔ (ادارہ)

احکام زائچہ نوروز عالم افروز 2018ء

محترم قارئین کرام! زائچہ نوروز 20مارچ2018بروز منگل 21بجکر17منٹ ۲رجب ۱۴۳۹ھ 7چیت 2074بکرمی بمطابق دارلحکومت اسلام آباد73درجہ30دقیقہ شرقی 33درجہ43دقیقہ شمالی پاکستان کے مروجہ وقت کے مطابق شمس در حمل صفر درجہ پر تحویل ہو گا۔

کسی بھی ملک کے سیاسی حالات سے متعلق زائچہ بنانے کیلئے اس کے دارلحکومت کا وقت لیا جاتا ہے خاص طور سے تحویل آفتاب کا زائچہ پورے سال کے حالات ظاہر کرتا ہے۔ زائچہ سے لگائے گئے امکانات 99 فیصد درست ہوتے ہیں قارئین اگر گزشتہ سال 2017ء کی جنتری کا مطالعہ کریں تو حقیقت واضح ہوگی کہ ایک سال قبل شائع کردہ زائچہ میں ممکنہ خدشات واقعات حادثات حالات درست ثابت ہوئے۔ زائچہ نوروز عالم افروز میں طالع شرقی پر عقرب طلوع ہے جبکہ اس سیارے کا حاکم مریخ چھٹے شرف یافتہ گھر کا بھی مالک ہو کر تیسرے اور چوتھے کے مشترکہ حاکم زحل کے ساتھ نحس قرانی حالت میں موجود ہے۔ اس سیارے کی یہ نشست کچھ خدشات کی جانب اشارہ دے رہی ہے کہ طالع میں سیارہ مشتری آخری درجات پر موجود ہے جو کہ نشانی دیتا ہے کہ ملکی حالات بہتر نہ رہینگے سرحدوں پر جاری جھڑپوں میں اضافہ ہوسکتا ہے سازشی سیارگان اس کے گرد موجود ہیں جو کہ ہمسائیہ ممالک کے خفیہ نیٹ ورک کو تقویت دینے کا اشارہ دے رہے ہیں یعنی کہ ہمسایہ ممالک خاص طور سے **ہندوستان کی خفیہ ایجنسیاں** پاکستان میں شرانگیزی جیسے معاملات کو بڑھانے میں کوئی کسر نہ چھوڑیں گی دشمن ممالک کی کوشش ہوگی کہ پاکستان میں سیاسی استحکام نہ آئے ویسے بھی 2018ء کو الیکشن کا سال مانا جاتا ہے لیکن اس وقت میں سیاسی حالات بد سے بدتر ہوتے نظر آتے ہیں۔ سیاسی جماعتیں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کے چکر میں غیر جمہوری طاقتوں کا آلہ کار بن کر رہ جائینگی۔ اسی دوران دشمن کو ملک میں افراتفری دہشت گردی پھیلانے کا موقع ملے گا۔ مریخ کے قران نحسین ہونے کی وجہ سے **زمینی آفات کا بھی زیادہ خدشہ** ہے ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

قارئین ایک بات خاص طور سے نوٹ فرما لیں کہ زائچہ نوروز میں بادشاہ سال مریخ اور وزیر اعظم مشتری ہے دلچسپ صورتحال ہے کہ طالع شرقی میں مشتری آخری درجات پر ہے اور مریخ زحل کے ہمراہ نحس قرانی حالت میں موجود ہے۔ مشتری کا طالع میں کمزور درجات پر ہونا اس بات کی جانب بھی اشارہ دیتا ہے کہ ملکی معشیت غیر مستحکم ہوسکتی ہے۔ اسٹاک ایکسچینج میں مندی کا رجحان غالب رہیگا اور ایسے افراد جن کا ذریعہ روزگار اسٹاک ایکسچینج شیئرز یا پرائز بانڈ انعامی اسکیموں سے منسلک ہے سیارگان کی حالت کو دیکھتے ہوئے کہا جاسکتا ہے کہ انہیں سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔ سرمایہ کاری محتاط انداز سے کریں تاکہ کسی بھی ممکنہ نقصان سے بچا جاسکے۔ زائچہ کے خانہ 6 میں 4 سیارگان کا اجتماع ہمراہ شمس نحوستوں میں مزید اضافے کا عندیہ دیتا ہے۔ اس خانہ میں دسویں گھر کا مالک جو کہ سربراہ مملکت کا گھر کہلاتا ہے چھٹے میں موجود ہے۔ آٹھویں اور گیارہویں کا حاکم عطارد بھی زہرہ اور یورانس کے ہمراہ یہاں پر موجود ہے۔ موجودہ حکومت کیلئے 2018ء مسائل اور مشکلات سے بھرا سال نظر آتا ہے سیاسی اپوزیشن جماعتیں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی وجہ سے حکومتی سیاسی جماعت کی کوئی کمزوری ہاتھ سے نہ جانے دیں گی۔ کوئی موقع ہاتھ سے گنوانا ایسے ہے جیسا کہ خود اپنے گلے میں پھندا ڈال لیں۔ **کرپٹ سیاست دانوں کے گرد گھیرا مزید تنگ** ہوتا جائیگا 2017ء میں جو سیاست دان بے نقاب ہوئے اسی طرح 2018ء میں مزید کرپٹ سیاست دان بے نقاب ہوسکتے ہیں۔ عوام اپنے سیاسی لیڈروں کا اصل چہرہ دیکھ سکیں گے۔ **سیاست میں نئے چہرے** متعارف ہوسکتے ہیں جو کہ اہم ترین سیاسی عہدوں پر فائز ہوسکیں گے۔ وہ سیاسی افراد جو کہ 2018ء میں سیاسی میدان میں ہلچل مچا سکتے ہیں اُن کا تعلق برج اسد یا برج حوت سے ہوسکتا ہے یعنی وہ نوزائیدہ سیاست دان جن کے نام کا سرحرف م، ٹ، ڈ، ج سے ہوگا۔ سیاسی میدان میں تبدیلیاں لا سکتے ہیں۔

2018ء **شدید ترین سیاسی ہلچل کا سال** نظر آتا ہے۔ حکومت مخالف سیاسی جماعتیں **دھرنے اور مرنے کی سیاست** کو فروغ دینے میں کوئی کسر نہ چھوڑیں گی۔ جس وجہ سے ملک دشمن عناصر اپنی چالیں چلتے ہوئے کامیاب نظر آتے ہیں اگر ایسے وقت میں

اپوزیشن جماعتیں ملک کی ترقی اور خیر خواہی کیلئے بہتر اقدامات کریں اور ایسا لائحہ عمل تیار کیا جائے کہ جس میں صاف شفاف سیاست کی جائے کہ ملک دشمن عناصر وطن عزیز میں شر انگیزی نہ پھیلا سکیں۔ سپہ سالار فلک مریخ بادشاہ فلک 2018ء ہر ممکن قدم اٹھانے کو تیار ہیں کیونکہ فوج سے متعلق یہ حاکم سیارہ دہشت گردی کو ختم کرنے میں انتہائی موثر رہا 2016 اور 2017ء میں اہم اقدامات کر کے پاک فوج نے پاکستان سے دہشت گردی مکمل طور پر ختم کر دی **ان شاء اللہ 2018ء میں دہشت گردی کی جڑیں بھی ختم کر دی جائینگی** لیکن اس دوران بہت سی **مشکلات آزمائشیں** بھی پیش آسکتی ہیں کیونکہ مریخ طاقت کا سیارہ پلوٹو کے ہمراہ ہونے کے باوجود زحل سے نحس قران کی وجہ سے خدشات کو جنم دے رہا ہے۔

ایسے سیاست دان جن کا نام سر حرف مریخ سے منسوب ہے یا جن کا پیدائشی برج حمل یا عقرب ہے۔ وہ سیاست دان حضرات مشکلات اور پریشانیوں میں مبتلا نظر آتے ہیں۔ اسی طرح ایسی سیاسی جماعتیں جن کا سرحرف حمل یا عقرب سے منسوب ہے پریشان کن حالات سے دوچار ہو سکیں گے۔ خاص طور سے **نواز شریف' عمران خان' آصف علی زرداری** تینوں اہم سیاسی راہنما سرحرف نام سے برج حمل اور عقرب سے منسوب ہیں۔ ایسے تمام سیاسی راہنماؤں کو خاص طور سے 2018ء میں برج کے متعلق صدقہ ضرور دینا چاہیے تا کہ ممکنہ خدشات سے محفوظ رہا جائے۔ سیاسی جماعتوں کے کارکن بھی اپنی من پسند جماعت یا لیڈر کا صدقہ دینا چاہیں تو وہ ضرور دیں بصورت دیگر اہم سیاسی راہنما کو شدید جانی یا مالی نقصان بھی ہو سکتا ہے۔

زائچہ نوروز کی روشنی میں ملکی سازشوں کا سیارہ اپنی قوت پر ہے جس کو دیکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ ملک میں لسانی اور نسلی فسادات کو بھڑکانے کی کوشش کی جائیگی یہ بھی ممکن ہے کہ صوبہ بلوچستان کو لے کر ملک دشمن عناصر دنیا میں مختلف قسم کی افواہیں سرگرم کریں جیسا کہ گزشتہ برس گلگت' بلتستان اور بلوچستان بارے بے بنیاد خبریں انٹرنیشنل میڈیا پر نشر کی گئی۔ خود ساختہ بلوچی لیڈروں نے ملک سے فرار اختیار کرنے کے بعد ملک دشمن عناصر کے کہنے پر ملکی مفاد کے برعکس بیانات اور انٹرویو میڈیا پر دیئے۔ ایسے تمام عناصر کی کوشش رہی کہ کسی نہ کسی طرح دُنیا کے نقشے پر پاکستان کو کمزور سے کمزور تر ظاہر کیا جا سکے۔ اس سال بھی ممکن ہے کہ ملک دشمن پروپگنڈا بھرپور انداز سے شروع کیا جا سکے کیونکہ سازش کا سیارہ اپنی قوت کو دکھاتے ہوئے دشمنوں کی راہ ہموار کر رہا ہے لیکن پاک فوج ایسے تمام حالات سے نبٹتی ہوئی دکھائی دیتی ہے خاص طور سے اسٹیبلشٹ ایسے بگڑتے ہوئے حالات پر بہت خوبصورتی سے قابو پا لیتی ہے۔

مشتری کا زائچہ کے دوسرے اور چوتھے گھر کا مالک ہو کر طالع میں ہونا اور زائچہ کے چوتھے گھر پر نیپچون کا قابض ہونا اس بات کی علامت ہے کہ اس سال مہنگائی میں اضافہ ہو سکتا ہے نئے ٹیکس لگائے جا سکتے ہیں بینکوں کی شرح سود میں بھی اضافہ ممکن ہے۔ ملکی معشیت کو بہتر بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرنے کی کوشش کی جائیگی **ماہرین معاشیات** 2018 اور 2019ء میں افراط زر کو کنٹرول کرنے کیلئے لائحہ عمل تیار کریں گے۔ دوسری جانب زراعت کے شعبے کو دیکھیں تو یہاں زحل پلوٹو اور مریخ کے ہمراہ خانہ 3 پر قابض ہے زحل کی اس خانہ میں موجودگی اشارہ دیتی ہے کہ پاکستان میں زرعی پیداوار متاثر ہوگی۔ بیرون ملک برآمد کی جانے والی اشیاء خوردنوش میں کمی آنے کا امکان ہے یہ بھی ممکن ہے کہ گندم کی پیداوار میں کمی ہو یا فصلیں تباہ و برباد ہو جائیں۔ جس وجہ سے ملک کی اقتصادی ترقی میں رکاوٹ کا اندیشہ ہے۔ مئی، جون اور جولائی میں سخت ترین موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے گرمی کی شدت میں بہت زیادہ اضافہ ہو سکتا ہے کہ سال 2018ء میں **گرمی کے سابقہ ریکارڈ** ٹوٹ جانے کا بھی عندیہ ہے۔

قارئین درج بالا حالات و واقعات کا غور سے مطالعہ کریں کہ گزشتہ برس بھی جن خدشات کا زائچہ نوروز کی روشنی میں اظہار کیا گیا تھا۔ ملکی سیاسی اندرونی و بیرونی حالات اُسی طرح پیش آئے جن میں خاص طور سے بھارت اور امریکہ کی جانب سے پاکستان پر الزامات کی بوچھاڑ اور دہشت گردی کے خاتمہ بارے عدم تعاون کے بیانات، بھارت کی پاکستان کو دنیا میں تنہا کرنے کی بھونڈی ناکام سازش، سابقہ وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کی مشکلات میں اضافہ اور نااہل ہونے کی جانب واضح اشارہ' ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ' ملکی سیاسی حکمران جماعت کا مشکلات پر قابو پانا شامل تھا۔ جس کے نتیجہ میں ملکی سیاسی حکمران جماعت کی حکومت کا قائم رہنا اسی سلسلہ کی ایک کڑی تھی جبکہ لاتعداد اہل علم نے علمی بنیاد پر 2016ء میں پیشن گوئی کی کہ 2017ء میں ملکی سیاسی حکمران جماعت کی حکومت ختم ہو جائیگی اور یہ بھی ممکن ہے کہ 2017ء میں الیکشن ہو جائیں لیکن جنتری ہذا کا اعزاز رہا ہے کہ ایسے تمام خدشات کو زائچہ نوروز عالم افروز کی روشنی میں رد کر دیا گیا حکومت کے ختم نہ ہونے کا عندیہ دیا گیا لیکن سابقہ وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کی نااہلی کا بتا دیا گیا تھا اس موقع پر قارئین کی یاددہانی کیلئے 2013ء الیکشن کے سال حکومت وقت کا زائچہ بنایا گیا جس میں اس بات کو بھی واضح کیا گیا تھا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) اقتدار سنبھالنے کے بعد اپنی آئینی مدت پوری کریگی حالات قارئین کے سامنے ہیں کہ یہ پیشن گوئی کس حد تک درست ثابت ہوئی۔ واللہ اعلم بالصواب

مکتبہ رضویہ گول چکر اوکاڑہ پاکستان بک کمپنی شاہی بازار بہاولپور روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

جنوری 2018 ماگھ 2074 دلو 1939 شاکا جمادی الاول ۱۴۳۹ھ

شمار ایام	نام ایام	عیسوی تقویم	پکھشر	بکرمی تقویم	شاکا تقویم	نقشہ فلکی البروج	منازل قمر	اسلامی ہجری تقویم	سعد یا نحس	اہم واقعات / مذہبی تہوار / عرس
1	سوموار	1	آردرا 14:22	پوہ	جدی	سرطان 13:10	نثرہ 13:10	۱۰	نحس	
2	منگل	2	پنربس 11:17	19	13		طرفہ 09:19	۱۴	نیک	
3	بدھ	3	پکھ 08:18	20	14	اسد 12:22	جبہ 05:34	۱۵	نیک	قرض لینے دینے کیلئے بد
4	جمعرات	4	اشلیکھا 05:37	21	15		زہرہ 02:04 سرفہ 22:58	۱۶	نحس	تعمیر کیلئے نیک / عرس نظام الدین اولیاء (دہلی)
5	جمعہ	5	مگھا 03:23	22	16	سنبلہ 13:11	عوا 20:24	۱۷	میانہ	قرض لینے دینے کیلئے بد
6	ہفتہ	6	پورپھاگنی 01:45	23	17		سماک 18:28	۱۸	نیک	
7	اتوار	7	اترپھاگنی 00:49	24	18	میزان 17:14	غفرا 17:14	۱۹	نیک	عرس حضرت شاہ ربانی (گجرات)
8	سوموار	8	ہست 00:39	25	19		زبانا 16:43	۲۰	میانہ	تعمیر مکان کیلئے نیک
9	منگل	9	چترا 01:15	26	20		اکلیل 16:53	۲۱	نحس	عرس شاہ شمس تبریز (ملتان)
10	بدھ	10	سواتی 02:34	27	21	عقرب 01:05	قلب 17:40	۲۲	نیک	
11	جمعرات	11	بیساکھا 04:30	28	22		شولہ 18:58	۲۳	نیک	
12	جمعہ	12	انورادھا 06:56	29	23	قوس 12:04	نعام 20:40	۲۴	نحس	
13	ہفتہ	13	جیشٹھا 09:44	ماگھ	24		بلدہ 22:37	۲۵	نحس	
14	اتوار	14	مولا 12:44	2	25		بلدہ	۲۶	نیک	نکاح و سفر کیلئے بد
15	سوموار	15	پورپاکھاڈ 15:48	3	26	جدی 00:42	ذابح 00:42	۲۷	نیک	
16	منگل	16	اتراکھاڈ 18:52	4	27		بلع 02:49	۲۸	نحس اکبر	
17	بدھ	17	سرون 21:48	5	28	دلو 13:31	سعود 04:52	۲۹	نیک	عرس حضرت پیر سید علی شاہ (گولڑہ شریف)
18	جمعرات	18	سرون	6	29		اخبیہ 06:47	۳۰	نیک	
19	جمعہ	19	دھنشٹھا 00:31	7	30		مقدم 08:28		نیک	عرس حضرت پیر حسن (گجرات)
20	ہفتہ	20	ست بھکا 02:57	8	دلو	حوت 01:26	موخر 09:52	۲	نیک	خواجہ مخدوم حسن نظامیؒ
21	اتوار	21	پورپابھادرپد 05:00	9	2		رشا 10:53	۳	نحس	
22	سوموار	22	اتربھادرپد 06:35	10	3	حمل 11:26	شرطین 11:27	۴	نیک	عرس حضرت پیر سید محبوب علی شاہ (حویلیاں)
23	منگل	23	ریوتی 07:38	11	4		بطین 11:29	۵	نحس	
24	بدھ	24	اشنی 08:03	12	5	ثور 18:39	ثریا 10:58	۶	نیک	
25	جمعرات	25	بھرنی 07:50	13	6		دبران 09:50	۷	نیک	جنگ موتہ ۸ھ
26	جمعہ	26	کرتیکا 06:59	14	7	جوزا 22:39	ھقعہ 08:07	۸	نیک	
27	ہفتہ	27	روہنی 05;32	15	8		ھنعہ 05:50	۹	نیک	
28	اتوار	28	مرگسرا 03:34	16	9	سرطان 23:57	ہراۃ 03:05 نثرہ 23:05	۱۰	نحس اکبر	
29	سوموار	29	آردرا 01:12 / پنربس 22:33	17	10		طرفہ 18:33	۱۱	نحس اکبر	
30	منگل	30	پکھ 19:47	18	11	اسد 23:52	جبہ 17:03	۱۲	نیک	
31	بدھ	31	اشلیکھا 17:05	19	12		زھرہ 13:33	۱۳	نحس	

صابری دار الکتب خانہ قذافی مارکیٹ اردو بازار لاہور

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

اوقات شرعی برائے لاہور-کراچی

تاریخ	نماز فجر	طلوع آفتاب	نماز ظہرین	غروب آفتاب	نماز مغربین	طلوع آفتاب	غروب آفتاب
	بابت ماہ جنوری-لاہور					کراچی	
1	05:39	07:00	12:09	05:12	05:24	07:16	05:55
2	05:40	07:00	12:10	05:13	05:25	07:16	05:55
3	05:40	07:01	12:10	05:14	05:25	07:17	05:56
4	05:40	07:01	12:11	05:14	05:26	07:17	05:56
5	05:41	07:01	12:11	05:15	05:27	07:17	05:57
6	05:41	07:01	12:12	05:16	05:28	07:17	05:58
7	05:41	07:01	12:12	05:17	05:28	07:18	05:59
8	05:41	07:01	12:13	05:17	05:29	07:18	05:59
9	05:41	07:01	12:13	05:18	05:30	07:18	06:00
10	05:41	07:01	12:13	05:19	05:31	07:18	06:01
11	05:41	07:01	12:14	05:20	05:32	07:18	06:02
12	05:41	07:01	12:14	05:21	05:32	07:18	06:02
13	05:41	07:01	12:14	05:22	05:33	07:18	06:03
14	05:41	07:01	12:15	05:22	05:34	07:18	06:04
15	05:40	07:01	12:15	05:23	05:35	07:18	06:05
16	05:40	07:00	12:16	05:24	05:36	07:18	06:05
17	05:40	07:00	12:16	05:25	05:37	07:18	06:06
18	05:40	07:00	12:16	05:26	05:38	07:18	06:07
19	05:40	07:00	12:16	05:27	05:39	07:18	06:08
20	05:40	07:00	12:17	05:28	05:39	07:18	06:08
21	05:40	06:59	12:17	05:29	05:40	07:18	06:09
22	05:39	06:59	12:17	05:30	05:41	07:18	06:10
23	05:39	06:59	12:18	05:31	05:42	07:17	06:11
24	05:39	06:58	12:18	05:32	05:43	07:17	06:11
25	05:39	06:58	12:18	05:33	05:44	07:17	06:12
26	05:38	06:57	12:18	05:34	05:45	07:17	06:13
27	05:38	06:57	12:18	05:35	05:46	07:16	06:14
28	05:37	06:56	12:19	05:36	05:47	07:16	06:14
29	05:37	06:55	12:19	05:36	05:48	07:15	06:15
30	05:36	06:55	12:19	05:37	05:49	07:15	06:15
31	05:36	06:54	12:19	05:38	05:50	07:14	06:16

جمادی الاول کا چاند دیکھ کر

سورۂ مزمل (پارہ 29) پڑھیں، روپیہ چاندی دیکھنا مبارک ہے۔

اسم اعظم:۔ یا شافی (اے شفا دینے والے) یا کافی (اے مدد گار والے) 500 بار بعد نماز فجر روزانہ پڑھیں۔

صدقہ:۔ سوا کلو دال مسور اور سرخ کپڑا قبرستان میں پھینک دیں۔

ہدایات حضرت امام رضاؑ:۔ اس ماہ غذا میں سرکہ کا استعمال کریں۔ تیل کی مالش کریں عطر سوگھنا مفید ہے۔

ربیع الثانی سید ابن طاؤس نے ان تینوں مہینوں میں سے ایک کے پہلے دن ایک دعا نقل کی ہے شیخ مفید نے ۳۲ھ میں ۱۰ ربیع الثانی کو امام حسن عسکری علیہ السلام کی ولادت باسعادت کر کی ہے۔ لہذا یہ بہت بابرکت دن ہے اور اس نعمت کے شکرانے میں اس دن روزہ رکھنا مستحب ہے۔

جمادی الثانی ایک قول کی بناء پر ۱۱ھ میں اس دن حضرت فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کی شہادت ہوئی لہذا شیعہ مسلمانوں کو اس دن ان بی بی کی صفِ ماتم بچھانا اور آپ کی زیارت پڑھنا چاہئے۔ نیز آپ پر ظلم کرنے والوں اور آپ کا حق غصب کرنے والوں پر نفرین کرنا چاہئے۔

رجب کے پورے مہینے میں یہ دعا پڑھتا رہے اور روایت ہے کہ یہ دعا امام زین العابدین علیہ السلام نے ماہ رجب میں حجر کے مقام پر پڑھی۔

يَا مَنْ يَّمْلِكُ حَوَآئِجَ السَّآئِلِيْنَ وَيَعْلَمُ ضَمِيْرَ الصَّامِتِيْنَ لِكُلِّ مَسْئَلَةٍ مِنْكَ سَمْعٌ حَاضِرٌ وَّجَوَابٌ عَتِيْدٌ اَللّٰهُمَّ وَمَوَاعِيْدُكَ الصَّادِقَةُ وَاَيَادِيْكَ الْفَاضِلَةُ وَرَحْمَتُكَ الْوَاسِعَةُ فَاَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقْضِيَ حَوَآئِجِيَ لِلدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

شعبان کتاب اقبال میں شعبان کی پہلی رات میں پڑھی جانے والی نمازوں کا ذکر ہوا ہے ان میں سے ایک بارہ رکعت نماز ہے کہ جس کی ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ توحید پڑھی جاتی ہے۔

27 رمضان کی رات اس رات خاص طور پر غسل کرنے کا حکم ہے اور منقول ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام اس رات میں پہلے سے پچھلے پہر تک اس دعا کو بار بار پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي التَّجَافِيْ عَنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَالْاِنَابَةَ اِلٰى دَارِ الْخُلُوْدِ وَالْاِسْتِعْدَادَ لِلْمَوْتِ قَبْلَ حُلُوْلِ الْفَوْتِ.

شوال ۱۴۸ھ امام جعفر صادق علیہ السلام کی تاریخ وفات ہے بعض کا قول ہے کہ حضرت کی وفات ۱۵ شوال کو ہوئی۔ جب کہ آپ کو انگور میں زہر دیا گیا تھا۔

یک روایت میں ہے کہ بوقت وفات آپ نے آنکھیں کھولیں اور فرمایا کہ میرے سب عزیزوں کو جمع کرو جب سارے عزیز آ گئے تو آپ نے ان کی طرف دیکھتے ہوئے فرمایا میری شفاعت اس شخص کے لیے نہیں ہوتی جو نماز کو اہمیت نہ دے اور اس کی پروانہ کرے۔

ذیقعد ایک قول کے مطابق ۲۰۳ھ میں اسی دن امام علی رضاؑ کی شہادت واقع ہوئی اس دن دور و نزدیک سے حضرت کی زیارت کرنا سنت ہے۔ سید ابن طاؤس نے فرمایا ہے کہ میں اپنے بعض علماء کی کتب میں دیکھا ہے کہ ۳۰ ذیقعد کے دن دور و نزدیک سے امام علی رضاؑ کی زیارت کرنا مستحب ہے۔

ذالحجہ ایک اور بزرگ تر مہینہ ہے جب اس مہینے کا چاند نظر آتا تو اکثر صحابہ و تابعین عبادت میں خاص اہتمام کرتے تھے۔ قرآن میں اس کے پہلے دس دنوں کو ایام معلومات کہا گیا ہے اور یہ بڑی فضیلت اور برکت والے ایام ہیں۔ حضرت رسول اللہؐ کا فرمان ہے کہ کسی بھی دن کی نیکی و عبادت خدا کے ہاں اس نیکی و عبادت سے محبوب تر نہیں جو ان دس دنوں میں کی جائے۔ ان دس دنوں کے لیے چار ایک اعمال ہیں۔ (۱) پہلے نو دن کے روزے رکھے تو ایسا ہے گویا ساری زندگی روزے رکھے ہوں۔ (۲) ان دس دنوں میں مغرب و عشا کے درمیان دو رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ توحید اور یہ آیت پڑھے تا کہ حجاج کعبہ کے ثواب میں شریک ہو جائے۔

محرم یہ سال کا پہلا دن ہے اور اس کے لئے دو عمل بیان ہوئے ہیں۔

(۱) روزہ رکھے اس ضمن میں ریان بن شبیب نے امام علی رضا علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص پہلی محرم کا روزہ رکھے اور خدا سے کچھ طلب کرے تو وہ اس کی دعا قبول فرمائے گا۔ جیسے حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا قبول فرمائی تھی۔

(۲) امام علی رضا علیہ السلام سے روایت ہوئی ہے کہ حضرت رسول اللہؐ پہلی محرم کے دن دو رکعت نماز ادا فرماتے اور نماز کے بعد اپنے ہاتھ کو آسمان کی طرف بلند کر کے دعا پڑھے۔

صفر شہید اور کفعمی کے قول کے مطابق ۷ صفر ۸ھ کو مکہ مدینہ کے درمیان ابوا کے مقام پر امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی۔

ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات
محفوظ بک ایجنسی، مارٹن روڈ، کراچی 021-4124286

فروری 2018 پھاگن 2074 حوت 1939 شاکا جمادی الثانی ۱۴۳۹ھ

شمار ایام	نام ایام	عیسوی تقویم	پنچھتر	کبری تقویم	شاکا تقویم	ماہ شرقی البروج / بروج / کواکب	منازل قمر	اسلامی ہجری تقویم	سعد یا نحس	
32	جمعرات	1	مگھا 14:35	ماگھ	دلو		صرفه 10:15		نیک	
33	جمعہ	2	پورپا پھالگنی 12:28	21	14	سنبلہ 00:12	عوا 07:15	۱۵	نیک	ولادت باسعادت امام زین العابدینؑ ۳۸ھ
34	ہفتہ	3	اترا پھالگنی 10:53	22	15		سماك 04:44	۱۶	نحس	
35	اتوار	4	ہست 09:57	23	16	میزان 02:47	غفرا 02:47	۱۷	میانہ	قرض لینے دینے کیلئے بد
36	سوموار	5	چترا 09:46	24	17		زبانا 01:30	۱۸	نیک	سفر کیلئے بد
37	منگل	6	سواتی 10:2	25	18	عقرب 08:56	اکلیل 12:57	۱۹	نیک	جنگ جمل
38	بدھ	7	بیساکھا 11:45	26	19		قلب 01:08	۲۰	میانہ	تعمیر مکان کیلئے نیک
39	جمعرات	8	انورادھا 13:49	27	20	قوس 18:53	شوله 01:59	۲۱	نحس	
40	جمعہ	9	جیشٹھا 16:25	28	21		نعام 03:25	۲۲	نیک	
41	ہفتہ	10	مولا 19:22	29	22		بلده 05:15	۲۳	نیک	
42	اتوار	11	پورپا کھاڈ 22:29	پھاگن	23	جدی 07:20	ذابح 07:20	۲۴	نحس	
43	سوموار	12	پورپا کھاڈ	2	24		بلع 09:29	۲۵	نحس	
44	منگل	13	اترا کھاڈ 01:33	3	25	دلو 20:11	سعود 11:33	۲۶	نیک	نکاح وسفر کیلئے بد
45	بدھ	14	سروں 04:26	4	26		اخبیه 12:22	۲۷	نیک	عرس حضرت مولانا ظفر علی خانؒ (گوجرانوالہ)
46	جمعرات	15	دھنشٹا 07:00	5	27		مقدم 14:53	۲۸	نحس اکبر	
47	جمعہ	16	ست پکھا 09:12	6	28	حوت 07:41	موخر 16:01	۲۹	نیک	نکاح کیلئے بد
48	ہفتہ	17	پورپا بھادرپد 10:57	7	29		رشا 16:45	۳۰	نیک	
49	اتوار	18	اتر بھادرپد 12:16	8	حوت	حمل 17:04	شرطین 17:04		نحس اکبر	عرس سلطان باہوؒ (گڑھ مہاراجہ) ۱۸ عرس حضرت شاہ رکن عالم (ملتان)
50	سوموار	19	ریوتی 13:07	9	2		بطین 16:58	۲	نیک	
51	منگل	20	اشنی 13:32	10	3		ثریا 16:27	۳	نحس	شہادت حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا ۱۱ھ
52	بدھ	21	بھرنی 13:31	11	4	ثور 00:11	دبران 15:32	۴	نیک	سفر کیلئے بد
53	جمعرات	22	کرتیکا 13:04	12	5		هقعه 14:12	۵	نحس	
54	جمعہ	23	روہنی 12:12	13	6	جوزا 05:07	هنعه 12:31	۶	نیک	عرس حضرت بی بی پاکدامن (لاہور)
55	ہفتہ	24	مرگسرا 10:58	14	7		ذراعه 10:27	۷	نیک	عرس بی بی پاکدامن
56	اتوار	25	آردرا 09:23	15	8	سرطان 08:05	نثره 08:06	۸	نیک	سفر کیلئے بد
57	سوموار	26	پنربس 07:23	16	9		طرفه 05:28	۹	نیک	
58	منگل	27	پکھ 05:29	17	10	اسد 09:41	جبهه 02:29 زهره 11:44	۱۰	نیک	فتح جنگ جمل ۳۷ھ
59	بدھ	28	اشلیکھا 03:21	18	11		صرفه 20:50	۱۱	نحس اکبر	

قارئین جعفریہ جنتری نوٹ فرمائیں! تقویم سال رواں میں قمر در عقرب پر خاص نشان سیاہ رنگ اور بچھو کی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے ائمہ کرام معصومین کے نزدیک ان ایام میں خوشی کی کوئی بھی تقریب کرنا مناسب نہیں۔ بوجہ مجبوری کوئی ایسی تقریب مثلاً نیا کام یا سفر شروع کرنا، شادی بیاہ یا خوشی کی رسم کرنا مجبوری ہو تو شرعہ کے مطابق ساڑھے تین کلو گندم بہ نیت صدقہ دیں۔ (ادارہ)

بخاری CD اینڈ بک سنٹر، دربار شاہ چن چراغ، راولپنڈی
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

اوقات شرعی برائے لاہور-کراچی

تاریخ	نماز فجر	طلوع آفتاب	نماز ظہرین	غروب آفتاب	نماز مغربین	طلوع آفتاب	غروب آفتاب
	بابت ماہ فروری-لاہور					کراچی	
1	05:36	06:54	12:19	05:39	05:50	07:14	06:17
2	05:35	06:53	12:19	05:40	05:51	07:14	06:18
3	05:35	06:53	12:19	05:41	05:52	07:13	06:19
4	05:35	06:52	12:19	05:41	05:53	07:13	06:19
5	05:34	06:51	12:20	05:42	05:54	07:12	06:20
6	05:33	06:50	12:20	05:43	05:55	07:12	06:20
7	05:32	06:50	12:20	05:44	05:56	07:11	06:21
8	05:32	06:49	12:20	05:45	05:57	07:11	06:22
9	05:31	06:48	12:20	05:46	05:58	07:10	06:23
10	05:31	06:48	12:20	05:47	05:59	07:10	06:23
11	05:30	06:47	12:20	05:48	06:00	07:09	06:24
12	05:29	06:46	12:20	05:49	06:01	07:08	06:24
13	05:28	06:45	12:20	05:50	06:02	07:07	06:25
14	05:27	06:44	12:20	05:50	06:02	07:07	06:26
15	05:26	06:43	12:20	05:51	06:03	07:06	06:27
16	05:26	06:42	12:20	05:52	06:03	07:05	06:27
17	05:25	06:41	12:20	05:53	06:04	07:04	06:28
18	05:24	06:40	12:19	05:54	06:05	07:04	06:28
19	05:23	06:39	12:19	05:54	06:06	07:03	06:29
20	05:22	06:38	12:19	05:55	06:07	07:02	06:29
21	05:21	06:37	12:19	05:56	06:08	07:01	06:30
22	05:20	06:36	12:19	05:57	06:08	07:01	06:30
23	05:19	06:35	12:19	05:58	06:09	07:00	06:31
24	05:18	06:34	12:19	05:59	06:10	06:59	06:31
25	05:17	06:33	12:19	06:00	06:11	06:58	06:32
26	05:16	06:32	12:18	06:00	06:12	06:57	06:32
27	05:15	06:31	12:18	06:01	06:12	06:56	06:33
28	05:14	06:29	12:18	06:02	06:13	06:55	06:33
29	05:13	06:28	12:18	06:02	06:14	06:54	06:34

جمادی الثانی کا چاند دیکھ کر

سورۃ الدرّ (پارہ 29) پڑھیں، صاحب عمل بزرگ یا عالم دیکھنا مبارک ہے۔

اسم اعظم: یا فتاح (اے فتح دینے والے) یا قادر (اے توانا) 500 بار بعد نماز فجر روزانہ پڑھیں۔

صدقہ: سوا کلو ملے جلے اناج چڑیوں کو ڈالیں۔

ہدایات حضرت امام رضاؑ: اس ماہ زیادہ محنت سے گریز کریں۔ چربی، گوشت اور مسور کی دال نہ کھائیں۔ تازہ سبزیاں، پھل، میوے، مچھلی، مرغابی استعمال کریں۔

گرین واچ (انگلینڈ) سے دیگر ممالک کا فرق وقت

دنیا کے ہر ملک کا اسٹینڈرڈ ٹائم الگ ہوتا ہے ایک ہی وقت میں مختلف ممالک کے سٹینڈرڈ ٹائم کئی گھنٹوں کا فرق رہتا ہے مثال کے طور پر جب انگلینڈ میں رات کے بارہ بجتے ہیں تو پاکستان میں صبح کے پانچ بجے کا وقت ہوتا ہے۔

نام ممالک	دارالحکومت	سٹینڈرڈ ٹائم
پاکستان	اسلام آباد	دوپہر 11 بجکر 30 منٹ
بھارت	نئی دہلی	دوپہر 12 بجے
امریکہ	واشنگٹن	صبح 1 بجکر 30 منٹ
افغانستان	کابل	صبح 11 بجے
آسٹریلیا	کینبرا	شام 4 بجکر 30 منٹ
انڈونیشیا	جکارتہ	دوپہر 1 بجکر 30 منٹ
انگلینڈ	لندن	صبح 6 بجکر 30 منٹ
اٹلی	روم	صبح 7 بجکر 30 منٹ
ایران	تہران	صبح 10 بجے
ناروے	اوسلو	صبح 7 بجکر 30 منٹ
کویت	کویت	صبح 9 بجکر 30 منٹ
بنگلہ دیش	ڈھاکہ	دوپہر 12 بجکر 30 منٹ
ساؤتھ کوریا	سیول	دوپہر 3 بجکر 30 منٹ
قطر	عرب	صبح 9 بجکر 30 منٹ
برما	رنگون	دوپہر 1 بجے
فرانس	پیرس	صبح 7 بجکر 30 منٹ
سوئٹزرلینڈ	جنیوا	صبح 7 بجکر 30 منٹ
جاپان	ٹوکیو	دوپہر 3 بجکر 30 منٹ
چین	پکنگ	دوپہر 2 بجکر 30 منٹ
روس	ماسکو	صبح 9 بجکر 30 منٹ
سعودی عرب	مکہ	صبح 9 بجکر 30 منٹ
تھائی لینڈ	بینکاک	دوپہر 1 بجکر 30 منٹ
سنگاپور	سنگاپور	دوپہر 2 بجے
ملیشیا	کوالمپور	دوپہر 2 بجے
جرمنی	برلن	صبح 7 بجکر 30 منٹ
فلپائن	منیلا	دوپہر 2 بجکر 30 منٹ

مارچ 2018 چیت 2074 حمل 1940 شاکا رجب ۱۴۳۹ھ

شمار ایام	نام ایام	عیسوی تقویم	پنچھتر	بکرمی تقویم	شاکا تقویم	ستارہ قطب شمالی بروج اوقات	منازل قمر	اسلامی ہجری تقویم	سعد یا نحس	اہم واقعات / مذہبی تہوار / عرس
60	جمعرات	1	01:14 سکا / 23:17 پورا پھلگن	پھاگن 20	حوت 13	سنبلہ 10:57	عوا 18:02		نحس اکبر	
61	جمعہ	2	اترا پھالگنی 21:37	21	14		سماک 15:30	۱۳	نحس	شہادت حضرت ام البنین والدہ حضرت عباسؑ
62	ہفتہ	3	ہست 20:24	22	15	میزان 13:20	غفر 13:20	۱۴	نیک	
63	اتوار	4	چترا 19:45	23	16		زبانا 11:40	۱۵	نیک	عرس بابا موج دریا بخاری (لاہور)
64	سوموار	5	سواتی 19:47	24	17	عقرب 18:22	کلیل 10:35	۱۶	نحس	تعمیر مکان کیلئے نیک
65	منگل	6	بیساکھا 20:33	25	18		قلب 10:11	۱۷	میانہ	عرس حضرت امام ہمدانی (سیالکوٹ)
66	بدھ	7	انورادھا 22:04	26	19		شولہ 10:28	۱۸	نیک	
67	جمعرات	8	جیشٹھا	27	20	قوس 03:02	نعام 11:26	۱۹	نیک	عرس سید جلال الدین (آبی شریف) / عرس حضرت شاہ دولہ (لاہور)
68	جمعہ	9	انورادھا 00:14	28	21		بلدہ 12:56	۲۰	نیک	ولادت باسعادت حضرت بی بی فاطمہ از حواۃ ملوا اللہ علیہا
69	ہفتہ	10	مولا 02:56	29	22	جدی 14:51	ذابح 14:52	۲۱	نحس	
70	اتوار	11	پورپاکھاڑ 05:58	30	23		بلغ 16:59	۲۲	نیک	منت و دستر خوان حضرت امام حسنؑ
71	سوموار	12	اترا کھاڑ 09;04	چیت	24	دلو 03:44	سعود 19:04	۲۳	نیک	
72	منگل	13	سروں 12:00	2	25		اخبیہ 20:57	۲۴	نحس	
73	بدھ	14	دھنشٹھا 14:35	3	26		مقدم 20:27	۲۵	نحس	نکاح و سفر کیلئے بد
74	جمعرات	15	ست پکھا 16:42	4	27	حوت 15:11	موخر 23:28	۲۶	نیک	نکاح و سفر کیلئے بد
75	جمعہ	16	پورپابھادرپد 18:14	5	28		رشا 23:58	۲۷	نیک	عرس حضرت حسام الدین تبغ بند (گلبرگہ شریف)
76	ہفتہ	17	اتر بھادرپد 19:12	6	29	حمل 23:56	شرطین 23:56	۲۸	نیک	عرس حضرت ابو نجیب (دہلی) ۲۸ عرس حضرت عنایت قادری (لاہور)
77	اتوار	18	ریوتی 19:39	7	30		بطین 23:26	۲۹	نیک	نکاح و سفر کیلئے بد
78	سوموار	19	اشنی 19:38	8	حمل	ثور 06:06	ثریا 22:30		نیک	ولادت باسعادت امام محمد باقرؑ ۵۷ھ
79	منگل	20	بھرنی 19:14	9	2		دبران 21:13	۲	نیک	
80	بدھ	21	کرتیکا 19:31	10	3		ھقعہ 19:39	۳	نحس	شہادت امام علی نقیؑ ۲۵۴ھ
81	جمعرات	22	روہنی 17:34	11	4	جوزا 10:29	ھنعہ 17:53	۴	نیک	عرس حضرت شیخ سالک شاہ نظامی (سیالکوٹ)
82	جمعہ	23	مرگسرا 16:27	12	5		ذراع 15:56	۵	نیک	ولادت باسعادت امام علی نقیؑ ۲۱۴ھ
83	ہفتہ	24	آردرا 15:12	13	6	سرطان 13:52	نثرہ 13:52	۶	نیک	(۱۶تا۲۶) عرس حضرت خواجہ معین الدین چشتی (اجمیر)
84	اتوار	25	پنربس 13:50	13	7		طرفہ 11:43	۷	نیک	
85	سوموار	26	پشیہ 12:24	14	8	اسد 16:44	جبہ 09:29	۸	نیک	عرس حضرت میاں بادشاہ (لاہور)
86	منگل	27	اشلیکھا 10:57	15	9		زھرہ 07:14	۹	نیک	ولادت باسعادت حضرت علی اصغرؑ
87	بدھ	28	مگھا 09:30	16	9	سنبلہ 19:30	صرفہ 04:58	۱۰	نیک	ولادت باسعادت حضرت امام محمد تقیؑ ۱۹۵ھ
88	جمعرات	29	پورپھالگنی 08:08	17	10		عوا 02:46	۱۱	نحس اکبر	
89	جمعہ	30	اترا پھالگنی 06:56	18	11	میزان 22:51	سماک 00:42 غفر 22:51	۱۲	نحس اکبر	
90	ہفتہ	31	ہست 06:00	19	12		زبانا 21:19	۱۳	نیک	ولادت باسعادت حضرت علی در خانہ کعبہ

منتظر سٹیشنری اینڈ فوٹو سٹیٹ سنٹر، پنجابی بازار، پارا چنار
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

اوقات شرعی برائے لاہور-کراچی

تاریخ	بابت ماہ مارچ-لاہور نماز فجر	طلوع آفتاب	نماز ظہرین	غروب آفتاب	نماز مغربین	کراچی طلوع آفتاب	کراچی غروب آفتاب
1	05:13	06:27	12:18	06:03	06:14	06:54	06:34
2	05:11	06:26	12:18	06:04	06:14	06:54	06:34
3	05:10	06:25	12:18	06:05	06:15	06:53	06:35
4	05:09	06:24	12:18	06:05	06:16	06:52	06:35
5	05:08	06:22	12:17	06:06	06:17	06:51	06:36
6	05:07	06:21	12:17	06:07	06:17	06:50	06:36
7	05:05	06:20	12:17	06:08	06:18	06:49	06:37
8	05:04	06:19	12:17	06:08	06:19	06:48	06:37
9	05:03	06:18	12:16	06:09	06:20	06:47	06:38
10	05:02	06:16	12:16	06:10	06:20	06:46	06:38
11	05:01	06:15	12:16	06:11	06:21	06:45	06:39
12	05:00	06:14	12:16	06:11	06:22	06:44	06:39
13	04:58	06:13	12:15	06:12	06:23	06:43	06:40
14	04:56	06:12	12:15	06:13	06:23	06:42	06:40
15	04:56	06:10	12:15	06:13	06:24	06:41	06:41
16	04:55	06:09	12:15	06:14	06:25	06:40	06:41
17	04:53	06:07	12:14	06:15	06:25	06:39	06:42
18	04:52	06:06	12:14	06:16	06:26	06:38	06:42
19	04:50	06:05	12:13	06:16	06:27	06:37	06:43
20	04:49	06:03	12:13	06:17	06:28	06:36	06:43
21	04:48	06:02	12:13	06:18	06:28	06:35	06:44
22	04:47	06:01	12:13	06:18	06:28	06:34	06:44
23	04:45	06:00	12:12	06:19	06:29	06:33	06:45
24	04:43	05:59	12:12	06:19	06:30	06:32	06:45
25	04:42	05:58	12:12	06:20	06:31	06:31	06:46
26	04:41	05:56	12:12	06:20	06:31	06:30	06:46
27	04:40	05:55	12:11	06:21	06:32	06:29	06:46
28	04:38	05:54	12:10	06:22	06:33	06:27	06:46
29	04:37	05:53	12:10	06:22	06:33	06:26	06:47
30	04:36	05:51	12:10	06:23	06:34	06:25	06:47
31	04:34	05:50	12:10	06:24	06:35	06:24	06:48

رجب کا چاند دیکھ کر

سورۃ یسین (پارہ 22) پڑھیں، قرآن پاک، مہندی پھول دیکھنا مبارک ہے۔

اسم اعظم: ۔یا علی (اے بلندی والے) یا عظیم (اے عظمت والے) 500 بار بعد نماز فجر روزانہ پڑھیں۔

صدقہ: ۔ثابت سیاہ مرچ ایک مٹھی سیاہ کپڑے میں رکھ کر پھینک دیں۔

ہدایات حضرت امام رضاؑ: ۔اس ماہ نہار منہ ٹھنڈا پانی تھوڑا تھوڑا کر کے پئیں۔ نرم اور زود ہضم غذائیں استعمال کریں۔ پھولوں کا سونگھنا مفید ہے۔

اوقات استخراج نوروز عالم افروز 2018ء تا 2050ء

سن عیسوی	مارچ	دن	وقت
2018	20	منگل	21:17
2019	21	جمعرات	03:00
2020	20	جمعہ	05:48
2021	20	ہفتہ	14:39
2022	20	اتوار	20:35
2023	21	منگل	02:26
2024	20	بدھ	08:08
2025	20	جمعرات	14:03
2026	20	ہفتہ	19:49
2027	21	اتوار	01:26
2028	20	سوموار	07:18
2029	20	منگل	13:03
2030	20	بدھ	18:53
2031	21	جمعہ	00:42
2032	20	ہفتہ	06:23
2033	20	اتوار	12:24
2034	20	سوموار	18:19
2035	21	بدھ	00:04
2036	20	جمعرات	06:04
2037	20	جمعہ	11:51
2038	20	ہفتہ	17:42
2039	20	اتوار	23:33
2040	20	منگل	05:13
2041	20	بدھ	11:08
2042	20	جمعرات	16:54
2043	20	جمعہ	22:29
2044	20	اتوار	04:22
2045	20	سوموار	10:09
2046	20	منگل	15:59
2047	20	بدھ	21:54
2048	20	جمعہ	03:35
2049	20	ہفتہ	09:30
2050	20	اتوار	15:21

اپریل 2018 بیساکھ 2075 ثور 1940 شاکا شعبان ۱۴۳۹ھ

شمار ایام	نام ایام	تقویم مسیحی	پنچھتر	تقویم بکرمی	تقویم شاکا	ماہ قمری اوقات بدیج	منازل قمر	اسلامی ہجری تقویم	سعد یا نحس	اہم واقعات / مذہبی تہوار / عرس
91	اتوار	1	05:26 چترا	چیت	حمل		اکلیل 20:13		نیک	عرس حضرت حاجی صدؒ (اجمیر)
92	سوموار	2	05:21 سواتی	21	14	عقرب 03:57	قلب 19:36	۱۵	نحس	احتمال شہادت بی بی زینب سلام اللہ علیہا
93	منگل	3	05:51 بیساکھا	22	15		شولہ 19:35	۱۶	نحس	عرس حضرت شاہ جہاںؒ (آگرہ)
94	بدھ	4	07:00 انورادھا	23	16	قوس 11:54	شولہ 20:10	۱۷	میانہ	قرض لینے دینے کیلئے بد
95	جمعرات	5	08:48 جیشٹھا	24	17		بلدہ 21:21	۱۸	نیک	عرس حضرت حافظ میاں حسین نعیم حامی عفؒ (نکانہ صاحب)
96	جمعہ	6	11:12 مولا	25	18	جدی 23:01	ذابح 23:01	۱۹	نیک	
97	ہفتہ	7	14:02 پورپاکھاڑ	26	19		ذابح	۲۰	میانہ	
98	اتوار	8	17:06 اتراکھاڑ	27	20		بلغ 01:01	۲۱	نحس	
99	سوموار	9	20:08 سرون	28	21	دلو 11:49	سعود 03:08	۲۲	نیک	زیارت امام جعفرؑ کمنڈ
100	منگل	10	22:54 دھنشٹھا	29	22		اخبیہ 05:08	۲۳	نحس	
101	بدھ	11	دھنشٹھا	30	23	حوت 23:9	مقدم 06:49	۲۴	نیک	فتح خیبر بدست مولا علیؑ ۷ھ
102	جمعرات	12	ست پکھا 01:10	31	24		موخر 07:59	۲۵	نحس	شہادت امام موسیٰ کاظمؑ ۱۸۳ھ
103	جمعہ	13	پورپابھادرپد 02:47	بیساکھ	25		رشا 08:32	۲۶	نیک	سفر و نکاح کیلئے بد / شب معراج
104	ہفتہ	14	اتربھادرپد 03:43	2	26	حمل 08:25	شرطین 08:25	۲۷	نیک	عید بعثت رسولؐ خدا / معراج شریف
105	اتوار	15	ریوتی 03:57	3	27		بطین 07:41	۲۸	نحس	روانگی زوار حسینؑ بجانب کربلا
106	سوموار	16	اشنی 03:34	4	28	ثور 13:50	ثریا 06:23	۲۹	نیک	نکاح کیلئے بد
107	منگل	17	بھرنی 02:41	5	29		دبران 04:38	۳۰	نیک	
108	بدھ	18	01:26 کرتیکا / 23:57 رہنی	6	30	جوزا 17:02	ھقعہ 02:33		نیک	ولادت باسعادت حضرت بی بی زینب سلام اللہ علیہا
109	جمعرات	19	مرگسرا 22:21	7	31		ھقعہ 00:15 زراعہ 21:51	۲	نیک	فرض روزے ماہ رمضان ۲ھ
110	جمعہ	20	آردرا 20:44	8	ثور	سرطان 19:26	نثرہ 19:26	۳	نیک	ولادت باسعادت مولا حسینؑ ۴ھ
111	ہفتہ	21	پنربس 19:12	9	2		طرفہ 17:05	۴	نیک	ولادت باسعادت حضرت عباسؑ علمدار کربلا
112	اتوار	22	پشیہ 17:47	10	3	اسد 22:08	جبہ 14:51	۵	نحس	عرس غائب شاہ (بہاولپور)
113	سوموار	23	اشلیکھا 16:32	11	4		زہرہ 12:46	۶	نیک	
114	منگل	24	مگھا 15:28	12	5		صرفہ 10:51	۷	نیک	ولادت باسعادت حضرت قاسمؑ ابن امام حسنؑ
115	بدھ	25	پورپھالگنی 14:35	13	6	سنبلہ 01:40	عوا 09:06	۸	نیک	عرس حضرت صادق شاہ سیفیؒ (ناگ پور)
116	جمعرات	26	اتراپھالگنی 13:55	14	7		سماک 07:33	۹	نیک	
117	جمعہ	27	ہست 13:30	15	8	میزان 06:12	غفرا 06:12	۱۰	نیک	
118	ہفتہ	28	چترا 13:22	16	9		زبانا 05:07	۱۱	نیک	ولادت باسعادت حضرت علی اکبرؑ ابن امام حسینؑ
119	اتوار	29	سواتی 13:36	17	10	عقرب 12:11	اکلیل 04:21	۱۲	نیک	
120	سوموار	30	بیساکھا 14:16	18	11		قلب 03:58	۱۳	نحس	عرس حضرت پیر مولانا عبدالرحمٰن شاہؒ (بہبتی)

اسلامی کتب خانہ، کنگن روڈ، احمد پور شرقیہ۔ 0334-9809184 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

اوقات شرعی برائے لاہور-کراچی

تاریخ	نماز فجر	طلوع آفتاب	نماز ظہرین	غروب آفتاب	نماز مغربین	طلوع آفتاب (کراچی)	غروب آفتاب (کراچی)
	بابت ماہ اپریل-لاہور						
1	04:33	05:49	12:09	06:25	06:35	06:23	06:49
2	04:31	05:47	12:09	06:25	06:36	06:22	06:49
3	04:30	05:46	12:08	06:26	06:37	06:21	06:49
4	04:28	05:45	12:08	06:27	06:37	06:20	06:49
5	04:27	05:43	12:08	06:27	06:38	06:19	06:50
6	04:25	05:42	12:08	06:28	06:38	06:18	06:50
7	04:24	05:41	12:08	06:29	06:39	06:17	06:51
8	04:23	05:40	12:07	06:29	06:40	06:16	06:51
9	04:22	05:39	12:07	06:30	06:41	06:15	06:52
10	04:20	05:37	12:07	06:30	06:42	06:14	06:52
11	04:19	05:36	12:07	06:31	06:42	06:13	06:53
12	04:18	05:35	12:06	06:32	06:43	06:13	06:53
13	04:16	05:34	12:06	06:32	06:43	06:12	06:54
14	04:14	05:33	12:06	06:33	06:44	06:11	06:54
15	04:13	05:32	12:06	06:34	06:45	06:10	06:55
16	04:12	05:31	12:05	06:35	06:45	06:09	06:55
17	04:10	05:29	12:05	06:35	06:46	06:08	06:55
18	04:09	05:28	12:05	06:36	06:47	06:07	06:55
19	04:08	05:27	12:05	06:37	06:47	06:06	06:56
20	04:06	05:26	12:04	06:37	06:48	06:05	06:56
21	04:05	05:25	12:04	06:38	06:48	06:04	06:57
22	04:03	05:24	12:04	06:39	06:50	06:04	06:57
23	04:02	05:23	12:04	06:39	06:50	06:03	06:58
24	04:01	05:21	12:03	06:40	06:51	06:02	06:58
25	04:00	05:20	12:03	06:41	06:51	06:01	06:59
26	04:00	05:20	12:03	06:42	06:52	06:00	06:59
27	03:59	05:19	12:03	06:42	06:53	05:59	07:00
28	03:57	05:18	12:03	06:43	06:53	05:59	07:00
29	03:55	05:17	12:03	06:44	06:54	05:58	07:01
30	03:55	05:16	12:03	06:45	05:55	05:57	07:01

شعبان کا چاند دیکھ کر

سورۃ جن (پارہ 29) پڑھیں سبز و رنگین کپڑا لیٹ کر انسان کی زیارت مبارک ہے۔

اسم اعظم: یا حیی (اے زندہ رہنے والے) یا قیوم (اے قائم رہنے والے) 500 بار بعد نماز فجر روزانہ پڑھیں۔

صدقہ: ثابت لال مرچ 41 عدد اپنے ہاتھ سے بہتے ہوئے پانی میں ڈالیں۔

ہدایات حضرت امام رضاؑ: اس ماہ جلاب لینا مفید ہے کثرت سے گوشت یا حلوہ کھانا اور بلاعذر مسہل کرنا نقصان دہ ہے۔

شرف سیارگان

جنوری
ھبوط شمس:- 09 جنوری 07:08 تا 10 جنوری 06:41

فروری
ھبوط عطارد:- 25 فروری 21:40 تا 26 فروری 10:20

مارچ
شرف زھرہ:- 23 مارچ 23:39 تا 04 مارچ 18:55

اپریل
شرف شمس:- 18 اپریل 02:22 تا 19 اپریل 02:47

مئی
شرف مریخ:- 09 مئی 03:14 تا 11 مئی 11:39
اوج زھرہ:- 12 مئی 06:11 تا 13 مئی 02:08
حضیض عطارد:- 16 مئی 06:25 تا 16 مئی 21:06

جولائی
اوج شمس:- 11 جولائی 13:21 تا 12 جولائی 14:33

(9 تا 16) اس ہفتہ آپ کاروبار میں متوقع فائدہ حاصل کر سکیں گے۔ آپ ملازمت کاروبار، صحت اور جائیداد وغیرہ کے معاملات بہتر ہوں گے۔ سرمایہ کاری سودمند رہے گی۔ لین دین میں محتاط برتیں سماجی تقریبات میں شرکت کر کے اچھا نام پیدا کر سکتے ہیں۔ اس ہفتہ رومانس اور سفر بھی خاص اہمیت کے حامل ہونگے۔ مختلف کاموں میں آپ کے لئے خوشخبری اور خوش بختی کی علامت ہوگی۔ پرندوں کو ان کی خوراک صدقہ کے طور پر دیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے۔ یہ وقت بزرگوں سے دعا کروانے کے لئے بہتر ہے وہ افراد جن کے والدین حیات ہیں زندگی میں مسائل سے نجات کیلئے خصوصاً اپنی والدہ سے دعا کروائیں۔ کسی شے کے کھو جانے کا بھی اندیشہ ہے۔ یہ آپ کے لئے کوئی اچھی خبر نہ ہے۔ کہ جس کا آپ کو اندازہ ہی نہیں۔ سبز رنگ فائدہ دیگا۔ ناجائز معاملات سے گریز کریں۔

(26 تا 31) سیارہ زہرہ جو کہ آپ کے برج کا حاکم بھی ہے۔ اس ہفتہ سعد قران کی حالت سے گزر رہا ہے ہر شخص چاہتا ہے کہ اُس کے چاہنے اور محبت کرنے والے بے شمار ہوں آپ اپنی صلاحیتوں سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں مگر ایک بات یاد رکھیں آپ کی گفتگو بات سے کھال اتارنے والی ہوتی ہے ان ایام میں مختصر گفتگو سے دوسروں کو باآسانی گرویدہ کر سکتے ہیں۔ ایسے افراد جو کہ عرصہ دراز سے اپنی محبت دل میں لئے بیٹھے تھے اس ہفتہ اظہار محبت کر سکتے ہیں۔

☆**نومبر** (یکم تا 8) کسی عزیز دوست کے ساتھ مل کر کاروبار کا آغاز کر سکیں گے مصروفیات میں اضافہ ہو سکتا ہے کوئی نئی خوشخبری سن سکیں گے۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ عزیز و اقارب سے الجھے سے گریز کریں اس سلسلہ میں بزرگوں سے مشورہ کرنا سودمند ثابت ہوگا۔ دوستوں رشتہ داروں اور پڑوسیوں کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کے لئے معاون ثابت ہونگی۔ یا کسی روحانی بزرگ سے فیض حاصل کریں جواب آپ کے لئے بہتر ثابت ہوگا۔

(9 تا 16) ایسے افراد جو کہ اپنے محبوب سے محبت کا اظہار ابھی تک نہ کر پائے یہ ہفتہ اُن کیلئے مبارک ہے۔ منگنی، نکاح یا شادی کرنے کیلئے بھی یہ وقت موزوں ہے ناراض دوستوں کو منایا جا سکتا ہے۔ ان ایام میں گھریلو مصروفیات بڑھیں گی اپنے منصوبوں پر کامیابی سے عمل کر سکیں گے۔ موسم کے اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے موسم کیمطابق خاص بندوبست کریں اچھی خبر یا خوشی ملنے کی امید ہے۔ نئے رابطے اور نئی دوستیاں بن سکتی ہیں۔

(17 تا 24) مخالفین سے محتاط رہنے کی سخت ضرورت ہے غفلت میں نقصان دینے کی کوشش کرینگے خفیہ حفاظتی امور کی انجام دہی احتیاط کریں۔ عزیز و اقارب سے معاملات بہتر بنائیں آپ کے حق میں ہی فیصلہ ہوگا۔ عبادت و ریاضت کی طرف دھیان رہے گا روحانی سکون میسر ہوگا۔

(25 تا 30) اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ ان دنوں غیر ضروری اخراجات سے پرہیز کریں دور دراز سے کوئی خبر سن سکیں گے۔ اور محتاط رہیں کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی۔ پیشہ وارانہ صلاحیتیں ابھریں گی بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں کسی دیرینہ دوست یا کسی بچھڑتے ہوئے عزیز سے اچانک ملاقات ہوگی بعد کے ہوئے کاموں کو خوش اسلوبی سے نمٹا لیا جائیگا۔ تیز رفتاری سے گریز کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

☆**دسمبر** (یکم تا 8) کاروباری معاملات میں سخت محنت درکار ہوگی ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے گرمیوں میں سیر و تفریح کے پروگرام پر عمل کر سکیں گے آپ کی شخصیت دوسروں کو متاثر کر سکے گی طالب علم اپنی تعلیمی کی کو دور کر سکیں گے۔ شریک حیات کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کے ساتھ رہیں گی۔ جس سے گھریلو ماحول خوشگوار ہوگا۔ عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہو سکیں گے۔ جو کہ آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے یہ وقت ناراض عزیز و اقارب کو منانے کے لیے بہتر ثابت ہو سکتا ہے۔ وہ افراد جو کہ روحانی وظائف سے قوت لینا چاہتے ہوں فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

(17 تا 25) کوئی قانونی معاہدہ طے کر سکیں گے۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائے گی رومانس کے مواقع حاصل ہونگے دوران سفر بچوں کے معاملے میں احتیاط کریں کوئی اہم تقریب منعقد کر سکیں گے خاص طور پر شادی کی تقریب منعقد کر سکیں گے۔ خاص طور پر شادی کی تقریب، کاروباری اور گھریلو مسائل حل کر سکیں گے۔ اس ہفتہ آپ ذرائع ابلاغ سے مستفید ہو سکیں گے مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ اہم اطلاعات وصول کر سکیں گے۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی گھریلو اور خاندانی معاملات میں مصروفیات بڑھے گی سرمایہ کاری سودمند رہے گی۔

(26 تا 31) عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہونگے۔ سیر و تفریح کے پروگرام پر عمل کر سکیں گے۔ مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کر سکیں گے سماجی تقریبات میں شرکت کر سکیں گے۔ خریداری کی طرف رجحان بڑھے گا آمدن اور خرچ میں توازن قائم رکھنے کی کوشش کریں گھریلو معاملات میں دوسروں کو دخل اندازی سے پریشانیوں میں اضافے کا امکان ہے۔ محتاط رویہ احتیاط کریں۔ دوسروں پر بھروسہ کرنا اتنا زیادہ اچھا نہیں۔

طاہر بک ڈپو کچہری بازار خانیوال 065-2552675

GEMINI

جوزا



تاریخ پیدائش:۔ 22 مئی تا 21 جون | نام کا سرحرف:۔ ق ک | موافق دن:۔ جمعہ | حاکم سیارہ:۔ عطارد

خاصیت:۔ ہوشیار، پاکیزہ خیالات | موافق عدد:۔ 5

امراض:۔ سر درد، آنتوں اور پیٹ کے امراض | موافق پتھر: زمرد، برجد، زرد عقیق

نقائص خصلت:۔ مضطرب، غلط فہمیاں پیدا کرنے والے | موافق رنگ: گولڈن، سبز، فیروزی، پیلا، زرد

☆**جنوری** (یکم تا 8) اس سال کے آغاز میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد برج قوس میں مقیم ہے اس برج میں اس کے اثرات یہ ہوں گے کہ محبت کے معاملات سے متعلق سیارہ ان دنوں نحس اثرات سے گزر رہا ہے آپ کو ہر طرح سے احتیاط کی ضرورت ہے یہ نہ بھولیں کہ کچھ لوگوں کی نظریں آپ پر لگی ہوئی ہیں وہ ہر طرح سے آپ کو نیچا دکھانے کی کوشش کر رہے ہیں آپ خود معاملہ کی سنگینی کو بہتر طور سے جان سکتے ہیں۔ (9 تا 16) اس ہفتہ کئے گئے معاہدے اپنے انجام کو نہ پہنچیں گے۔ پریشانی کو اپنے سے دور رکھیں۔ طبیعت میں چڑچڑا پن رہیگا لیکن کوشش کریں کہ آپ لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کروانے میں کامیاب ہو جائیں۔ ممکن ہے کہ ان دنوں میں کہیں سے مفت کی دولت ہاتھ آجائے۔ غصہ کو قابو میں رکھیں۔ (17 تا 25) اپنی ذہن قوتوں کو زنگ نہ لگنے دیں۔ حالات آپ کے حق میں نہیں احتیاط ضروری ہے۔ ملازمت پیشہ افراد اس ہفتہ ایک نئی آزمائش سے گزر سکتے ہیں۔ اگر فوری طور پر معاملہ کو نہ سنبھالا تو نقصان آپ کا ہے۔ غلطیوں سے سبق سیکھیں اور کوشش کریں کہ آئندہ اس قسم کی غلطی نہ ہو۔ (26 تا 31) کسی عزیز کی جانب سے یا کسی قریبی دوست سے دکھ مل سکتا ہے آپ کے ساتھ دھوکہ کیا جا رہا ہے نہایت احتیاط کرنی ہوگی اس ہفتہ آپ کے سیارے اچھی حالت میں نہیں ہے۔ احتیاط سے کام لیں۔ شریک حیات سے کسی بات پر اختلافات ہو سکتا ہے۔ زبان میں نرمی رکھیں۔

☆**فروری** (یکم تا 7) اس ہفتہ آپکے برج کا حاکم نظر تسدیس قائم کر رہا ہے عطارد مریخ کے درمیان قائم ہونے والی اس نظر کے اثرات کے سبب یہ ہفتہ بہتر نتائج دے سکتا ہے عزیز و اقارب سے اختلافات ختم ہو سکتے ہیں آپ بھی اپنے غصہ کو ٹھنڈا کریں۔ ایسا موقع بار بار نہیں آتا۔ (8 تا 14) اس ہفتہ عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ اپنی سوچ کو مثبت انداز میں رکھیں کسی بھی بات کے شروع ہونے سے پہلے منفی رجحان کو ختم کر دیں۔ ملازم پیشہ افراد افسران بالا کی جانب سے کوئی نقصان اُٹھا بیٹھیں گے بہتر ہے کہ ہاتھیوں کی لڑائی میں کچلنے سے بچیں۔ (15 تا 21) ان ایام میں عطارد قران شمس کی نظر قائم ہو رہی ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ مقدمہ میں فتح ہوگی۔ جواں عمر کے لوگ اس ہفتہ آپ کو فائدہ دینگے۔ خصوصاً اگر آپ کی اولاد جوان ہے تو اہم امور میں اس سے ضرور مشورہ کریں۔ ذہنی دباؤ بھی ہو سکتا ہے۔ (22 تا 28) اس ہفتہ خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات سعد رہیں گے تجارت میں فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ کامیاب زندگی حاصل ہوگی اعلیٰ درجہ کی خواتین سے مالی فائدے ممکن ہیں۔ دشمنی کے خطرات ٹل سکتے ہیں۔ صحت کا خیال رکھیں۔ بزرگوں کی دعاؤں کی برکت سے بگڑے ہوئے معاملات درست ہو سکتے ہیں روحانی امداد حاصل کریں۔ اس ہفتہ کے آخر میں عطارد درجہ حضیض پر پہنچے گا عطارد کی تمام ساعت قوتیں نحس یعنی منفی رُخ اختیار کر لیتی ہیں ان ایام میں سر درد، ڈپریشن، ہو سکتا ہے، عزیز رشتے داروں میں نفاق پیدا ہو سکتا ہے۔

☆**مارچ** (یکم تا 8) اس ہفتہ کا آغاز آپ کیلئے مبارک نہ ہے جو کچھ کریں سوچ سمجھ کر بہتر طریقہ سے انجام نہیں دے سکتے۔ حالات کی بہتری کیلئے بزرگوں سے خصوصی دعا کروائیں۔ اس ہفتہ آپکے برج کا حاکم سیارہ نظر تربیع قائم کر رہا ہے عطارد مریخ کی یہ نحس نظر نقصان دے سکتی ہے۔ (9 تا 15) اس ہفتہ نحس نظر عطارد تربیع زحل قائم ہو رہی ہے جس کے نحس اثرات کی وجہ سے بزدلی پیدا ہو سکتی ہے خوف اور دہشت کا عنصر بھی غالب رہیگا۔ اس ہفتہ جرت مندی سے مقابلہ کیا جائے کمزوری یا بزدلی آپکو لے ڈوبے گی۔ اگر آپ کمزور پڑ گئے یا مشکلات سے فرار کی راہ اختیار کی تو یہ ہفتہ طرفداری نہ کرے گا۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں نہیں اس ہفتہ بدنامی کا خدشہ ہے۔ سیاہ رنگ لباس استعمال نہ کریں۔ (16 تا 24) ان ایام میں عطارد قران زہرہ قائم ہو رہا ہے۔ اس نظر کے تحت محبوب یا شریک حیات سے وابستہ توقعات ان دنوں پوری ہونگی۔ عزیز اقارب کی ناراضگی دور کرنے اور صلح کا وقت ہے انعامی اسکیموں میں کامیابی حاصل ہو سکتی ہے اس ماہ آپ کا لکی عدد 73 ہے۔ (25 تا 31) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد ان ایام میں برج حمل میں ہے 23 مارچ تا 15 اپریل کو اس سیارہ کو رجعت ہو رہی ہے۔ اس دوران یہ سیارہ اپنی طاقت کھو دیگا۔ اس دوران طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب رہیگا آپ کو آرام کرنا چاہئے کوئی بھی تحریری معاہدہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ عزیز اور رشتہ داروں سے وفا کی امید نہ رکھیں۔ جس شخص پر آپ نے بھروسہ کیا اُس سے دھوکہ ملنے کی قوی امکان ہے۔

☆**اپریل** (یکم تا8) اس ہفتہ عطارد قران شمس کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ان دنوں میں آپ افسران بالا یا والدین کے غضب وغصہ کو دور کر سکتے ہیں۔ بزرگوں سے خصوصی دعا کروائیں اعلیٰ عہدوں پر فائز افسران بالا سے فائدہ لیا جاسکتا ہے۔ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جاسکتی ہے۔زائچہ میں بچوں کی جانب سے بہتر لائحہ عمل پیش کرنے کی نشانی موجود ہے۔
(9 تا16)15اپریل کو آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد رستقیم ہورہا ہے اس دوران اس کی کھوئی ہوئی قوتیں واپس مل جائیں گی۔عدالتی فیصلے، معاہدے کیے جاسکتے ہیں۔اندرون ملک حصول رزق کے لئے بعض افراد کو سفر کرنے کا موقع مل سکے گا۔فائدہ حاصل ہونے کی قوی امید ہے۔اس ماہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا میل جول بڑھے گا بامقصد نوعیت کی سرگرمیاں بھی رہینگی۔ایسے لوگ جن کا آپ سے قریبی تعلق ہے۔فائدہ پہنچ سکتا ہے۔
(17 تا25)اس ہفتہ حالات بہتری کی طرف آرہے ہیں طبیعت میں سے غصہ کا عنصر کم کریں ورنہ آئندہ کی کامیابی کو آپ ناکامی میں تبدیل کر بیٹھیں گے قوت ارادی مضبوط کرلیں۔مخالفین آپ پر غلبہ پاسکیں یاد رکھیں کہ کچھ لوگ آپ کو نیچا دکھانے کی کوشش کررہے ہیں۔لکی عدد29 ہے۔
(26 تا30)اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔کسی سے تلخ کلامی سے نہ پیش آئیں کوشش کریں کہ اپنے برج کا صدقہ لازمی دیں۔جو بات دل میں ہو اُسے زبان پر لے آئیں کسی کے معاملات میں پڑنے یا الجھنے کی کوشش نہ کریں اپنے کام سے کام رکھیں تو زیادہ بہتر ہے۔جو کام کرنا ہو اُسے فوری انجام دیں۔سستی کو اپنی زندگی سے نکال کر پھینک دیں۔نئی منصوبہ بندی کرسکتے ہیں۔نیلا رنگ استعمال نہ کریں۔

☆**مئی** (یکم تا8) یہ ہفتہ اور آئندہ ہفتہ آپ کیلئے نحس ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد ہبوطی درجات سے گزر رہا ہے معاملات کو بگاڑنے میں اہم کردار ادا کریگا۔قریبی عزیز رشتہ داروں سے تعلقات بہتر رکھیے کسی سے لڑائی جھگڑا نہ کریں صحت کا خاص طور سے خیال رکھا جائے کیونکہ یہ وقت ڈپریشن کو بڑھنے میں بھی مدد دیتا ہے۔کسی بھی بات کو ذہن پر سوار نہ کریں۔اپنے برج سے متعلقہ صدقہ ضرور دیں۔
(9 تا16) آپکے برج کا حاکم سیارہ انتہائی گردش میں ہے تربیع کی نحس نظر عطارد اور مریخ کے درمیان قائم ہورہی ہے۔افسران بالا یا والدین کے غضب وغصہ کو ختم کرنے کیلئے۔بدھ کے دن ملے جلے اناج کا صدقہ دیں۔فالتو بات سے گریز کریں اپنے کام سے کام رکھیں۔بڑی عمر کی عورتوں سے رومانس کرنا تو اچھی بات نہیں یہ الگ بات ہے کہ وہ اگر آپ کو پسند کریں اور ان کی توجہ آپ کی جانب رہے۔دوست دھوکہ دے سکتا ہے۔
(17 تا25)اس ہفتہ عطارد تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔سیاسی وسماجی فائدہ ہوگا۔اس سال شادی ہونے کا امکان بھی ہے۔یہ سلسلہ عشق ومحبت میں کامیابی مل سکتی ہے۔خوشی کی خبر بھی مل سکتی ہے قریبی عزیزوں اقارب سے معاملات کو بہتر بنائیں یہ وہ وقت ہے جب روٹھے ہوئے کو منانا آپ کے حق میں جاسکتا ہے۔اس ہفتہ کا لکی عدد57 ہے۔جسمانی صحت کا خیال رکھیں۔اپنے مقصد پر یکسوئی رکھیں۔وقار بلند رکھیں۔
(26 تا31) گھریلو ماحول کو بہتر بنانے کے لئے اپنے مزاج کو تبدیل کریں۔سخت مگر بے جان چیز کو بھی موڑنے کی کوشش کی جائے تو وہ بھی ٹوٹ جاتی ہے۔اپنے آپ کو احساس برتری سے نکالیں۔کسی دوسرے کو حقیر نہ سمجھیں۔کسی بھی شخص کے معاملات یا لڑائی جھگڑا میں مداخلت نہ کریں۔گرما گرم بحث اور تکرار سے اجتناب کریں۔مشہور ہے کہ انسان غصہ کی حالت میں ہی پہنچانا جاتا ہے کچھ لوگ آپ سے متعلق غلط افواہیں پھیلا رہے ہیں۔

☆**جون** (یکم تا8) ان ایام میں عطارد آپ کے برج کا حاکم سیارہ ہے قران کی نحس سے نظر قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ان ایام میں اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں۔مفت کی دولت ملنے کا امکان ہے۔گھریلو ماحول بھی خاصا خوشگوار ہوگا۔طالب علم کو اپنی پڑھائی پر دھیان دینا ہوگا۔اس ماہ آپ کے ستارے کمزور حالت میں ہیں خاص طور پر اس ہفتہ ان ستاروں کی کمزوری میں بہت اضافہ ہوگا۔
(9 تا16)اس ہفتہ عطارد مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔اس نظر کیوجہ سے اس ہفتہ کے دوران مالی حالات میں اتار چڑھاؤ رہے گا۔کسی مقام پر جم کر بیٹھنا نصیب نہ ہوگا۔اس ہفتہ سیاحت وسفر میں رہیں گے اور مالی مفاد کم حاصل ہوں گے۔اس ہفتہ دوران سفر محتاط رہیں۔بلاوجہ گفتگو سے پرہیز کریں۔اگر اولاد جوان ہے تو اس سے مشورہ ضرور کریں ضروری ہی نہیں کہ بڑی عمر کے لوگ آپکو درست مشورے دیں۔
(17 تا24)ان ایام میں عطارد تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔بعض ملازم پیشہ افراد کا تبادلہ ان کی مرضی کے مطابق ہوجائیگا۔جبکہ کاروبار افراد کیلئے ممکن ہے کہ وہ کاروبار کی جگہ یا رہائش تبدیل کریں گے۔تاہم وہ افراد جن کے تعلقات اپنی شریک حیات سے کشیدہ چلے آرہے ہیں۔ایسے مسائل جو پہلے سے ہی آپ کے ساتھ چپکے ہوئے تھے حل ہونا شروع ہوجائینگے۔جسمانی صحت کا خیال رکھیں۔غصہ کو قابو میں رکھیں۔
(25 تا30) کھانسی نزلہ یا زکام کی شکایت ہو تو بہتر معالج سے فوری علاج شروع کروائیں۔ورنہ بیماری دیر سے ختم ہوگی دوستوں سے فائدہ ملنے کا امکان ہے اولاد کی طرف سے مایوسی ہوگی اخراجات میں اضافہ ہوگا۔یہ وہ وقت ہے کہ ایک کمزور دشمن بھی آپ پر حاوی ہوسکتا ہے۔اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو منگنی کا امکان زیادہ ہے یا اپنے محبوب سے اظہار محبت کرسکتے ہیں۔طبیعت میں بہادری اور ہمت پیدا کریں اپنے موقف پر ڈٹے رہیں۔

☆**جولائی** (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد مقابلہ مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ایسے تمام امور جو کہ محبت' دوستی سے متعلقہ ہو۔ بہت نازک صورتحال اختیار کر جائینگے۔ ان ایام میں معدہ کے امراض' سینے کی جلن خواتین میں امراض مخصوصہ بڑھ سکتے ہیں۔ احتیاط علاج سے بہتر ہے۔ تنہائی سے نکلیں اور دوستوں میں وقت گزاریں۔ پست حوصلوں سے جینا کوئی جینا نہیں لوگ کیا کرتے ہیں۔ اس پر دھیان نہ دیں۔
(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں جادوئی حملے ہو سکتے ہیں جس میں آپ کو تباہ و برباد کیا جا سکتا ہے مالی نقصان بھی متوقع ہے کاروبار بند کرنا یا آپ کے دل و دماغ پر خوف و دہشت مسلط جیسے اقدامات کئے جا سکتے ہیں۔ وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے جھگڑا ہو سکتا ہے۔ یہ کوئی اچھی علامت نہیں اس ہفتہ آپ کو شدید چوٹ بھی آ سکتی ہے۔ صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں دل سے متعلقہ امراض ابھر اسکتے ہیں۔
(17 تا 25) اپنے ارادے کو جاری رکھیں کئی کوئی جھول نہ آنے دیں۔ جذبات میں آ کر آپ اپنا ہی نقصان کر بیٹھتے ہیں خوشخبری ہے کہ ایک طویل عرصہ جو کہ مایوسی اور احساس کمتری میں گزرا اب بہتری کی طرف آ رہے ہیں طبیعت میں بے چینی رہیگی منصوبوں کو تکمیل کی جانب لے جائیں گھبراہٹ اور پریشانی کی وجہ سے عجیب ماحول رہیگا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کسی جانب سے آپ اس دوران نظر بد کا شکار بھی ہو سکتے ہیں محتاط رہیں۔
(26 تا 31) اس ہفتہ سے آپ کو کوئی بری خبر مل سکتی ہے ایسے معاملات جن کو پایہ تکمیل تک پہنچانا تھا اگر نامکمل رہ گئے ہوں تو فی الوقت انہیں وہیں پر روک دیں کیونکہ 26 جولائی آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد برج اسد میں رجعت پذیر ہو رہا ہے اور اسکی یہ رجعت 19 اگست کو ختم ہو رہی ہے۔ اس دوران دل، جگر یا معدہ کے امرض کی شکایت ہو سکتی ہے۔ اگر سفر کا ارادہ ہے تو فی الوقت ملتوی کر دیں امراض میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

☆**اگست** (یکم تا 8) ذہن میں نئے خیالات اور خوابوں کی بھرمار رہے گی۔ ہوائی قلعے بنانے سے بہتر ہے کہ آپ ان دنوں عملی کام کریں۔ قانونی نوعیت کے کام کرنے کے لئے اس ماہ کا یہ ہفتہ بہترین ہے۔ پکے بعد دیگر دل میں یہ خیال آتا رہے گا کچھ ہونے والا ہمیشہ مصروف رہیں اکیلے رہنے میں آپ ہی کا نقصان ہے۔ کوئی بیماری کی علامت پائیں تو فوری طور پر معالج سے رجوع کریں۔ معمولی مرض کو معمولی ہرگز نہ سمجھیں۔
(9 تا 16) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے یہ نظر فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔ آپ انعامی اسکیموں میں حصہ لیں یا نئے کاروبار کا آغاز کرنا چاہئیں تو کامیابی ملے گی۔ گھریلو ماحول میں تبدیلی آ سکتی ہے۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے بیرون ملک سفر پیش آ سکتا ہے۔ تعلقات بحال کریں اور خود ایسے لوگوں سے مدد لیں جو کہ آپ کے ساتھ مخلص ہوں۔ موسم کے مطابق غذا استعمال کریں۔
(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ گھریلو معاملات خراب نہ ہونے دیں۔ آپس کے مسائل گھر کی چار دیواری میں حل کر لئے جائیں تو زیادہ بہتر ہے سسرالی رشتہ داروں سے پریشانی لاحق ہے۔ کچھ دیر کیلئے بُرے بن جائیں لیکن اُن سے شکایت لازمی کریں۔
(26 تا 31) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں اپنا طبی معائنہ لازمی کروائیں۔ والدین سے ناراضگی ہو سکتی ہے کسی قریبی عزیز کی وفات یا صحت کی خرابی کا بھی خدشہ ہے۔ ان ایام میں معاملات بگڑتے ہوئے محسوس ہونگے۔ لڑائی جھگڑا اور تلخ کلامی سے گریز کریں۔ شراکتی کاروبار سے گریز کریں نقصان آپ کے حصہ میں آئے گا۔ کاروباری غرض سے کیا گیا سفر خاص فائدہ نہ دیگا۔ سفر نہ کریں۔

☆**ستمبر** (یکم تا 8) (۲) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 12 تا 13 اکتوبر رہیں گے اس نظر کے تحت ان ایام میں احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ بزرگ خواتین سے دعا کروانے سے ایک مسئلہ حل ہو سکتا ہے مستقبل میں بہتر زندگی گزارنے کیلئے ایک اچھا اور بہتر موقع آپ کے ہاتھ آئیگا۔ بے روزگار افراد کو روزگار حاصل ہو سکتا ہے لیکن اس کیلئے کچھ محنت کرنا ہوگی۔
(9 تا 16) آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد 13,14 ستمبر کو درجہ شرف سے گزر رہا ہے شرفی درجات سعد قوت ہوتی ہے ان ایام میں عطارد قران مشتری قائم ہو رہا ہے۔ اس ہفتہ امکان ہے بہت اچھی ملازمت مل جائے گی یا آپ کی ملازمت میں ترقی ہو جائے یا آپ کی کوئی امید پوری ہو جائے گی۔ جائیداد کی خرید و فروخت فائدہ دے سکتی ہے۔ شیئرز اور قیمتی اشیاء کی خریداری نفع بخش ثابت ہو سکتی ہے۔ اس خاص وقت میں اپنے بگڑے ہوئے معاملات کو درست کرنے کے لئے اور عطارد کی شرفی قوتوں سے فائدہ اٹھانے کے لئے لوح شرف عطارد بنوا کر پاس رکھیں۔
(17 تا 24) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ یہ ایام آپ کے خوش قسمتی لا سکتے ہیں۔ لیکن مالی لین دین اور نئے کاروبار کی ابتداء نہایت محتاط کریں۔ نئی رشتہ داریاں بنانے کے لئے یہ وقت مناسب ہے۔ سیر تفریح کا پروگرام بنائیں۔
(25 تا 30) اس ہفتہ عطارد تثلیث مریخ کے سعد اثرات اثر انداز ہونگے سیارگان کے درمیان قائم آنے والی یہ نظر برج میزان اور دلو میں قائم ہو رہی ہے۔ فلمی دوست، ٹیچر، رپورٹر، کلرک، بک سیلر، سکریٹری، اکاؤنٹنٹ سے ملنے کے لئے مفید ہے۔ لیکن اس وقت میں بداخلاقی سے گریز کریں یقیناً آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا۔ ایک شخص آپ کو مالی دھوکہ دینا چاہ رہا ہے احتیاط کرنی چاہئے۔ وہ خود غرض آپ کے نزدیک ہے۔

☆**اکتوبر** (یکم تا 8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ شرف کے بعد دوسری سعد قوت اوج کے درجہ سے گزرے گا۔ سیارے کی یہ قوت آپ کو فائدہ دے سکتی ہے۔ جسمانی امراض سے نجات پانے کیلئے یہ وقت موثر ہے۔ عزیز و اقارب سے ناراضگی بھی ختم کر سکتے ہیں۔ خوشخبری ملنے کی امید بھی کی جا سکتی ہے۔ کسی پر حد سے زیادہ اعتبار نہ کریں اور اہم دستاویز کو پڑھے بغیر دستخط نہ کریں ان ایام میں ستارے آپ کے حق میں ہیں۔ (9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 12 تا 13 اکتوبر رہیں گے اس نظر کے تحت بزرگوں کے مشورے سے رکے ہوئے کاموں کی تکمیل کر سکیں گے خوشخبری ملنے کی توقع ہے۔ اس ہفتہ اپنی صحت جسمانی کے متعلق تشویش رہے گی اور اہم امور کے سلسلے میں مصروفیات بڑھے گی مستقبل کے متعلق اہم فیصلہ کر سکیں گے۔ کاروباری معاہدے کامیابی کے ساتھ طے کر سکیں گے۔ (17 تا 25) آپ کے برج کا حاکم سیارہ اچھی حالت میں نہ ہے اس لئے احتیاط کی ضرورت ہے۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ بخار یا سینے کے امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔ نمود و نمائش سے گریز کریں۔ ہر کام رزداری سے کرنا اچھا ہے۔ عزیز و اقارب میں آپ کے بارے غلط فہمیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ کسی بھی سنی سنائی بات پر دھیان نہ دیں۔ حاسد آپکے بہت زیادہ نزدیک ہے غور سے اپنے گرد و پیش کا جائزہ لیں تو وہ ظاہر ہو جائیگا۔ (26 تا 31) طالب علم اپنی تعلیم کی طرف توجہ دیں ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔ لفظوں میں تناؤ پیدا کریں کمزور لہجہ میں کی گئی گفتگو آپ میں مزید کمزوریاں پیدا کریگی۔ اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کریں ورنہ بعد میں پچھتاوے کے کچھ ہاتھ میں نہ آئیگا۔ بزرگ کی بات مان لینے میں ہی آپ کا فائدہ ہے۔ اختلافات ختم کر دیں اور ان کے سامنے سر کو جھکا دیں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔ کسی بھی مظلوم کی بد دعا سے بچیں۔

☆**نومبر** (یکم تا 8) ایک شخص آپ کو اپنے مقصد سے ہٹانے کیلئے کوشش کر رہا ہے۔ آپ کو ہوش و حواس رکھ کر بات کرنا ہوگی۔ اس ہفتہ کے یہ ایام کاروبار کی غرض سے کیا گیا سفر بہترین ثابت ہوگا۔ ایک اچھا اور اہم موقعہ آپ کے ہاتھ آنے والا ہے۔ نازک مزاجی کو چھوڑیں سستی کو قریب نہ آنے دیں ذہنی اور جسمانی صحت بہتر رہیگی۔ آپ اپنی منزل کی طرف کامیابی سے بڑھ رہے ہیں لیکن سستی کو نزدیک نہ آنے دیں۔ (9 تا 16) سفر کا ارادہ ہے تو یہ ہفتہ آپ کے لئے بہترین ہے کامیابی مل سکتی ہے۔ صاحب اولاد حضرات بچوں کی جانب خاص توجہ دیں ورنہ پریشانی بڑھ سکتی ہے۔ بگڑے ہوئے معاملات کو سنبھالنے کے لئے یہ دن بہترین ہیں طبیعت میں مایوسی نہ آنے دیں بہتر مستقبل کے لئے آخر کچھ تو کرنا ہے۔ گھریلو استعمال کی اشیاء کی مرمت کروائیں خصوصاً الیکٹرک اور الیکٹرانک سے متعلقہ کوئی بھی شے ہو اس کو استعمال میں نہ لائیں۔ (17 تا 24) آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد کا قیام برج قوس میں ہے۔ اس قیام کے دوران 17 نومبر تا 07 دسمبر کو یہ سیارہ حالت رجعت میں رہے گا جو کہ اس کی ناقص حالت ہے اس نحس حالت کے اثرات آپ پر پڑ سکتے ہیں لہذا ہر معاملہ میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ چند جوزی رشتہ ازدواج میں منسلک افراد محتاط رہیں بات کا بتنگڑ بن سکتا ہے۔ لہذا شریک حیات سے حالات استوار رکھیں سخت لہجہ اپنانے سے گریز کریں۔ (25 تا 30) یہ ہفتہ پہلے کی نسبت بہتر نہ گزرے گا کچھ دوستوں سے مل کر احساس کمتری کا شکار ہونگے۔ مہمانوں کو گھر پر مدعو کرنے کیلئے مناسب وقت نہ ہے۔ دوسروں کو اپنا غلام بنانے کیلئے کچھ تو قربانی دینا ہوگی۔ ان ایام میں مکان و جائیداد سے متعلقہ معاملات آسانی سے حل نہ ہونگے اور نئی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے اچھے ایام نہ ہیں۔ یاد رکھیں جوزا کا حاکم عطارد تربیع مریخ کی وجہ سے آپ کی زندگی بہت زیادہ متاثر ہو سکتی ہے۔

☆**دسمبر** (یکم تا 8) سال کے آخر میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد ان ایام میں برج قوس میں ہے 07 دسمبر کو اس سیارہ کی رجعت ختم ہو رہی ہے۔ یہ سیارہ برج عقرب میں استقامت کریگا۔ لیکن اس وقت تک یہ سیارہ اپنی کھوئی طاقت پا لے گا۔ روحانی بزرگ سے ملاقات ضروری ہے تاکہ آنے والے خدشات کو دور کیا جا سکے۔ مقدمات کا اندیشہ ہے لڑائی جھگڑے سے گریز کریں۔ تلخ کلامی سے بات بگڑ سکتی ہے (9 تا 16) عطارد قران مشتری موافق نظرات کے تحت غیر متوقع مالی فوائد حاصل ہونگے شریک حیات کی جانب سے مالی فائدہ ملنے کی امید ہے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لیے موافق وقت ہے۔ گھریلو حالات بھی بہتر ہونگے اور آپ کی صحت بھی بالکل ٹھیک ہوگی۔ لکی عدد 35 ہے۔ (17 تا 25) اس ہفتہ معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ عدالتی امور التواء میں کر دیں اگر انتہائی ضروری قانونی امور ہیں تو انکو نہایت احتیاط سے حل کریں خوب سوچ سمجھ لیں بغیر پڑھے کسی بھی کاغذ پر دستخط کرنا نیا مسئلہ کھڑا کر سکتے ہیں۔ ایک خوشخبری ملنے والی ہے۔ ان ایام میں چوری ہونے والی اشیاء کا ملنا ناممکن سی بات ہے۔ حالات بہتری کی جانب آ رہے ہیں۔ قریبی عزیزوں سے تعلقات استوار رکھیں ایک شخص آپ کی توجہ کا طلبگار رہے۔ (26 تا 31)۔ والدہ یا قریبی بزرگ سے خصوصی طور پر اپنے حق کے لئے دعا کروائیں۔ ان کے اُٹھے ہوئے ہاتھوں میں آپ کے لئے دعا برکات، تجلیات ہیں جو کہ آپ کے لئے سرمایہ افتخار ہیں۔ آپ کو روحانی مدد کی ضرورت ہے ایک الجھا ہوا مسئلہ سلجھ جائیگا۔ طبیعت میں خوشگوار عنصر موجود رہے گا راز کی بات کسی سے نہ کہیں دل کی بات دل میں رہنے دیں۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ خصوصاً قیمتی اشیاء سنبھال کر رکھیں۔

طاہر بک ڈپو نزد نخلستان ہوٹل دیپالپور 0300-4854922

CANCER سرطان



تاریخ پیدائش:۔ 22 جون تا 23 جولائی | نام کا سرحرف:۔ ح ہ ھ | موافق دن:۔ سوموار | حاکم سیارہ:۔ قمر

خاصیت:۔ خود اعتمادی مہربان | موافق عدد:۔ 2

نقائص خصلت:۔ خود غرضی | موافق رنگ سفید دودھیا پیلا

امراض:۔ سانس کی تکلیف جلد کے امراض | موافق بتھر درنجف پکھراج موتی زمرد عقیق دودھیا

☆**جنوری** (یکم تا 8) بہتر ہے کہ آپ اپنے دل کو روحانیت کی جانب لے آئیں اور نماز روزہ سے مشکل وقت میں مدد لیں۔ عدالتی امور نہایت احتیاط سے انجام دیں اس دوران کوئی تحریری معاہدہ نہ کریں اور کسی بھی قسم کی ذمہ داری اس ہفتہ نہ لیں ورنہ آپ سخت پریشانی میں مبتلا ہو جائیں۔ مالی نقصان کا خدشہ ہے لین دین کے معاملات میں کوئی بھول نہ کریں۔ اور کسی شخص پر اندھا اعتبار نہ کریں۔ بہت احتیاط برتنا ہوگی۔
(9 تا 16) اس ماہ سفر باعث برکت رہے گا شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات بہتر ہونگے۔ اپنا دھیان عبادت الٰہی کی جانب رکھیں کچھ فضول لوگ آپ کے خلاف باتیں کر رہے ہیں۔ آپ ان باتوں پر دھیان نہ دیں۔ آپ اپنی بہتری کے متعلق جو کچھ سوچ رہیں ہیں وہ درست ہے۔
(17 تا 25) جس سے شکایت ہے اس سے خود بات کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ عدالتی معاملات کے لئے بہتر نہیں کوئی پنچائتی فیصلہ یا مقدمہ یا مقدمہ کا آغاز یا عزیز و اقارب سے کوئی تحریری معاہدہ ان ایام میں ہرگز نہ کریں ورنہ آپ اپنے لئے خود ہی پھندا تیار کر لیں۔ دوسروں کی لڑائی میں خود کو نہ ڈالیں۔ ایک شخص آپ کے تعاقب میں ہے۔ آپ کو اسی شخص سے پہلے بھی ایک نقصان پہنچ چکا ہے۔ ایک قریبی شخص آپ کو دھوکہ دینا چاہتا ہے۔
(26 تا 31) نیا کاروبار شروع کرنے کے لئے یہ ہفتہ نیک ثابت ہوگا ایسے افراد جو کہ بیرون ملک کاروبار کرنے یا تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے سفر کے خواہشمند ہیں اس ہفتہ کامیابی ملے گی۔ ایک ایسے شخص سے ملاقات ہو سکتی ہے جو کہ آپ کی زندگی کو بدل کر رکھ دے گا کچھ لوگ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائینگے اور کچھ سرطانی افراد کی منگنی طے پا جائیگی غرض اس ماہ قائم ہونے والی دوستی محبت اور نکاح کا انجام بہتر ہوگا۔

☆**فروری** (یکم تا 7) شریک حیات سے تعلقات خلاف توقع بہتر ہونگے معمولی باتوں کو درگزر کر دیں۔ قریبی عزیزوں پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے یا کسی پنچایت میں فیصلہ حاصل کرنے کے لئے یا کسی شخص پر مقدمہ دائر کرنے کے لئے یہ ہفتہ اہم ہے۔ اس وقت آپ کا ستارہ ان معاملات میں مثبت کا اشارے دے رہا ہے۔ نیا مکان بنانے کے لئے یہ ہفتہ آپ کے لئے خوش بخت ثابت ہوگا۔ کسی حادثہ کی وجہ سے مالی نقصان ہو سکتا ہے۔
(8 تا 14) نئی جائیداد کی خرید و فروخت بھی اس ہفتہ فائدہ دے سکتی ہے۔ ایک ادھیڑ عمر شخص سے نقصان کا خطرہ ہے۔ آپ کو ہر معاملہ میں احتیاط کرنا ہوگی۔ کوئی نئی مصیبت کھڑی ہو سکتی ہے بہتر ہے کہ جو بھی کام کریں نہایت صبر و تحمل سے اور ٹھنڈے مزاج سے کریں جلد بازی کا انجام آپ کو معلوم ہے دشمن اب بھی آپ کی ٹوہ میں ہے اپنی کمزوریاں لوگوں میں بیاں نہ کریں چند عزیز دوستوں سے مشورہ اہم ہے ورنہ ایک بدنامی آپ کے سر آ جائیگی۔
(15 تا 21) اگر اس ہفتہ آپ کا ارادہ کسی دوسرے شہر میں سفر کرنے کا ہے تو فی الوقت اپنے پروگرام کو ملتوی کر دیں اور آئندہ ماہ نیا شیڈول ترتیب دیں۔ پریشانی زیادہ ہونے کی وجہ سے سر میں درد ہو سکتا ہے۔ لیکن دوسروں کی باتوں میں آ کر آپ اپنا بلڈ پریشر ہائی نہ کریں۔
(21 تا 28) رہائش کی تبدیلی اس ہفتہ نقصان دے سکتی ہے اور ابھی ارادہ ترک کر دیں ایک شخص آپ کی جانب صلح کا ہاتھ بڑھا رہا ہے۔ آپ بلاوجہ بات کو نہ بڑھائیں اور اس کی پیش کش کو قبول کر لیں بہتری اسی میں ہے اگر اس ہفتہ آپ نے احتیاط نہ کی تو ذرا سی غلطی بڑا نقصان دے سکتی ہے۔

☆**مارچ** (یکم تا 8) اس ماہ 17 مارچ تا 16 مئی سیارہ مریخ برج جدی میں رہے گا اس کا جو کہ آپ کے زائچہ میں اچھا نہیں۔ تیز دھار آلات آگ اور لوہے کے استعمال کی اشیاء نہایت احتیاط سے برتیں زخمی ہونے کا خدشہ ہے بہتر ہے کہ منگل کے روز گوشت کا صدقہ دیں۔
(9 تا 15) اس ہفتہ آپ کے برج کا ذاتی سیارہ شریک حیات یا بیوی کے خانہ میں جا رہا ہے ان دنوں آپ کی طبیعت میں انتہائی نرمی آ سکتی ہے قابل اعتبار دوستوں سے اہم معاملات میں اس ہفتہ مشورہ کیا جا سکتا ہے۔ ایک بیماری دیرینہ آپ کی جان چھوڑ دے گی۔ دوران سفر احتیاط برتیں۔
(16 تا 24) ایک بدنامی آپ کے آن کھڑی ہوگی اور آپ کو ناکردہ گناہ کی سزا بھگتنی پڑے گی طیش میں آنے والے الجھاؤ پیدا ہو سکتا ہے بہتر ہے کہ معاملہ کو نہایت خوبصورتی سے حل کر لیا جائے۔ بشرطیکہ آپ وہمات کو اپنے دل سے نکال دیں۔ آمدنی بڑھانے کے مواقع ملیں گے۔
(25 تا 31) ازدواجی معاملات بہتری کی جانب آ جائیں گے آمدنی بڑھے گی ایک موقع اس ہفتہ ملے گا اور آپ کو اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے آپ کے لئے خوشخبری لا سکتے ہیں۔ یہ خوشخبری مالی بھی ہو سکتی ہے اور کسی مقصد میں کامیابی کی جانب اشارہ بھی ملتا ہے

☆**اپریل** (یکم تا 8) آپ ہمیشہ بہت زیادہ اعتبار کر کے اپنا نقصان کر بیٹھتے ہیں اور بعد میں آپ کے ہاتھ سوائے پچھتاوے کے کچھ نہیں آتا۔ اگر آپ کاروباری ہیں تو کچھ نقصان سے دوچار ہونا پڑے گا اور اگر آپ کا تعلق ملازم پیشہ افراد سے ہے تو افسران بالا کی جانب سے اچھی خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انعامی سکیموں میں حصہ لینے کے لئے یہ ایام اچھے نہیں ایسا کرنے سے آپ اپنا نقصان کر بیٹھیں گے۔
(9 تا 16) علم عقل اور دانش حکمت کا سیارہ جو کہ آپ کے برج کا حاکم بھی ہے اس ماہ 15 اپریل کو اپنی رجعت ختم کر رہا ہے کسی بھی سیارے کی رجعت اُسکی سعد قوت کو کھو دیتی ہے اب یہ حالت رجعت سے مستقیم حالت میں آرہا ہے۔ استقامت کی یہ حالت رُکے ہوئے معاملات اور مصائب کے حل ہونے کا اشارہ ہے۔ گزشتہ ماہ جو نقصانات اور پریشانیاں آپ کو برداشت کرنا پڑی وہ عطارد کی رجعت کی وجہ سے تھی۔
(17 تا 25) آپ کو سینہ اور معدہ امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔ چھوتی بیماری کو معمولی نہ سمجھیں یہی مرض نیا مسئلہ کھڑا کر سکتی ہے۔ اگر کاروباری تبدیلی چاہتے ہیں تو اس ماہ فائدہ ہوگا ایک نیا دوست بنے گا لیکن اس کے مطلب کو ابھی آپ نہ پہچان سکیں گے۔ چند دنوں بعد وہ خود بخود ظاہر کر دے گا۔ غلط بیانی سے آپ کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ گذشتہ ماہ کا اختتام بھی خطرات سے پُر تھا ہے جبکہ ماہ رواں کا آغاز اور انجام بھی خطرات سے خالی نہیں۔
(26 تا 30) معمولی دشمن کو بھی معمولی نہ سمجھیں۔ ایسے حضرات جن کا پیشہ تجارت ہے اس ہفتہ کافی فائدہ ہونے کا امکان ہے۔ شریک حیات سے اختلاف ہو سکتا ہے اس ہفتہ کے باقی ایام میں بھی احتیاط کرنا ہوگی۔ انعامی اسکیمیں فائدہ دے سکتی ہیں ان ایام میں آپ کا لکی عدد 94 ہے۔

☆**مئی** (یکم تا 8) ذہنی دباؤ کا شکار رہے خرابی صحت کی بھی یہی وجہ تھی۔ لیکن اب وقت بدل گیا۔ اپنی رقم محفوظ رکھیں۔ سفر پر جانے سے قبل اہم قیمتی اشیاء کو تالے میں رکھ کر اپنی تسلی کر لیں۔ یہ ایام صلح کرنے کے لئے اچھے ہیں آپ بگڑے ہوئے حالات کو بڑی آسانی سے سلجھا سکتے ہیں۔ عزیز و اقارب سے لڑائی جھگڑا ہو سکتا ہے مگر ایک دوست سے فائدہ ملنے کا امکان ہے۔ چند سرطانی افراد کو محبت کے معاملہ میں اس ہفتہ کامیابی مل سکتی ہے۔
(9 تا 16) وہ محبت جس کو قائم کرنے میں آپ نے ایک وقت گزارا چند منٹوں میں ہی نفرت میں بدل سکتی ہے۔ اس ہفتہ مالی نقصان کا خدشہ ہے ذہنی طور پر آپ منتشر رہیں گے ایسا نہ سوچیں کہ سب مصیبتیں آپ ہی کیلئے ہیں۔ اس ہفتہ کے شروع سے ہی معمولات بہتری کی طرف آجائیں گے۔ افسران بالا سے تعلقات بہتر بنائیں یا نئے کاروبار کا آغاز کرنے کے خواہشمند حضرات اس ہفتہ کامیابی حاصل کر سکیں گے۔ لکی عدد 21 ہے
(17 تا 25) آپ کو اس ہفتہ ایسے سخت حالات سے گزرنا پڑے گا جو کہ آپ کے خلاف توقع ہیں ایک شخص سے انتہائی دکھ اور رنج پہنچے گا آپ نے اس سے جو توقعات وابستہ کی ہوئی تھیں وہ ان پر ہرگز پورا نہ اترا خصوصاً اس ہفتہ ایسی لڑائی شروع ہونے کا خدشہ ہے جس کا کوئی سر پیر نہ ہوگا اور پھر یہ لڑائی شدت اختیار کر سکتی ہے۔ اپنے آپ پر بھروسہ رکھیں اعتماد اور یقین کی فضاء قائم کریں ورنہ حالات آپ کے اختیار سے باہر ہو جائینگے۔
(26 تا 31) یہ ہفتہ بہت سی تبدیلیوں کے ساتھ آرہا ہے لیکن اس ہفتہ آپ کا سیارہ بہت تیزی سے اتار چڑھاؤ کی جانب جا رہا ہے۔ سر درد کی شکایت بڑھ سکتی ہے۔ ڈپریشن اور نظر کی کمزوری بھی ہو سکتی ہے۔ آپ کو ان باقاعدہ علاج کروانا چاہئے یا پھر سیاہ اناج کا صدقہ ہفتہ کے روز دیں۔ تو یقیناً اس پریشانی سے نجات مل جائیگی۔ نئی جائیداد کی خرید کرنے سے قبل مخلص دوست سے مشورہ کر لیں اس ماہ خریدی ہوئی جائیداد فائدہ دے گی۔

☆**جون** (یکم تا 8) سیارہ عطارد تعلیم سے منسلک ہے آپ کے زائچہ میں اچھی حالت میں موجود ہے۔ آپ کو ایسی زندگی گزارنی چاہئے کہ جس میں آپ سر اٹھا کر جی سکیں اس ماہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا انتہائی بے وقوفی ثابت ہوگا۔ بچی ہوئی رقم کسی دوسرے مصروف میں لے آئیں۔ اچانک کثیر رقم ملنے کا امکان ہے۔ ایک پریشان دوست سے مل کر خوشی حاصل ہوگی ایک شخص جسے آپ غیر مراہم سمجھتے تھے ایسے موڑ پر آپ کا ساتھ دے گا۔
(9 تا 16) قریبی عزیزوں اقارب سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ بات بات پر غصہ کا اظہار کرنا آپ کے لئے اچھا نہیں ہے ایک دیرینہ الجھا ہوا مسئلہ اس ہفتہ حل ہو جائیگا۔ نئی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے یہ ہفتہ اچھا ہے ایسے افراد جو تعلیم حاصل کر رہے رہیں اور ساتھ ہی جنس مخالف کی محبت میں مبتلا ہیں دونوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ جس کی آپ کو اس سے توقع نہ تھی مان لیں کہ کبھی کھوٹا سکہ بھی کام آجاتا ہے۔
(17 تا 24) آپ کے لئے امتحان کا وقت ہے نہایت احتیاط سے یہ وقت گزارنا ہوگا اس احتیاط میں گھریلو اور کاروباری جسمانی اور روحانی ہر طرح کا خیال رکھنا ہوگا۔ آپ کو ایک خوشخبری مل سکتی ہے۔ ایک نادر موقع ملنے والا ہے جس کو استعمال میں لا کر آپ مالی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اس وقت زائچہ کے مطابق آپ کا خانہ مال زیادہ طاقت میں ہے۔ سونا چاندی کا کاروبار کرنے والے حضرات بھی اس ماہ خوب پیسہ کما سکیں گے۔
(25 تا 30) ملازم پیشہ افراد اس ہفتہ احتیاط برتیں بلاوجہ افسران بالا سے تکرار ہو سکتی ہے۔ اگر آپ نے اس ہفتہ غلط بیانی سے کام لیا تو لینے کے دینے پڑ سکتے ہیں۔ کسی بوڑھی عورت یا بزرگ خاتون سے فائدہ مل سکتا ہے یہ بزرگ خاتون آپ کی والدہ یا خاندان کی کوئی دوسری عورت بھی ہو سکتی ہے۔ آپ اپنے اندر ایک نئی قوت کو محسوس کریں گے۔ لیکن اخراجات میں اضافہ بھی ممکن ہے غیر ضروری اخراجات کو محدود کریں۔

☆**جولائی** (یکم تا8) اس ہفتہ شمس تسدیس مشتری کی سعد آپ کے برج سے نظر قائم ہورہی ہے۔ یہ سلسلہ ملازمت ترقی کے امکان ہیں تعلیم کے دوران مایوسی رہے گی اس کے بعد کسی وسیلہ سے آگے بڑھنے کا موقع ملے گا۔ اپنی کوشش جاری رکھئے بفضلہ خدا آپکو اسی سال مطلوبہ شعبے میں داخلہ مل جائے گا۔ سرمایہ کاری سے فائدہ ہوگا۔ اس نایاب وقت صاحب علم فرد سے مل کر حصول مال دولت کے لئے خاص لوح تیار کرواسکتے ہیں۔ (9تا16) غیر ملکی سفر کا پروگرام اگر بنائیں تو بہتر نتائج برآمد ہوں گے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے۔ اگر کسی کی بات سے دکھ پہنچا ہے تو اس کا اظہار کسی سے نہ کریں اور نہ ہی اس آگ میں خود اپنے طور پر جلتے رہیں غیر شادی شدہ افراد اس ماہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوسکتے ہیں مجموعی طور پر اس ہفتہ حالات تقریباً بہتر رہینگے۔ ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ جیسا آپ چاہیں ویسا ہی سب کچھ ہو۔ (17تا25) آپ کی آزمائش کے دن ہیں اس دوران رقم خرچ کرنے سے قبل اچھی طرح سوچ لیں اور اپنے اخراجات کا بھی خدشہ ہے۔ بہتر لائحہ عمل تیار کریں تاکہ آئندہ آنے والے مصیبت اور پریشانیوں سے بچا جاسکے کچھ سامان چوری ہونے کا خدشہ ہے۔ آپ بے احتیاطی نہ برتیں۔ اس ہفتہ کوئی بھی نیا تنازعہ کھڑا ہوسکتا ہے لہذا اپنے آپ کو زیادہ سے زیادہ مصروف رکھیں۔ سفر کا پروگرام ہے تو شوق سے کریں انشاءاللہ کامیابی حاصل ہوگی۔ (26تا31) سیارہ عطارد 28 جولائی کو رجعت اختیار کررہا ہے اس سیارہ کی یہ رجعت 19 اگست برج اسد میں ختم ہورہی ہے۔ اس دوران کوئی بھی اہم فیصلے لینے سے گریز کریں خاص طور سے عدالتی معاملات، کاروباری معاہدے نہ کریں عزیز واقارب سے کسی قسم کا جھگڑا مول نہ لیں۔ اگر آپ نے ان دنوں کسی سے وعدہ کیا ہے تو اس کو پورا کریں ورنہ آپ کا معیار دوسری کی نظر میں کرسکتا ہے۔ لکی عدد 91,95 ہے۔

☆**اگست** (یکم تا8) ماہ رواں میں ایک غلط فہمی کئی الجھنیں پیدا کردے گی۔ اس ہفتہ نہایت محتاط رہنے کی تاریخیں ہیں۔ محبوب سے کئے گئے قول اقرار پر آپ پابند رہیں اس ہفتہ کسی بیماری میں مبتلا ہوسکتے ہیں آپ چاہتے ہیں کہ وہ شخص بھی آپ سے انتہاء کا اظہار محبت کرے لیکن ابھی اس کے لئے ایسا کرنا مشکل ہے۔ ایک بات کو گھنٹوں نہ سوچتے رہا کریں ایسا کرنے سے آپ اپنا ہی بلڈ پریشر ہائی کرلیتے ہیں۔ بالکل درمیانہ رویہ رکھیں۔ (9تا16) ان ایام میں ایسا محسوس ہوگا کہ جیسے آپ زندگی سے تھک چکے ہیں شریک حیات کو بہتر دوست بنائیں یا پھر کوئی ایسا با اعتبار دوست تلاش کریں جسے آپ اپنے دل کی ہر بات بتاسکیں۔ پرانے دوستوں کی ملاقات ہوسکتی ہے۔ قریبی عزیز سے پیدا شدہ غلط فہمی اس ہفتہ ختم ہوسکتی ہے۔ (17تا25) غصہ کی حالت میں بنی ہوئی بات کو بگاڑ دینگے عمر رسیدہ اور ادھیڑ عمر مردوں سے دھوکہ مل سکتا ہے قریبی عزیز واقارب آپ کی خوشامد کرکے اپنا فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔ رقم کے لین دین کے لئے نحس ثابت ہوسکتا ہے ان دنوں میں کسی سے رقم بصورت ادھار نہ لیں اور نہ کسی کو ادھار رقم دیں دونوں حالتوں میں نقصان ہے۔ آپ کو لاپرواہی نہیں کرنی چاہیے وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ (26تا31) اچانک حادثہ کی اطلاع مل سکتی ہے۔ عزت ونصیب میں اضافہ ہوگا مشترکہ مفادات کے امور میں احتیاط سے کام لیں۔ ازدواجی اور رومانوی مسرتیں ملیں گی۔ ٹیلی فون یا خط وکتابت کے ذریعے ایک دوست سے فائدہ پہنچے گا۔ ایک حاسد آپ کو دوسروں کی نظروں سے گرانے کی کوشش کررہا ہے آپ کو سمجھ لینا چاہئے کہ اس سے ہر صورت اختیار کریں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کیلئے یہ ہفتہ موافق ہے۔

☆**ستمبر** (یکم تا8) اپنی بھرپور توجہ ایسے معاملات پر دیں جن سے آپ کو خاطر خواہ فائدہ مل سکتا ہے اہل خانہ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وقت گزاریں ایک شخص آپ کی توجہ کا طالب ہے ملازم پیشہ افراد افسران بالا سے بگاڑنے کی کوشش نہ کرے ورنہ یہ ہفتہ ان کے لیے نہایت منحوس ثابت ہوگا اور بجائے فائدے کے ان کو نقصان ہوسکتا ہے اس ماہ عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا۔ آپ کا سیارہ تیزی سے کئی دور سے گزر رہا ہے۔ (9تا16) والدین قریبی عزیز خصوصاً والد سے فائدہ ہوسکتا ہے اس ہفتہ کا آغاز اچھے طریقہ سے ہوگا زندگی میں خوشی اور غم اکھٹے ملتے ہیں۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے۔ ایک دیرینہ خواہش پوری ہوگی صاحب اولاد افراد کی اولاد سے وابستہ توقعات پوری ہونگی مالی پوزیشن بہتر ہونے کا امکان ہے۔ شیئرز کی خریداری کیلئے بہترین ہفتہ ہے۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں کوئی مرض بھی ہوسکتا ہے آپ کی کئی خواہشات پوری ہوسکتی ہیں۔ (17تا24) آپ کے لئے احتیاط کے دن ہیں۔ اس ماہ کے آخری ایام آپ کو خوشگوار زندگی کا احساس دلوائیں گے۔ ذہن اور ماحول کی تبدیلی کے لئے کسی خوش افزاء مقام کی جانب سفر کریں اور پریشانی یا ڈپریشن کو اپنے سر سے اتار کر پھینک دیں کوشش کریں کہ زندگی کا بھرپور لطف اٹھا سکیں۔ اپنے آپ کو محدود نہ کریں۔ صحت کا خاص خال رکھیں ایک دوست آپ کو دھوکہ دے سکتا ہے۔ اس دوران اخراجات کو کنٹرول میں رکھیں۔ (25تا30) اپنی مصروفیات سے کچھ وقت اہل خانہ کے لئے بھی نکالیں۔ کاروباری معاملات بہتری کی طرف آئیں گے اور مخالفین پر باآسانی غلبہ حاصل کرسکتے ہیں۔ والدین سے ناراضگی بھی ختم ہوسکتی ہے بزرگوں کو منانے کے لیے یہ وقت معاون ثابت ہوگا۔ مخالفین میں اضافہ کا خدشہ ہے۔ بہت سی تبدیلیاں اس ماہ متوقع ہیں وہ لوگ جو نیا مکان تعمیر کرنے اے نئے پلاٹ کی خریداری کا ارادہ رکھتے ہیں جائیداد بنا سکیں گے۔

☆**اکتوبر** (یکم تا 8) آپ کے سالانہ حالات یونانی زائچہ کے مطابق بتائے جا رہے ہیں اس ماہ اہم تبدیلیاں ممکن ہیں اور بہت سا اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آئے آپ کے برج کا مالک سیارہ قمر بہت تیز رفتاری سے سورج کے گرد اپنا چکر پورا کرتا ہے اس ماہ کوئی حادثہ پیش آ سکتا ہے۔ لہذا بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ نحس ایام ہیں ممکن ہے کہ کوئی حادثہ رونما ہو جائے بے احتیاطی برا انجام دے سکتی ہے۔ سرخ رنگ کا استعمال نہ کریں۔
(9 تا 16) ادھیڑ عمر اور نچلے درجہ کے لوگوں سے احتیاط کریں خاص کر افسران بالا اپنے ماتحت اور کاروباری حضرات ملازمین پر خاص نظر رکھیں ان کی وجہ سے کسی بھی قسم کا نقصان ہو سکتا ہے۔ عدالتی کاروائی ان دنوں میں نہ کریں۔ ورنہ نقصان کا خطرہ ہے۔ شریک حیات اور دوستوں سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ شریک حیات سے کسی بات پر جھگڑا ہو سکتا ہے آپ کو تحمل مزاجی سے کام لینا ہوگا۔ محبوب سے اختلاف ممکن ہے۔
(17 تا 25) غیر شادی شدہ افراد یا وہ لوگ جو عشق و محبت کے مارے میں اس ہفتہ اپنے محبوب سے اظہار محبت کر سکتے ہیں۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول میں رکھیں اشیاء تعشیات میں اپنے پیسے کا اصراف نہ کریں اور کسی برے وقت کے لئے بچا کر رکھ لیں آپ کے لئے سخت ترین دن ہیں۔ لہذا عبادت اور ریاضت کی طرف دھیان دیں۔ اس ہفتہ لڑائی جھگڑا پیدا ہو سکتا ہے۔ اس ہفتہ اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں۔
(26 تا 31) جس کی وجہ سے لوگ اکثر آپ سے خائف ہو جاتے ہیں اور جلد پیچھا چھڑانے کی کوشش کرتے ہیں تحریری معاملات معاہدہ کرنے جھگڑوں کا فیصلہ کرنے اور عزیز و اقارب سے صلح کرنے کیلئے بہترین دن ہیں اس موقع کو ہاتھ نہ جانے دیں۔ دشمن آپ کے جال بن رہا ہے۔

☆**نومبر** (یکم تا 8) آپ بلاوجہ دوسروں کے معاملات میں دخل اندازی نہ کریں اگر کوئی برا کر رہا ہے تو آپ مصلحت کے تحت خاموشی اختیار کریں زیادہ صاف گو بننے سے بھی آپ کے لئے مسائل کھڑے ہو سکتے ہیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے شائقین افراد یکم نومبر کو ہونے والی قرعہ اندازی کے لئے قسمت آزمائی کر سکتے ہیں اس ہفتہ رومانوی ماحول رہے گا۔ چھیڑ چلانے سے معاملات بگڑتے ہیں کوئی حادثہ رونما ہو سکتا ہے۔
(9 تا 16) یہ ایام نحس ہیں۔ اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں دوران گفتگو احتیاط سے کام لیں تاکہ زہرہ مقابلہ مریخ کی نظر انہی دنوں میں قائم ہو رہی ہے جو کہ آپ کے بنے ہوئے کاموں کو بگاڑ سکتی ہے۔ غیر شادی شدہ خواتین ان ایام میں کسی مرد سے دھوکہ کھا سکتی ہیں اور شادی شدہ خواتین اپنے شریک حیات سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں کیونکہ یہ ایام ان کے لئے ایک آزمائش ڈال رہے ہیں۔ دوست بیوفائی کر سکتا ہے۔
(17 تا 24) اس ہفتہ بہت بہتری کی اُمید ہے ایسے کام جو کہ گزشتہ ایام رجعت عطارد کے سبب خراب ہو چکے یا رکاوٹ آ رہی تھی 17 نومبر کو آپ کے برج قوس میں مستقیم ہو رہا ہے یہ وہ وقت ہے جب آپ اپنے رُکے ہوئے کاموں کی تکمیل کر سکتے ہیں پہلے سے اپنے آپ کو بہتر محسوس کریں گے۔ کچھ لوگ آپ سے جلن محسوس کرتے ہیں اور سازشیں کر رہے تھے ان ایام میں ایسے لوگ بے نقاب ہو سکتے ہیں۔ مالی فائدہ ممکن ہے۔
(25 تا 30) یہ وقت آپ کیلئے بہتری کے اسباب پیدا کر سکتا ہے۔ آپ میں سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ کسی بھی بات کی کھال اتارنا شروع کر دیتے ہیں۔ ورنہ ان کی غفلت مالی نقصان دے سکتی ہے۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے اچھے نہیں ہیں لہذا اپنی رقم کسی نہ کسی طرح بچائیں۔ نمود نمائش کی اشیاء خریدنا اس ہفتہ مبارک ہوگا۔ دوران سفر محتاط رہیں۔ آپ کا لکی عدد 34,09,23 ہے۔

☆**دسمبر** (یکم تا 8) سیارہ عطارد 07 دسمبر کو مستقیم ہو رہا ہے۔ معاملات درست کرنے کے لیے یہ وقت بہترین ہے۔ یاد رہے کہ آخر سال تک عطارد مستقیم حالت میں رہیگا یہ وقت بیماریوں سے نجات، عزیز و اقارب سے مراسم بڑھانے اولاد کی بہترین تربیت کے لیے عملی اقدامات کرنے، بیرون ملک سفر اور کاروباری معاہدے کرنے کے لیے مناسب وقت ہوگا۔ اپنے ہمدردوں تعداد میں اضافہ کر سکیں اخراجات میں زیادتی ہو سکتی ہے۔
(9 تا 16) ایک راز جو کہ اب تک آپ پر کھلا نہ تھا اس ماہ ظاہر ہو جائیگا۔ حیران ہونے کی ضرورت نہیں جو شخص آپ کے لئے غیر اہم تھا اب اہم ہوگا ملازم پیشہ افراد کی تبدیلی کا امکان ہے اس ہفتہ جذبات سے کام نہ لیں بلکہ ہوش خواس میں رہ کر کام لیں۔ بے احتیاطی خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ کامیابی حاصل کرنے کے لئے کچھ قربانی دینا ہوگی ملازم پیشہ افراد اور کاروبار سے تعلق رکھنے والے حضرات بھرپور توجہ اپنے فرائض پر دیں۔
(17 تا 25) مقدمات کو فیصلہ کروانے کے لئے یا عزیز و اقارب سے بہتر تعلقات استوار کرنے کے لئے اچھا رہے گا۔ خواتین زیورات کی خریداری کریں تو اس سے ان کو فائدہ ہوگا نیا کروبار شروع کرنے کے لئے یہ اچھے دن ہیں۔ 20 تا آخر ماہ مشکلات سے نکلا جا سکتا ہے۔ کچھ خاص راز معلوم ہوتے ہوئے بھی اپنی زبان اور کان بند رکھیں بس خاموش سے دیکھتے جائیں ابھی بولنے کا وقت نہیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں۔
(26 تا 31) اس سے زیادہ مزید بہتر وقت آپ کے ہاتھ نہ آئے گا اپنی خواہشات کی تکمیل کے لئے کی گئی کوششیں کامیاب ہونگی۔ ایسے خواتین حضرات جن کا شریک حیات سے کوئی جھگڑا یا ناراضگی چل رہی تھی۔ ان ایام میں اپنی اس ناراضگی کو صلح میں تبدیل کر سکتے ہیں اور اگر کسی کا محبوب ناراض ہو تو اسے بھی منانے کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہے گا۔ طبیعت میں تیزی کا عنصر غالب رہے گا اور ہر بات پر بلاوجہ غصہ کا آنا اچھا نہیں ہے۔

LEO اسد



تاریخ پیدائش:۔ 24 جولائی تا 23 اگست | نام کا سرحرف:۔ م، ٹ | موافق دن:۔ اتوار | حاکم سیارہ:۔ شمس

خاصیت:۔ مہربان، بے غرض، حق پسند | موافق عدد:۔ 1

امراض:۔ مرگی، ریڑھ کی ہڈی کے امراض، دردِ مثانہ قلب | موافق پتھر: ہیرا، لہسنیا

نائس خصلت:۔ مشتعل، جلد باز، غلط فہمی میں مبتلا ہونے والا | موافق رنگ: گولڈن، نارنجی، پیلا، آتشی گلابی

☆**جنوری** (یکم تا 8) سیارہ شمس جو کہ آپ کے برج کا حاکم ہے زہرہ سے نظر قران قائم کر رہا ہے اس ہفتہ محبوب سے ملاقات فائدہ مند رہیگی اپنے راز کی بات اور ملاقات کسی دوسرے کو نہ بتائیں مستقبل میں آپ کی حماقت بدنامی کا سبب بن سکتی ہے۔ ایسے افراد جو کہ شریک حیات سے بے حد محبت کرتے ہے اس ہفتہ گولڈ کی جیولری تحفتاً دینے سے بہت سے معاملات بہتری کی طرف آ سکتے ہیں۔
(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 09 تا 12 اگست رہیں گے اس نظر کے تحت قریبی عزیز آپ کے لئے پریشانیاں کھڑی کر رہے ہیں خصوصاً وہ افراد جن سے آپ کا خونی رشتہ ہے آپ کو خوشحال نہیں دیکھنا چاہتے ہیں۔
(17 تا 25) دور دراز کے دوستوں سے خاص مسئلہ پر مشورہ کیا جا سکتا ہے۔ تخلیقی سرگرمیاں بڑھیں گی اس ہفتہ سفر نہ کرنا آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ جذبات کو قابو میں رکھیں نقصان کا اندیشہ ہے کوا کبی صورتحال مجموعی طور پر اتنی اچھی نہیں ہے ازدواجی معاملات میں بگاڑ پیدا ہو سکتا ہے۔
(26 تا 31) اس ہفتہ آپ کے برج میں سیارہ قمر گرہن کے اثرات سے گزرے گا آپ کو بہت زیادہ محتاط رہنا ہوگا۔ لین دین اور کاروباری معاملات اس ہفتہ نہ کریں کسی بھی قسم کا نقصان ہو سکتا ہے۔ سفر بھی اچھا نہ ہوگا۔ چند کینہ پرور لوگ آپ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

☆**فروری** (یکم تا 7) اس ہفتہ شمس تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ کچھ لوگ آپکو خوش نہیں دیکھ سکتے اپنے راز کسی کو نہ بتائیں دل کی بات دل میں رکھیں تو زیادہ بہتر ہے۔ بولتے وقت محتاط رہیں زیادہ بولنے سے آپ راز کھولنا شروع ہو جاتے ہیں۔ اپنے اسم الٰہی کا ورد بھی کریں۔
(8 تا 14) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ شمس برج دلو میں گرہن کے اثرات سے گزرے گا۔ جسمانی بیماری میں بخار اور سر درد کی شکایت ہو سکتی ہے۔ جمعہ کے روز شکر کا صدقہ دیں یا منگل کے دن 9 دانے سرخ مرچ ثابت آگ میں ڈال دیں آنے والی پریشانی سے کسی حد تک نجات مل جائیگی۔ خفیہ دشمن سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں اپنی قوتوں کا بھرپور فائدہ اٹھائیں دور اندیشی سے آپ اپنے مسائل حل کر سکتے ہیں۔
(15 تا 21) آپ کے برج کا حاکم عطارد سے قران کی نظر قائم کر رہا ہے۔ ان ایام میں اعلیٰ عہدہ کے لوگوں سے بھی احتیاط برتیں نکاح کیلئے اچھا وقت ہے لیکن محبوب سے محبت کا اظہار ان دنوں میں نہ کریں۔ کیونکہ آپ کو اس جانب سے مثبت جواب نہ ملے گا۔ اچانک حادثہ آپ کے دل کو ہلا دے گا۔ معمولی چوٹیں آ سکتی ہیں لیکن بڑا نقصان نہ ہوگا۔ قرض دینے کیلئے یہ ایام نحس ہیں واپس نہ ملے گا۔ محبت حد تک اچھی لگتی ہے۔
(21 تا 28) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات سعد رہیں گے اس نظر کے تحت اس ہفتہ صحت بہتری کی طرف آ جائیگی۔ بگڑے ہوئے معاملات سلجھنا شروع ہو جائینگے۔ مالی فائدہ ہوگا انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

☆**مارچ** (یکم تا 8) ملازمین کو رکھنے سے قبل خوب جانچ پڑتال کر لیں نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ ذہنی توجہ سے آپ ایک بگڑے ہوئے کام کو بہتر انداز سے سنوار سکتے ہیں ہم مزاج افراد سے رابطہ رکھیں۔ بہت کچھ سیکھنے کو ملے گا۔ ایسے حالات اور واقعات پیش آ سکتے ہیں۔ جو آپ کی ترقی کو مزید بڑھانے میں مددگار ثابت ہونگے خواہ مقصد کچھ بھی ہو کامیابی ملے گی۔ صلاحیتوں کو بہتر بنائیں اس سلسلہ میں ضروری معاملات جمع کریں۔
(9 تا 15) یہ ایام جائیداد کی خریداری کیلئے مناسب ہیں قوی امید ہے کہ ان دنوں میں آپ رکا ہوا پیسہ یا قرض بھی واپس مل جائے کچھ ستارے آپ کے حق میں بہتر جا رہے ہیں کسی نوعیت کا فائدہ ملنے والا ہے۔ بڑے پیمانے پر لین دین سے واضح تبدیلی آئیگی اچھی قیمت پر خریداری یا فروخت سے فائدہ ہوگا لاپرواہی یا جلد بازی نقصان سے ثابت ہو سکتی ہے۔ ہفتہ کے آخر میں چند نحس نظرات نقصان کی جانب اشارہ دے رہی ہیں۔
(16 تا 24) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس مشتری قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت قریبی عزیز آپ کے لئے پریشانیاں کھڑی کر رہے ہیں خصوصاً وہ افراد جن سے آپ کا خونی رشتہ ہے آپ کو خوشحال نہیں دیکھنا چاہتے ہیں اس ماہ خلاف توقع کوئی رقم ملنے کی امید ہے۔
(25 تا 31) نئے کاروبار کی ابتداء کیلئے یہ ہفتہ اچھا نہ ہے۔ مالی معاملات میں نقصان کا اندیشہ ہے کیونکہ اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ نظر تربیع قائم کر رہا ہے۔ لین دین میں احتیاط کریں۔ نقصان کا اندیشہ ہے۔ تیز دھار آلات یا آگ سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔

☆**اپریل** (یکم تا 8) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے یہ نظر فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔ ان دنوں میں آپ افسران بالا یا والدین کے غضب وغصہ کو دور کر سکتے ہیں۔ بزرگوں سے خصوصی دُعا کروائیں اعلیٰ عہدوں پر فائز افسران بالا سے فائدہ لیا جا سکتا ہے۔ ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جا سکتی ہے۔ (9 تا 16) 08 تا 09 اپریل آپ کے برج کا حاکم سیارہ شمس درجہ شرف سے گزر رہا ہے جو کہ سعد حالت میں ہوگا۔ وہ افراد جو کہ عزت مال و دولت کے خواہشمند ہوں تو اس نادر وقت سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ اپنے لئے نگینہ یا لوح شرف شمس خاص طور سے تیار کروائیں۔ جس کی برکت سے بہت سی خواہشات کی تکمیل ہو سکتی ہے یاد رکھیں کہ یا نایاب وقت دوبارہ 1 سال بعد آئیگا۔ ٹانگوں میں درد کی شکایت ہو سکتی ہے۔ (17 تا 25) گزشتہ ہفتہ آپ کا حاکم سیارہ اپنے شرفی درجات سے گزرا تھا جس کے اثرات اس ہفتہ بھی آپ کے برج پر رہینگے مالی معاملات میں بہتری آسکتی ہے۔ نئے کاروبار کی ابتداء کیلئے یہ ایام بہتر ہیں۔ آئندہ مالی معاملات اور پریشانی سے بچنے کیلئے لوح یا نگینہ شرف شمس ضرور بنوائیں۔ (26 تا 30) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے اس نظر کے تحت کاروباری معاملات بہتری کی طرف آئیں گے اور مخالفین پر بآسانی غلبہ حاصل کر سکتے ہیں۔ والدین سے ناراضگی بھی ختم ہو سکتی ہے بزرگوں کو منانے کے لیے یہ وقت معاون ثابت ہوگا۔ کم عمر افراد کو والدین اور بزرگ رشتہ داروں سے فائدہ ملے گا۔ لڑائی جھگڑے سے بچئے۔ شریک حیات محبوب یا دوست سے پیدا ہوئے اختلافات طول پکڑ جائینگے۔

☆**مئی** (یکم تا 8) شیئرز اور قیمتی اشیاء کی خرید وفروخت نقصان دے سکتی ہے ان ایام میں دل وجگر کے امراض بھی پیدا ہو سکتے ہیں اور وہ افراد جو کہ ان سے متعلق امراض میں مبتلا ہیں مذکورہ مرض شدت اختیار کر سکتا ہے۔ اچھے معالج سے رابطہ کریں اپنے برج سے متعلق صدقہ ضرور دیں اگر آپ کے پاس لوح شمس اور لوح مشتری ہے تو اس قسم کی نظرات آپ کے لیے زیادہ نقصان دے ثابت نہ ہوگی۔ زرد رنگ کا استعمال نہ کریں۔ (9 تا 16) اس ہفتہ قائم ہونے والی اہم سعد نظر شمس تثلیث مشتری مالی فائدہ کی جانب گواہی دے رہی ہے اس دوران انعامی اسکیموں میں شامل ہونا نئی عمارت کی تعمیر یا نئی جائیداد کی خرید فائدہ مند ثابت ہوگی۔ آئندہ دنوں میں مالی حالات کمزور ہونے کا خطرہ ہے متوقع مالی کمزوری کو دور کرنے کیلئے ان ایام میں صاحب علم افراد سے مل کر اس نایاب قوت میں اپنے لئے خاص لوح تیار کروا سکتے ہیں۔ دشمن آپ کیلئے جال بن رہا ہے۔ (17 تا 25) اس ہفتہ شمس تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس سعد نظر کے تحت کوئی نیا کام کریں اور اس سے لطف اندوز ہوں اگرچہ آپ کو خاصی مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا لیکن اس کے باوجود آپ شفقت آمیز برتاؤ کی وجہ سے اپنی منزل پر پہنچ جائیں گے اس مخالفت کو پریشانی کی وجہ نہ بنائیں سفر آج کیلئے سود مند ہے ممکن ہو تو سفر اختیار کر سکتے ہیں۔ اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں اور اپنے اسم الہیٰ کا ورد بھی کریں۔ (26 تا 31) اس ہفتہ شمس تثلیث مریخ کی نظر قائم ہو رہی ہے۔ جو خوشگوار خبریں اور مالی فائدہ لائے گی چند افراد کو رشتہ داروں یا سسرالی رشتہ داروں سے فائدہ حاصل ہوگا اور کچھ کو غیر متوقع طور پر روپیہ ملے گا۔ طبیعت میں اداسی رہے گی ان دنوں بات بات پر غصہ آنا شروع ہو جائیگا۔ ذہنی تھکاوٹ کو دور کرنے کیلئے تفریحی پروگرام نہایت مفید دے ثابت ہوگا۔ دوران پروگرام کچھ نئے لوگوں سے ملاقات بھی ہو سکتی ہے۔ جو مفید رہے گی۔

☆**جون** (یکم تا 8) ان ایام میں عطارد قران شمس کی نظر قائم ہو رہی ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ مقدمہ میں فتح ہوگی۔ جواں عمر لوگ اس ہفتہ آپ کو فائدہ دینگے۔ خصوصاً اگر آپ کی اولاد جوان ہے تو اہم امور میں اس سے ضرور مشورہ کریں۔ ذہنی دباؤ بھی ہو سکتا ہے پریشانی کو اپنے سے دور رکھیں۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ عشق ومحبت کے معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ بلڈ پریشر ہو سکتا ہے۔ (9 تا 16) اس ہفتہ میں زیادہ توجہ قوت فیصلہ کی جانب رہیگی اپنے ارادے مضبوط رکھیں اور جو کچھ کرنا ہے کر گزریں۔ ایسے کام جن کو اب تک آپ غیر اہم سمجھتے آئے یا ادھورا چھوڑا ہوا تھا کہ مکمل کر لیں۔ فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ اس ہفتہ گھریلو معاملات اور جائیداد کا مسئلہ خاموشی سے طے کریں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ اگر بڑی نوعیت کا کام آپ خود کرنا چاہ رہے ہیں تو جلد بازی سے گریز کریں۔ معدہ کے امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔ (17 تا 24) ایک شخص آپ کی تاک میں ہے ممکن ہے کہ اس کا تعلق برج حمل سے ہے۔ روپے پیسہ ضائع نہ کریں کسی قسم کا حادثہ پیش آسکتا ہے۔ عزیز کی جانب سے پریشانی لاحق ہو سکتی ہے دوران سفر محتاط رہیں اندیشہ ہے کہ کوئی بڑا نقصان نہ ہو جائے یہ ہفتہ آپ کے لئے پریشانیاں لا سکتا ہے۔ ذہنی سوچ کو پختہ کریں طبیعت میں تیزی سے اتار چڑھاؤ رہے گا۔ اور یہ ہفتہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے افراد کے لئے نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ (25 تا 30) اس ہفتہ شمس مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ اپنی قوت اور دائرہ اختیار کو بڑھانے اور مقبولیت کے لئے اعلیٰ عہدوں پر فائز لوگوں سے ملیں۔ دوسروں کی رہنمائی کریں، ایسے ادارے جو کسی ادارے کے متعلق ہوں عملی اقدام کرنا مفید ہے۔ ان ملازمین سے جو آپ کی پوزیشن کے ہوں۔ اعلیٰ طبقہ کے لوگ، حکام اعلیٰ سے ملنا کامیابی لائے گا۔ خواتین کو اس ہفتہ مالی فائدہ ہو سکتا ہے اچانک کھوئی ہوئی شے ملنے کی امید ہے۔

☆**جولائی** (یکم تا8) ذہنی اور جسمانی توجہ عملی معاملات کی جانب مائل رہیگی۔ کاروباری معاملات بہتر ہونگے ایک رکا ہوا مسئلہ بھی حل ہو سکتا ہے اطمینان بخش حل مل جانے کا امکان ہے۔ شراکتی کاروبار سے گریز کریں یقیناً نقصان آپ کے ہی حصہ میں آئیگا خوشی بختی کا یہ ہفتہ کچھ نئی تبدیلیاں بھی لا سکتا ہے۔ کاروباری حالات میں خاصی تبدیلی آسکتی ہے۔ گھریلو مسائل کو گھر میں ہی بیٹھ کر حل کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔
(9 تا16) آپ کے برج کے حاکم سیارہ شمس کو اس سال دوسری سعد قوت 11,12 جولائی کو اوج کی شکل میں حاصل ہو رہی ہے کیونکہ یہ سیارہ ان ایام میں اوج کے درجات سے گزرے گا۔ اس ہفتہ عزت مال و دولت، شہرت کیلئے بہتر منصوبہ بندی کر سکتے ہیں کاروباری حضرات اپنے کاروبار کو وسعت دینے کیلئے نئے معاہدے کرنے کیلئے بہترین وقت ہے 13 جولائی شمسی گرہن محتاط رہنے کا اشارہ دے رہا ہے۔
(17 تا25) یہ ہفتہ آپ کے لئے نحس ثابت ہو سکتا ہے آپ کے برج کا حاکم شمس مقابلہ مریخ نحس نظر قائم کر رہا ہے۔ آپ کے مخالفین نیا جال بن رہے ہیں جسکی وجہ سے کچھ پریشانیاں ہو سکتی ہیں۔ کوشش کریں کہ ان دنوں لڑائی جھگڑے سے گریز کریں۔ تحریری معاملات سوچ سمجھ کر انجام دیں بے احتیاطی نہ کریں۔ قرض کی صورت میں دی گئی رقم واپس نہ ملے گی اور اسی طرح لی گئی رقم بھی واپس نہ دے سکیں گے۔
(26 تا31) ابتداء ہفتہ میں قمری گرہن برج دلو میں قائم ہو رہا ہے جو کہ آپ کے حق میں بہتر نہ ہے۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے چوری سے بچنے کے لئے خود احتیاط کریں۔ اس ہفتہ حصول مال کے خاطر کی گئی کوششیں کامیاب نہ ہوں گی۔ چند راستے بند نظر آئینگے۔ اگر آپ نے اس ہفتہ احتیاط نہ کی تو یقینی نقصان سے آپ نہیں بچ سکتے خصوصاً ان دنوں قرض کا دینا یا کسی سے رقم بطور قرض لینا دونوں ہی آپ کے حق میں بہتر نہیں ہیں

☆**اگست** (یکم تا8) ان ایام میں اخراجات میں زیادتی ہوگی لیکن آئندہ کیلئے کچھ بچا کر رکھنا آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے اخراجات کا ایک جن آپ کے سر پر مسلط ہونے والا ہے آنے والے اہم اور مشکل وقت کیلئے آپکو بہتر حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ اہل خانہ آپ کی جانب سے کسی اہم خبر کی منتظر ہیں لیکن طبیعت سے چڑچڑا پن ختم کریں بات بات پر جھگڑنا آپ کے وقار کو خراب کرتا ہے۔
(9 تا16) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم شمس گرہن کے اثرات سے گزرے گا تشویش کی بات ہے کہ یہ گرہن آپ کے برج میں لگ رہا ہے۔ بہتر ہے اسی دوران مالی نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔ ریڑھ کی ہڈی اور کمر میں درد کی شکایت ہو سکتی ہے اپنے مقصد کی تکمیل نہ ہو سکے گی۔ بہتر لائحہ عمل تیار کر کے آئندہ کی پریشانیوں سے سنبھال سکتے ہیں۔ عدالتی کاموں میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ حالات خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔
(17 تا25) ان ایام میں آپ کی رقم ضائع ہو سکتی ہے اس دوران قیمتی اشیاء کی چوری کا بھی خدشہ ہے۔ بظاہر اپنے ہمدرد پر بھی اعتبار نہ کریں اگر آپ نقصان سے بچنا چاہتے ہیں تو کسی پر بھروسہ نہ کریں۔ عزیز و اقارب سے کسی بارے میں بھی جھگڑا مول نہ لیں۔ بیماری کا بھی خطرہ ہے ناگہانی طور پر بلڈ پریشر کی شکایت بھی ہو سکتی ہے۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا فائدہ مند ثابت ہوگا۔
(26 تا31) اس ہفتہ شمس تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ یہ وقت جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ کاروباری فائدہ اور کامیابی اور مالی اقبال مندی حاصل ہوگی۔ ملازمت پیشہ افراد کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ خواتین سے متعلقہ امور میں مدد حاصل ہوگی لیکن بہت احتیاط کی ضرورت ہے اگر آپ نے احتیاط نہ کی تو جان لیں ہر فیصلہ آپ کے خلاف ہوگا۔ جو کچھ ہو چکا اسے دل و ذہن سے نکال دیں۔

☆**ستمبر** (یکم تا8) معاملات آپ کے حق میں ہے۔ محبت کے معاملات کو نہ اٹھائیں کسی سے اظہار محبت بھی کرنا ہو تو فی الوقت خاموش رہیں۔ کام کی زیادتی کی وجہ سے تھکن محسوس کریں گے لیکن سستی میں آپ نقصان کر بیٹھیں گے۔ اس ہفتہ خلاف توقع کوئی رقم ملنے کی امید ہے۔ ہفتہ کے آخری دو دن آپ کے لئے خوشخبری لا سکتے ہیں۔ سرمایہ کاری میں لگے ہوئے روپے سے فائدہ حاصل ہوگا۔ الزامات لگائے جا سکتے ہیں۔
(9 تا16) شہنشاہ سلطنت شمس بادشاہ فلک ہے عزت مال و دولت پر حاکم یہ سیارہ آپ کے برج کا مالک ہے اس ہفتہ مفت کی دولت انعامی چانس میں کامیابی مال و عزت کا دوسرا سیارہ مشتری سے اچھی نظر قائم کر رہا ہے ان کا سمک شعاعوں کے زمین پر اثرات مرتب ہونے سے اسدی افراد ہر طرح کا فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ عزت مال و دولت شہرت کیلئے اس خاص وقت میں لوح حصول مال و دولت ضرور بنوائیں۔ لکی عدد 53 ہے۔
(17 تا24) شمس قرن عطارد ایام میں اعلیٰ عہدہ کے لوگوں سے بھی احتیاط برتیں نکاح کیلئے اچھا وقت ہے لیکن محبوب سے محبت کا اظہار ان دنوں میں نہ کریں۔ کیونکہ آپ کو اس جانب سے مثبت جواب نہ ملے گا۔ اچانک حادثہ آپ کے دل کو ہلا دے گا۔ معمولی چوٹیں آسکتی ہیں۔
(25 تا30) ان ایام کے دوران قائم ہونے والی شمس ترتیع زحل ان سیارگان کے منفی اثرات ظاہر کریگی نقصان کا اندیشہ ہے۔ ذہن کو اس ہفتہ اچانک صدمہ یا جھٹکا پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ جس کی آپ نے کبھی توقع نہ کی تھی۔ اس وجہ سے ذہنی اور جسمانی صحت بہتر نہ رہے گی اور کاروباری حالات کمزور ہو سکتے ہیں اپنے ماتحت افراد پر زیادہ اعتبار نہ کریں۔ دھوکہ دہی کا اندیشہ ہے۔ کاروباری پوزیشن بہتر نہ رہے گی۔ سیاہ لباس استعمال نہ کریں۔

☆**اکتوبر** (یکم تا 8) اس ہفتہ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ کھلے پانی میں جانے سے گریز کریں سرسبز مقامات طبیعت میں تازگی پیدا کریں گے۔ لہجہ نرم اور شگفتہ ہو تو کئی مخالفت بھی آپ کی بات سننے کو تیار ہو جائیں گے۔ ایک بیمار عزیز یا دوست آپ کی توجہ کا طلبگار ہے۔ دوران سفر محتاط رہیں۔
(9 تا 16) جسمانی صحت بہتر رہیگی لیکن ضروری ہے کہ اپنا مکمل چیک اپ کروائیں دیرینہ بیماری سے نجات مل سکتی ہے ایک بزرگ کی دی گئی دعا سے مسئلہ حل ہوگا سب کو ساتھ لے کر چلیں کچھ لوگ آپ سے بہت سی امیدیں لگائے بیٹھیں ہیں آپ کی جانب سے بھی مثبت رویہ ملنا چاہئے۔ لڑائی جھگڑا یا الجھا ہوا معاملہ حل ہو سکتا ہے کسی دوسرے کے مسئلہ میں خود کو دخل دینے کی کوشش نہ کریں۔ قسمت آزمائی نہ کریں نقصان ہو سکتا ہے۔
(17 تا 25) سیارہ شمس جو کہ آپ کے برج کا حاکم ہے زہرہ سے نظر قران قائم کر رہا ہے اس ہفتہ محبوب سے ملاقات فائدہ مند رہیگی اپنے راز کی بات اور ملاقات کسی دوسرے کو نہ بتائیں مستقبل میں آپ کی حماقت بدنامی کا سبب بن سکتی ہے۔ ایسے افراد جو کہ شریک حیات سے بے حد محبت کرتے ہے اس ہفتہ گولڈ کی جیولری تحفتاً دینے سے بہت سے معاملات بہتری کی طرف آ سکتے ہیں۔ تلخ کلامی بنی بات کو مزید الجھا سکتی ہے۔
(26 تا 31) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات سعد رہیں گے اس نظر کے تحت اس ہفتہ صحت بہتری کی طرف آ جائیگی۔ بگڑے ہوئے معاملات سلجھنا شروع ہو جائینگے۔ مالی فائدہ ہوگا انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ بزرگ کی بات ماننے میں ہی فائدہ ہے روحانی فیض میسر آ سکتا ہے۔ قیمتی اشیاء کی خریداری کیلئے اچھا ہفتہ ہے۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔

☆**نومبر** (یکم تا 8) یہ ایام آپ کے لئے فائدہ مند ہو سکتے ہے۔ اپنے رکے ہوئے کاموں کو نکال سکتے ہیں۔ مقصد کی تکمیل ہو سکتی ہے اعتبار کرنا اچھی عادت ہے لیکن یاد رکھیں سیاروں کی نظر بتا رہی ہے کہ اس وقت اعتبار نہ کرنا سب سے اچھی عادت ہے۔ سیر و تفریح کا پروگرام بنالیں طالب علم اس ماہ خاص توجہ دیں ورنہ اچھی خبر سننے کو نہ ملے گی ہر معاملہ میں احتیاط کریں۔ گھریلو خواتین ملازمین کو نظر میں رکھیں اور زیادہ بھروسہ نہ کریں۔
(9 تا 16) سیارہ مریخ طاقت اور قوت کا ایسا سیارہ ہے کہ جو جلد از جلد مثبت اور منفی دونوں کی طرح کی طاقتوں کو ظاہر کرتا ہے۔ اس ہفتہ تیز دھار آلات مثلاً چاقو، چھری یا آگ کے استعمال سے گریز کریں۔ چوٹ لگنے کا قوی اندیشہ ہے دوسروں کے لڑائی جھگڑے میں آپ فلمی ہیرو کی طرح مقابلہ کرنے کی کوشش نہ کریں ورنہ سارا ملبہ آپ ہی کے سر آن گرے گا۔ لینے کے دینے بھی پڑ سکتے ہیں۔ ہمت بہادری دیکھائیں مگر دائرے میں رہ کر۔
(17 تا 24) ذہنی سوچ کو پختہ کریں طبیعت میں تیزی سے اتار چڑھاؤ رہے گا علم و عقل کا حاکم سیارہ عطارد شمس کے ہمراہ سعد نظر قائم کئے ہوئے ہے۔ یہ وقت آپ کے لئے بہتر ثابت ہو سکتا ہے خود غرض لوگوں کو اپنے قریب نہ آنے دیں ایسے لوگ آپ کے قریب جمع ہونا شروع ہو جائیں گے۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے گھریلو اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ خاموشی میں بہتری ہے۔ آپ چپ رہ کر بہت سے لوگوں کو ہرا سکتے ہیں۔
(25 تا 30) اس ہفتہ میں آپ کے حاکم سیارہ کی نظر شمس قران مشتری قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں کسی بزرگ سے دعا کروائیں تا کہ بگڑے ہوئے معاملات میں کسی حد تک بہتری آ سکے۔ نئی دوستیاں قائم ہو سکتی ہیں جو کہ بعد میں آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ مال و دولت حاصل کرنے کیلئے یہ ہفتہ بہت مبارک ہے کاروباری منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے بہتر تاریخیں ہیں اس ماہ آپ کا لکی عدد 48 ہے۔

☆**دسمبر** (یکم تا 8) اس ہفتہ شمس تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں اپنے برج سے متعلق صدقہ دیں۔ اندیشے بڑھتے جائیں گے گھریلو ماحول خراب ہوتا جائیگا وہ لوگ جو کہ عرصہ دراز سے کسی عدالتی معاملے میں الجھے ہوئے تھے نہایت محتاط رہنا ہوگا۔ نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس طرح آپ کا یہ ہفتہ کسی الجھن کے ساتھ نہایت ناخوش گوار ماحول میں گزرے گا۔ آپ کو بیمار عزیز کی تیمارداری کیلئے جانا چاہئے۔
(9 تا 16) اس ہفتہ کی ابتداء بہتری سے ہوگی سفر سے ہوگی سفر سے بہتر نتائج برآمد ہونگے لیکن طویل سفر سے گریز کریں۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ اس ہفتہ سیارگان کی نشست ایک بڑے فائدہ کی جانب اشارہ دے رہی ہے لیکن اس کے نتیجہ میں آنے والی رقم ضائع نہ کریں یہ بھی چرب زبانی سے پرہیز کریں۔ پنچایتی فیصلے اور خاندان میں عزت برقرار رکھنے کا ہفتہ ہے۔ اہم فیصلے سوچ سمجھ کر کریں اپنی طبیعت میں لچک ضرور پیدا کریں۔
(17 تا 25) اس سال کا اختتام بھی خطرات پر ہے جبکہ سال رواں کا آغاز بھی خطرات سے ہی تھا۔ دوران سفر احتیاط برتیں آپ کو سینہ اور معدہ امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔ ذرا چھوٹی بیماری کو معمولی نہ سمجھیں یہی مرض نیا مسئلہ کھڑا کر سکتی ہے۔ ایک بدنامی آپ کے لئے آن کھڑی ہوگی اور آپ کو ناکردہ گناہ کی سزا بھگتنی پڑے گی طیش میں آنے والے الجھاؤ پیدا ہو سکتا ہے بہتر ہے کہ معاملہ کو نہایت خوبصورتی سے حل کر لیا جائے۔
(26 تا 31) اس سال اختتام بھی خطرات پر ہے جبکہ سال رواں کا آغاز بھی خطرات سے ہی تھا۔ دوران سفر احتیاط برتیں آپ کو سینہ اور معدہ امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔ ذرا چھوٹی بیماری کو معمولی نہ سمجھیں یہی مرض نیا مسئلہ کھڑا کر سکتا ہے۔ پہلے بھی کہا کہ ایک بدنامی آپ کے سر پر آن کھڑی ہوگی اور آپ کو ناکردہ گناہ کی سزا بھگتنی پڑے گی طیش میں آنے والے الجھاؤ پیدا ہو سکتا ہے بہتر ہے کہ معاملہ کو نہایت خوبصورتی سے حل کر لیا جائے۔

VIRGO سنبلہ



تاریخ پیدائش:۔24 اگست تا 23 ستمبر | نام کا سرحرف:۔پ، غ | موافق دن:۔بدھ | حاکم سیارہ:۔عطارد

امراض:۔کمر، سر، بازو یا شانوں کا درد | موافق عدد:۔5

خاصیت:۔بے غرض، حق پسند، خوددار، ایثار والا | موافق پتھر:گومیدک، زرد عقیق، فیروزہ

نقائص خصلت:۔بے صبرا، بہت چالاک، حاسد | موافق رنگ:کھلتا ہوا سبز، فیروزی، پیلا، زرد گہرا

☆**جنوری** (یکم تا 8) آپ کے برج حاکم سیارہ عطارد زائچہ کے خانہ 09 پر قابض ہے آپ اس وقت طاقت ور انسان ہیں آغاز سال سے ہی حالات میں بہتری ملے گی لیکن ایک بڑی خرابی یہ ہے کہ زائچہ کے خانہ دوئم میں زحل، شمس، زہرہ، پلوٹو موجود ہے۔ یہ نحس علامت ہے۔ ہر معاملہ میں آپ کو احتیاط برتنا ہوگی۔ ذمہ داریوں کو بڑے سلیقہ سے نبھائیں ورنہ لینے کے دینے پڑ سکتے ہیں۔ شادی شدہ افراد کے لئے یہ ہفتہ نحس ثابت ہو سکتا ہے۔
(9 تا 16) ان ایام میں عطارد قران زحل قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 12 تا 14 جنوری ظاہر ہونگے۔ ہر طرح سے محتاط رہیں خاموش ہو کر ایک کونے میں بیٹھ جائیں آپ کے حق میں بہتر ہے۔ پرانی چیزوں سے لگاؤ رہیگا۔ قابل مرمت اشیاء کو احتیاط سے استعمال کریں۔
(17 تا 25) محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ہفتہ بہتر نہ رہیگا۔ خوشخبری ملنے کی امید ہے حاسدین جو کچھ کر رہے ہیں ان کو یقیناً منہ کی کھانی ہوگی نہ بھولیں کہ اس وقت آپ پر جادوئی حملے بھی کئے جا رہے ہیں لیکن آپ کے برج کا حاکم سیارہ قوت اور طاقت میں ہونے کی وجہ سے ان حملوں کو بے اثر کر رہا ہے۔
(26 تا 31) عبادت و ریاضت کی طرف کا دھیان نہ رہے گا اس ہفتہ طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب ہوگا۔ اگر آپ نے کوئی جائیداد خریدنی ہے تو اس کیلئے حالات اور وقت سازگار ہے لیکن آئندہ چند ہفتہ میں خریداری کے لئے حالات مناسب نہ ہونگے۔ کامیابی کی طرف مسلسل بڑھتے جائیں۔

☆**فروری** (یکم تا 7) ستارے جب اچھی پوزیشن میں ہو تو بگڑے ہوئے معاملات کو سنوارنا شروع کر دیتے ہیں آپ کے برج کا حاکم گردش سے نکلتے ہوئے اس ہفتہ اچھے اثرات ظاہر کر رہا ہے سیارہ عطارد اور مریخ کے درمیان قائم ہونے والی اچھی نظر تسدیس اشارہ دیتی ہے کہ بہتری کیلئے رستے کھلتے جا رہے ہیں رُکے ہوئے کاموں کو انجام دینے کیلئے یہ ہفتہ بہتر ہے۔ بلاوجہ لڑائی جھگڑا اور دیگر ایسے معاملات جس میں نقصان کا خطرہ ہو آپ احتیاط برتیں۔
(8 تا 14) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر عطارد تربیع مشتری قائم ہو رہی ہے اس ہفتہ کوئی بھی جائیداد خریدنا یا قیمتی اشیاء کی خریداری نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ چوری کا بھی اندیشہ ہے۔ مالی نقصان سے بچنے کے لئے احتیاط ضروری ہے۔ کسی بھی غیر متعلقہ شخص پر اعتماد نہ کریں قیمتی اشیاء کی حفاظت کریں۔ گھر نکلنے سے قبل حفاظتی انتظامات اچھی طرح دیکھ لیں۔ کوئی نیا کاروباری معاہدہ بھی طے ہو سکے گا۔ زرد رنگ کا لباس استعمال نہ کریں۔
(15 تا 21) ان ایام میں آپ کی رقم ضائع ہو سکتی ہے اس دوران قیمتی اشیاء کی چوری کا بھی خدشہ ہے۔ بظاہر اپنے ہمدرد پر بھی اعتبار نہ کریں اگر آپ نقصان سے بچنا چاہتے ہیں تو کسی پر بھروسہ نہ کریں۔ عزیز و اقارب سے کسی بارے میں بھی جھگڑا مول نہ لیں۔ بیماری کا بھی خطرہ ہے۔
(22 تا 28) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات اس ہفتے ہوں گے رہیں گے۔ شادی شدہ افراد کے لئے یہ ہفتہ خاص احتیاط طلب ہوگا۔ تمام امور میں احتیاط لازم ہے۔ ایک شخص آپ کی مدد کرنا چاہ رہا ہے ذرا توجہ دیں تو الجھا ہوا مسئلہ سلجھ سکتا ہے۔ سماجی تقریبات میں شرکت مواقع ملیں گے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہو رہے گا۔ نجی معاملات طے کر سکیں گے۔

☆**مارچ** (یکم تا 8) آپ کے برج سالانہ حالات یونانی زائچہ کے مطابق بتائے جا رہے ہیں اس ہفتہ کے آغاز سے ہی آپ کے برج کا مالک سیارہ عطارد گردش میں ہے گویا یہ دور آپ کیلئے کمزور اور نحس ثابت ہو سکتا ہے۔ اس ہفتہ آپ کو سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ صحت کا خیال رکھیں۔
(9 تا 15) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ یہ ایام آپ کیلئے نحس ثابت ہو سکتے ہیں قیمتی اشیاء کی چوری کا اندیشہ ہے یا بزرگوں سے اختلاف قائم ہو سکتے ہے لڑائی جھگڑا بھی بڑھ سکتا ہے۔ ایسے معاملات سے نمٹنے کیلئے ہفتہ کے دن صدقہ اور بزرگ سے دعا کروائیں تاکہ نقصان نہ ہو۔ دیرینہ دشمنی بھی نقصان دے سکتی ہے۔ آپکے اپنوں میں دشمن چھپے بیٹھیں ہیں ذرا سا غور کریں تو وہ سامنے آجائیں گے۔
(16 تا 24) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات کی وجہ سے تمام حالات آپ کے ہاتھ میں ہے محبوب کو پیغام بھجوانا ہو یا منگنی یا شادی کی رسم ادا کرنی ہو تو اس سے بہتر وقت آپ کیلئے نہیں آپکو کوئی مالی، کاروباری یا گھریلو فیصلہ ضرور کرنا ہے تو کسی بہتر وقت کا انتظار کریں۔
(25 تا 31) ناگہانی طور پر بلڈ پریشر کی شکایت بھی ہو سکتی ہے۔ سیارہ عطارد ہبوطی درجات سے گزرنے کر قریب ہے اس وقت نحوستیں اپنے ساتھ جمع کر لیتا ہے یہ وقت نہایت محتاط رہنے کا ہے صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ عدالتی کاروائی، پنچائتی معاملات قریبی عزیز رشتہ داروں سے اختلافات ہو سکتے ہیں۔

دولت خان نیوز ایجنٹ چشتیاں | بک لینڈ سیروز سینما راولپنڈی | روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

☆**اپریل** (یکم تا8) ان ایام میں عطارد قران شمس کی نظر قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ان ایام میں اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں۔مفت کی دولت ملنے کا امکان ہے۔گھریلو ماحول بھی خاصا خوشگوار ہوگا۔طالب علم کو اپنی پڑھائی پر دھیان دینا ہوگا۔ازدواجی الجھنوں کا امکان ہے۔شادی کے سلسلہ میں رکاوٹ ہوسکتی ہے۔لاپرواہی ہرگز نہ کریں چوری بھی ہوسکتی ہے۔آپ احتیاط کریں۔(9تا16)15اپریل کو آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد رجعی حالت سے مستقیم ہورہا ہے اس دوران اس کی کھوئی ہوئی قوتیں واپس مل جائیں گی۔عدالتی فیصلے اور معاہدے کیے جاسکتے ہیں۔طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو دور کرسکیں گے شراکت کے کاروبار میں منافع حاصل کرسکیں گے۔(17تا25) بہت سے معاملات حالات آپ کی گرفت میں ہے برج حوت سے تعلق رکھنے والا شخص آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔شراکتی کاروبار کرنا چاہتے ہیں۔تو برج حوت سے متعلقہ شخص کے ساتھ کریں یقینی فائدہ ہوگا۔انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے موزوں وقت ہے، 31,35,36 یہ ایسے اعداد ہیں جو کہ آپکو نقصان نہیں دینگے۔اسکیموں میں حصہ،شیئرز کی خرید وفروخت کیلئے اس سے اعلیٰ موقع آپ کو دوبارہ نہیں ملے گا۔قسمت آزمائی کرسکتے ہیں۔دولت کی دیوی آپ پر مہربان ہے۔آپ کے حاسد بہت ہیں۔سبز رنگ کا استعمال کریں۔(26تا30) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔یہ ایام آپ کیلئے نحس ثابت ہوسکتے ہیں قیمتی اشیاء کی چوری کا اندیشہ ہے یا بزرگوں سے اختلاف قائم ہوسکتے ہے لڑائی جھگڑا بھی بڑھ سکتا ہے۔ایسے معاملات سے نمٹنے کیلئے ہفتہ کے دن صدقہ اور بزرگ سے دعا کروائیں تاکہ نقصان نہ ہو۔دیرینہ دشمنی بھی نقصان دے سکتی ہے۔آپکے اپنوں میں دشمن چھپے بیٹھیں ہیں ذرا سا غور کریں تو وہ سامنے آجائیں گے۔

☆**مئی** (یکم تا8) سیارہ عطارد جو کہ آپ کے برج کا حاکم ہے۔برج ثور میں ہے۔قریبی رشتہ داروں سے معاملات بگڑ سکتے ہیں۔مذکورہ اور تواریخ میں محتاط رہنا ہوگا۔بہن بھائیوں سے بلاوجہ جھگڑا ہوسکتا ہے نئی بیماری بھی پیدا ہوسکتی ہے مرض چھوٹا ہو یا بڑا بے احتیاطی نقصان دہ ہے۔آپ کے برج کا حاکم سیارہ طویل گردشی سے نکل چکا ہے یہ وہ وقت ہے جب آپ اپنی بہتری کی طرف آرہے ہیں لوگوں کی باتوں پر توجہ نہ دیں (9تا16) اس ہفتہ عطارد مریخ کی تربیع اور حضیض عطارد نحس درجات سے گزرتا ہے تو بہت سی نحوستیں اپنے ساتھ جمع کرلیتا ہے یہ وقت نہایت محتاط رہنے کا ہے نحس ترین وقت مانا جاتا ہے۔ان ایام میں شریک حیات سے معاملات الجھ سکتے ہیں اور ایسے افراد جن کے معاملات شریک حیات سے پہلے ہی الجھے ہوئے ہیں ان کے درمیان علیحدگی کا خطرہ ہے اسی دوران کسی دوست سے جدائی بھی ہوسکتی ہے لہذا پرہیز علاج سے بہتر ہے اپنے برج کا صدقہ لازمی دیں۔(17تا25) اس ہفتہ سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہورہی ہے اس ہفتہ وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہوسکے گا۔مستقبل کیلئے کوئی جائیداد خریدنا اس وقت مناسب رہے گا۔پراپرٹی ڈیلر اور زرعی زمین کے خریداروں کیلئے یہ وقت مناسب ہے۔عدالتی فیصلے آپ کے حق میں ہوسکتے ہیں۔آپ کے برج سے متعلق چند افراد ان ایام میں عشق میں گرفتار یا نکاح کے بندھن میں بندھ سکتے ہیں۔خوشخبری مل سکتی ہے۔(26تا31) عدالتی امور سے متعلق معالات کو خوب غور وفکر سے دیکھیں کوشش کریں کہ تحریری،تقریری معاملات میں کہیں بھی کوئی لچک یا جھول آپ کی طرف سے باقی نہ رہے۔قریبی عزیز یا بھائی کی جانب سے مالی نقصان کا خدشہ ہے۔اخراجات میں کمی کرکے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔پیار ومحبت کا سیارہ محبوب سے تعلقات استوار رکھنے کی جانب اشارہ دے رہا ہے یا وہ لوگ جو کہ ابھی رشتہ ازدواج میں منسلک نہ ہوئے۔

☆**جون** (یکم تا8) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہورہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے یہ نظر فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔آپ انعامی اسکیموں میں حصہ لیں یا نئے کاروبار کا آغاز کرنا چاہیں تو کامیابی ملے گی۔گھریلو ماحول میں تبدیل آسکتی ہے۔کاروباری حالات بہتر ہونگے بیرون ملک سفر پیش آسکتا ہے۔خدشات کو ذہن میں نہ آنے دیں کچھ لوگ بلاوجہ آپ کو پریشان کرنا چاہ رہے ہیں ان کی باتوں پر ذرا توجہ نہ دیں۔(9تا16) اس ہفتہ عطارد مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔اپنے حلقہ احباب سے نرم رویہ میں گفتگو کریں لڑائی جھگڑا سے گریز کریں۔کوشش کریں کہ اس ہفتہ میں کوئی مقدمہ یا پنچایتی فیصلوں میں نہ جائیں بدنامی کا خدشہ ہے۔ آپ کی طبیعت میں مایوسی غالب کا عنصر رہے گا۔(17تا24) اس ہفتہ قائم ہونے والی عطارد مشتری کی سعد نظر کے تحت ملازمت پیشہ افراد کی آمدنی کے وسائل بڑھیں گے ممکن ہے کہ ترقی ملے گی یا پھر بونس وغیرہ کے ذریعہ رقم حاصل ہوگی۔انعامی اسکیموں میں بھی قسمت آزمائی کرسکتے ہیں۔خاموشی اور تنہائی چھوڑ دیں لوگوں میں گھل مل کر زندگی بسر کرنے میں ہی زندہ دلی ہے۔کاروبار میں نئی راہیں کھلیں گی۔یکسانیت سے بچنے کے لئے تفریحی کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔(25تا30) کسی بھی بات پر بلاوجہ جھگڑا ہوسکتا ہے بات کو طول دینے سے گریز کریں۔خاتون خانہ کچن میں کام کرتے ہوئے تیز دھار آلات اور آگ سے محفوظ رہیں چوٹ لگ سکتی ہے۔اپنے آپ کو مایوسی کی جانب نہ دھکیلیں۔خوش رہنے کی کوشش کریں۔دیرینہ دوست سے ملاقات ہوگی ایک عزیز کچھ مایوسی کی باتیں کریگا یاد رکھیں مایوسی گناہ ہے۔دوست اور دشمن کی پہچان رکھیں۔وقت کے ساتھ سب کچھ ٹھیک ہوجائیگا۔

☆**جولائی** (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد مقابلہ مریخ کی نظر قائم ہو رہی ہے۔ آپ میں بے انتہا کمزوری بزدلی جیسے اثرات پیدا کرے گا آپکو ہمت سے ان حالات کا مقابلہ کرنا ہے وراثت سے متعلقہ مسائل حل ہوتے نظر نہیں آرہے ہیں۔ کچھ کو اکب آپ کے حق میں نہیں ہیں لیکن اپنے معیار کو برقرار رکھیں کمزوری کو ظاہر نہ ہونے دیں چہرے کے تاثرات اطمینان بخش رکھیں۔ اہل خانہ کے ہمراہ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ اپنی سوچ کو مثبت انداز میں رکھیں کسی بھی بات کے شروع ہونے سے پہلے منفی رجحان کو ختم کر دیں۔ ملازم پیشہ افراد افسران بالا کی جانب سے کوئی نقصان اُٹھا بیٹھیں گے بہتر ہے کہ ہاتھیوں کی لڑائی میں کچلنے سے بچیں۔ ہمیشہ آپ ایسے معاملات میں نقصان اُٹھاتے رہے ہیں۔ اخراجات کو قابو میں رکھیں جب آمدن سے زیادہ اخراجات ہو جائیں تو مسائل میں اضافہ ہوتا ہے۔

(17 تا 25) کسی دوسرے کو بھی بولنے کا موقع دیں بلاوجہ حد سے زیادہ بولنا آپ کے لئے بہتر ثابت نہ ہوگا۔ قرض لینے یا دینے کے لئے یہ دن اچھے نہیں معاشرہ میں آپ کی عزت ہے بہتر ہے کہ اگر آپ اس عزت کو برقرار رکھیں۔ لیکن اپنی ہی غلطی کی وجہ سے چند مسائل کھڑے کر لیں گے

(26 تا 31) سیارہ عطارد کا قیام برج اسد میں ہے۔ اس دوران 26 جولائی تا 19 اگست یہ سیارہ رجعت اختیار کرے گا۔ سیارہ عطارد کی رجعت تقریباً ایک ماہ رہتی ہے۔ اس دوران یہ سیارہ نحس اثرات ظاہر کریگا۔ بنتے ہوئے معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ کوئی شخص دھوکہ دے سکتا ہے۔ اعتبار نہ کریں تو اچھا ہے۔ صحت کے لحاظ سے یہ ہفتہ اچھا ثابت نہ ہوگا۔ ذمہ داریاں آپ کے کاندھوں پر ہیں آپ بخوبی ان کو حل کر سکتے ہیں۔

☆**اگست** (یکم تا 8) آپ اس وقت میں بھرپور قوت کا اظہار کر سکتے ہیں کیونکہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد واپس اپنی طاقت میں آچکا ہے۔ سیارہ کی طاقت بحال ہو رہی ہے حالات کی بہتری اور کھویا ہوا اعتماد بحال ہوگا۔ لیکن یاد رکھیں کسی پر بھروسہ کرنا نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر عطارد تربیع مشتری قائم ہو رہی ہے اس ہفتہ کوئی بھی جائیداد خریدنا یا قیمتی اشیاء کی خریداری نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ چوری کا بھی اندیشہ ہے۔ مالی نقصان سے بچنے کے لئے احتیاط ضروری ہے۔ کسی بھی غیر متعلقہ شخص پر اعتماد نہ کریں قیمتی اشیاء کی حفاظت کریں۔ گھر نکلنے سے قبل حفاظتی انتظامات اچھی طرح دیکھ لیں۔ آپ کو احتیاط کی ضرورت ہے۔ گھر سے نکلتے وقت احتیاط کرنا بہتر ہے۔

(17 تا 25) 26 جولائی کو آپ کے برج کا حاکم سیارہ حالت گردش میں داخل ہوا تھا اس کی یہ گردش 19 اگست کو ختم ہو رہی ہے بگڑے ہوئے معاملات خود بخود درستگی کی طرف آنا شروع ہو جائینگے۔ ایک شخص صلح کی جانب ہاتھ بڑھا رہا ہے آپ کو اس سے اپنا چہرہ نہیں موڑنا چاہیے۔ غصہ چھوڑ دیں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔ ملازم پیشہ افراد اس ماہ من پسند یدہ مقام پر تبادلہ کی کوشش کریں گے تو انہیں خاطر خواہ کامیابی نہ ملے سکے گی

(26 تا 31) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نحس نظر کے اثرات آپ پر پڑنا شروع ہو گئے ہیں ان ایام میں نئے فیصلے لینے سے پہلے خوب سوچ سمجھ لیں۔ کاروبار میں مزید سرمایہ کاری کرنا بہتر نہ ہے۔ جادو کے اثرات بھی آپ پر ہو سکتے ہیں اور نظر بد بھی بہت جلد لگ سکتی ہے۔ حاسدوں اور کینہ پرور لوگوں سے محفوظ رہیں۔ اپنی نظر ضرور اتروائیں۔ طالب علموں کو جزوی کامیابی مل سکتی ہے۔

☆**ستمبر** (یکم تا 8) ان ایام میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد درجہ شرف کے قریب ہے شرفی درجات کسی بھی سیارے کی انتہائی سعد قوت ہوتی ہے۔ یہ وقت مبارک ثابت ہو سکتا ہے۔ اس وقت آپ مٹی کو ہاتھ لگائیں تو وہ بھی سونا بن سکتی ہے۔ لیکن زیادہ اعتبار بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ زندگی کے لطیف پہلو اور سیر و تفریح پر منفی اثرات پڑیں گے۔ لڑائی جھگڑے سے بچیں سسرالی رشتہ داروں سے دور رہیں۔

(9 تا 16) ان ایام میں خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 13 تا 16 ستمبر ہیں گے۔ جو کچھ ہو چکا اسے جانے دیں اپنی ساکھ بحال کرنے کی کوشش کریں۔ بہت محنت کے بعد حلقہ احباب میں عزت بنتی ہے۔ خلوص ان کے اکثر لوگ آپ سے متاثر ہیں۔ کچھ لوگ حسد کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔ اپنے راز کسی کو نہ بتائیں یہی آپ کی کامیابی کا راز ہے ایسے افراد سے ہوشیار رہیں جو کہ بلاوجہ آپ کی تعریف کرتے ہوں۔ گھبراہٹ میں کچھ غلط کرنے سے گریز کریں۔ مکمل مزاجی آپ ہی کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگی۔

(17 تا 24) آپ کا ذاتی سیارہ عطارد قران شمس سے نظر قائم کر رہا ہے۔ پریشانی کے باعث صحت کے خراب ہونے کا خدشہ ہے ایک بدنامی کی وجہ سے پریشانی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ رقم کے لین دین میں تحریری معاہدہ لازمی کریں اور کسی بھی قسم کی تحریر سے قبل اچھی طرح چھان پھٹک کر لیں ورنہ ذرا سی بے احتیاطی آپ کو عدالت کے چکر لگوا سکتی ہے۔ ضروری بھی نہیں کہ ہر شخص آپ کی بات مانے۔ قیمتی اشیاء کی چوری ہو جانے کا اندیشہ ہے۔

(25 تا 30) اس ہفتہ عطارد تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں پریشانیوں کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔ مقدمات اور پنچایتی فیصلے آپ کے حق میں ہونگے۔ جسمانی امراض ختم ہو جائیں گے۔ مخالفین کی جانب سے صلح کے مواقع آئیں گے جو کہ آپکے حق میں بہتر ہونگے۔ شراکتی معاملات اور گھریلو زندگی سے روزمرہ کے معاملات پر بات کرنے سے ذہنی دباؤ کم ہوگا ایک رات بھی ابھی آپ پر کھل سکتا ہے اچانک تبدیلیاں آپ کو چونکا دیں گی۔

محمدی بک ڈپو جناح مارکیٹ چکوال پنجاب بکڈپو الکریم پلازہ تلہ گنگ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

☆**اکتوبر** (یکم تا8) ان ایام میں سیارہ عطارد جو آپ کے برج کا حاکم ہے شرف کے بعد دوسری قوت اوج کی ہوتی ہے یہ مبارک وقت شمار کیا جاتا ہے اس سال آئندہ ہفتہ یہ سیارہ اپنے اوجی درجات سے گزریگا۔ جو کہ آپ کیلئے خوش بخت ثابت ہوگا ایسے میں آپ رُکے ہوئے کام سرانجام دے سکتے ہیں طالب علموں کیلئے یہ ہفتہ مبارک ثابت ہوسکتا ہے۔ ذہنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں استعمال کریں یاد رکھیں ہر بری شے کا انجام برا ہوتا ہے۔

(9 تا16) ان ایام میں ایک خاص قائم ہونے والی سعد نظر عطارد تسدیس زحل اس ہفتہ بن رہی ہے۔ یہ وقت ناراض لوگوں کو منانے کیلئے بہت اچھا ہے۔ ان ایام میں کوئی نیا کاروبار بھی فائدہ دے سکتا ہے۔ بیروزگار افراد کو روزگار بھی مل سکتا ہے۔ جو لوگ آپ کے دشمن تھے آپ کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھائینگے ۔آپ پیچھے نہ ہٹیں محبت سے دُنیا قائم ہے عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں مگر یاد رکھیں اپنے معیار کو ہمیشہ بلند رکھیں۔

(17 تا25) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ اس سعد نظر کے اثرات کی وجہ سے آپ کی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ پنچایتی فیصلے اور مقدمہ میں جیت ممکن ہوگی۔ وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔ آپ کے آس پاس ایسے دوسرے افراد بھی موجود ہیں جو آپ سے بازی لے جاسکتے ہیں۔

(26 تا31) تربیع محس وقت ہوتا ہے جس میں آپکا حاکم سیارہ گردش میں چلا جاتا ہے عطارد مریخ کی تربیع اس ہفتہ ہے جس وجہ سے اس ہفتہ ہر قسم کے خطرات زیادہ ہیں۔ جسمانی طور پر بیمار حضرات غذا کے استعمال میں احتیاط برتیں صحت مزید خراب ہونے کا اندیشہ ہے مختصراً آپ کو بتائے دیتے ہیں کہ یہ ہفتہ آپ کیلئے اچھا ثابت نہ ہوگا۔ دوران گفتگو الفاظ میں نرمی پیدا کریں۔ ظاہری ہمدری پر اعتبار نہ کریں دھوکہ بھی ہوسکتا ہے۔

☆**نومبر** (یکم تا8) جسمانی صحت اس ہفتہ بہتر نہ رہیگی۔ کام کی زیادتی اور تھکن طبیعت میں بھاری پن پیدا کرسکتی ہے۔ ایک قریبی شخص آپ کو بے وقوف سمجھ کر نقصان دینا چاہتا ہے۔ ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے گرد و پیش کا جائزہ لیں۔ ملازمت میں کوئی گڑبڑ ہوسکتی ہے۔ افسران بالا تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں نئی پریشانیوں کا سامنا ہوسکتا ہے۔ یہ ہفتہ انعامی اسکیموں شیئرز یا جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے بالکل غیر موافق ہے

(9 تا16) عزیز و اقارب کی جانب سے رقم کا تنازعہ ہوسکتا ہے ان دنوں نزلہ کھانسی یا سانس کے امراض پیدا ہونے کا خطرہ ہے صاحب اولاد حضرات کو اولاد کی طرف سے شکایت موصول ہوسکتی ہے۔ شریک حیات کی جانب سے روحانی سکون حاصل ہوگا مذہب کے بارے میں مختلف ذہن میں آسکتے ہیں یہ بھی ممکن ہے کہ مذہب سے دوری اور عبادت ریاضت میں کمی ہو لیکن مستقل مزاجی سے آپ معاملے کو بہتر طور سے حل کرسکتے ہیں۔

(17 تا24) اس ہفتہ کے آغاز سے کچھ بہتر ہونے والا نہیں ہے محتاط رویہ اختیار کریں کیونکہ سیارہ عطارد آپ کے برج کا حاکم 17 نومبر کو حالت رجعت میں جارہا ہے اس کی یہ نحس حالت 07 دسمبر تک رہیگی اس دوران کوئی بھی نیا معاہدہ کرنا یا کوئی دفتری کاروائی جس میں بحث و تکرار ہو گریز کریں۔ کسی بھی دشمن سے دھوکہ کا اندیشہ ہے۔ جسمانی مرض مزید بگڑ سکتے ہیں۔ موسم کے مطابق غذا اور لباس استعمال کریں۔

(25 تا30) یہ ہفتہ انتہائی نازک ہے کیونکہ اس ہفتہ عطارد تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ ایسے معاملات میں آپ الجھ سکتے ہیں جن سے آپکو انتہائی پریشانی پیدا ہوسکتی ہے خصوصاً رقم کا لین دین ان ایام میں نہ کریں یہ ہفتہ قرض لینے اور دینے کیلئے اچھا نہیں ہے اس ہفتہ دیا گیا قرض آپ کو واپس نہ ملے گا۔ ایک شخص سے ناراضگی اور لڑائی کا اندیشہ ہے اور محبت نفرت میں بدل جائیگی۔ دل اور دماغ پر بوجھ کی کیفیت رہیگی۔

☆**دسمبر** (یکم تا8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد 07 دسمبر کو رجعت ختم کررہا ہے یہ ایک نحس دور سے گزر کر سعد ہورہا ہے اس دوران وہ معاملات جو کہ بگڑے ہوئے تھے یعنی مقدمہ پنچایتی فیصلے تعلیم علم عقل قلم اب آپ کے حق میں ہونا شروع ہوجائیں گے۔ اپنے لئے بہتر منصوبہ بندی کرلیں۔ آپ ایسی سرگرمیوں سے اجتناب کریں جہاں پر سرمایہ خرچ ہوتا ہے فی الوقت خاموشی سے سلسلہ کو جاری رکھیں۔

(9 تا16) ان ایام میں عطارد قران مشتری کی نظر قائم ہورہی ہے۔ ان ایام میں بیروزگار افراد کو ایک اچھا روزگار ملنے کا امکان ہے۔ جو لوگ پہلے سے ملازمت کررہے ہیں اُن کی ترقی کا چانس ہے۔ افسران بالا سے بنا کر رکھیں تاکہ وہ آپ کے کام آسکیں۔ اس ہفتہ والدہ کی صحت خراب ہوسکتی ہے۔ دماغ پر فضولیات اور بلاوجہ کے خیالات کی بھرمار نہ ہونے دیں۔ معاملات مزید بگڑ سکتے ہیں۔ ذہنی طور پر بہت الجھے رہیں گے۔ مقدمہ میں ناکامی کا اندیشہ ہے بہتر ہے کہ اپنی چھپی ہوئی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر ہاری ہوئی بازی کو جیت جائیں۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 6 ہے۔

(17 تا25) کسی بھی شخص سے اختلافات کرنا آپ کے لئے بہتر نہیں ہے۔ گھریلو ماحول تنگی کا شکار رہیگا صحت بھی خراب ہوسکتی ہے۔ کسی عزیز کے ہاں سے صدمہ کی خبر آسکتی ہے۔ دوران سفر احتیاط کریں یہ بھی ممکن ہے کہ ان دنوں دور سے آیا ہو مہمان کا قیام آپ کے گھر پر ہو قیمتی اشیاء کا خیال رکھیں۔

(26 تا31) اس ہفتہ عزیز و اقارب کی جانب سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ بدنامی کا خدشہ ہے گھریلو الجھنوں میں اضافہ ہوسکتا ہے یہ بھی ممکن ہے کہ اس دوران صحت خراب ہو یا آپ زخمی ہوجائیں۔ اس ہفتہ سفر ہرگز نہ کریں۔ بڑی عمر کے لوگوں سے اختلافات ہوسکتا ہے۔ اس ہفتہ کا آغاز بھی اچھا نہ ہوگا ۔طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب رہے گا افسردگی رہے گی۔ چاہئے کہ اس وقت جو بھی فیصلہ کریں بہت سوچ سمجھ کر کریں غلطی کا امکان نہ رہے۔

LIBRA میزان

تاریخ پیدائش:۔ 24 ستمبر تا 23 اکتوبر | نام کا سرحرف:۔ رُت ط | موافق دن:۔ جمعہ | حاکم سیارہ:۔ زہرہ

خاصیت:۔ باشعور شفقت آمیز شائستہ
امراض:۔ نزلہ زکام سردرد دردگردہ
نقائص خصلت:۔ حساس جلد غم زدہ ہونے والے

موافق عدد:۔ 6
موافق رنگ نیلا زرد سبز نارنجی
موافق پتھر پکھراج عقیق موتی

☆**جنوری** (یکم تا 8) سیارہ زہرہ جو کہ آپ کے برج کا حاکم بھی ہے۔ اس ہفتہ سعد قران کی حالت سے گزر رہا ہے ہر شخص چاہتا ہے کہ اُس کے چاہنے اور محبت کرنے والے بے شمار ہوں آپ اپنی صلاحیتوں سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں مگر ایک بات یاد رکھیں آپ کی گفتگو بات سے کھال اتارنے والی ہوتی ہے ان ایام میں مختصر گفتگو سے دوسروں کو با آسانی گرویدہ کر سکتے ہیں۔ زرد رنگ کا استعمال کریں۔
(9 تا 16) ان دنوں میں عدالتی کاروائی سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ سسرالی رشتہ داروں سے احتیاط برتیں بنے ہوئے معاملات کو بگاڑ سکتی ہے لاپرواہی اور فضول گفتگو سے گریز کریں ورنہ آپ کو اس کی بھاری قیمت چکانا ہوگی۔ سخت لہجہ اور نمائشی انداز آپ کے شایان شان نہیں۔ آپ صبر و تحمل سے کام لیں جو کچھ آپ سمجھ آ رہا ہے اس کو آپ بہتر طور سے سمجھ سکتے ہیں جلد بازی آپ کے لئے بہتر نہ ہوگی۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔
(17 تا 25) آپ کے برج کا مالک سیارہ زہرہ جسے خوش بختی کا سیارہ بھی کہا جاتا ہے۔ برج قوس سے جدی میں 18 جنوری کو جا رہا ہے۔ یہ سیارہ 11 فروری تک اس برج میں رہے گا ایسے افراد جو کہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں ان کے لئے 18 جنوری تا 11 فروری تک نہایت مبارک تاریخیں ان کا لکی عدد 1,2,8 ہیں۔ چاہیں تو ان اعداد سے بڑا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اچانک مفت کی دولت ہاتھ آ سکتی ہے۔
(26 تا 31) بلاوجہ کی لڑائی جھگڑا مقدمہ بازی عدالتی کاروائی پنچائتی فیصلے عزیز و اقارب سے ناراضگی سے گریز کریں ورنہ آپ خود اپنے جال میں پھنس کر رہ جائینگے۔ یہ ہفتہ آپ کیلئے کچھ بہتر ثابت نہ ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی کوشش کے باوجود بھی شادی نہ ہوگی۔ اور ایسا بھی ممکن ہے کہ منگنی یافتہ افراد کی اس ہفتہ منگنی ٹوٹ جائے ان دنوں خاموشی سے وقت کو گزاریں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 4.9 ہے۔

☆**فروری** (یکم تا 7) اس ہفتہ زہرہ تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ رہائش کی تبدیلی ممکن ہے یا مکان کی مرمت کروا سکتے ہیں۔ ان دنوں خرید و فروخت سے گریز کریں۔ کوئی اہم کام شروع کرنے سے پہلے گواہ ضرور بنائیں ورنہ نقصان ہونے کی صورت میں تمام ملبہ آپ کے سر ڈال دیا جائیگا۔
(8 تا 14) کئی بگڑے ہوئے اور پیچیدہ مسائل حل ہو جائینگے۔ ایسے افراد جو کہ عرصہ دراز سے اپنی محبت دل میں لئے بیٹھے تھے اس ہفتہ اظہار محبت کر سکتے ہیں۔ ایسا قدم اٹھانے سے گریز کریں کہ جس سے آپ کی بدنامی کا خدشہ ہو اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ دوران سفر محتاط رہیں۔
(15 تا 21) اس ہفتہ زہرہ تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں فضول جگہ پر اپنی رقم کو ضائع نہ کریں حالات کنٹرول کرنے کیلئے زبان کو کنٹرول کریں ایک چھوٹی سی غلطی بڑا نقصان دے سکتی ہے احتیاط کرنا ہوگی حد سے زیادہ اعتبار نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔
(21 تا 28) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے نحس اثرات کی وجہ سے محبوب یا شریک حیات کی جانب سے تعلقات کشیدہ ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ کاروبار کی طرف دھیان دیں کوئی ہے جو آپ کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں۔

☆**مارچ** (یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں کسی بھی قیمت پر اپنے مروجہ اصولوں کو نہ توڑیں۔ اپنی بات پر قائم رہیں۔ فضول گفتگو سے پرہیز کریں محافل میں جانے کا اتفاق ہوگا۔ کسی پرانے دوست سے مل کر خوشی محسوس کرینگے۔
(9 تا 15) اس ہفتہ زہرہ تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ دوستوں میں بہت کم رفاقت اور وفا پائی جائیگی۔ بے وفائی کا زیادہ اندیشہ ہے۔ جنسی تعلقات میں بھی کمزوری ہوگی۔ سخت رویہ اور غیر ذمہ دارانہ طبیعت کا رجحان رہے گا۔ نیا طرز زندگی خوش بختی لائے گا۔
(16 تا 24) اس ہفتہ ایک شخص اپنی مصنوعی محبت کا آپ سے اظہار کرے گا لیکن آپ کو محتاط رہنا چاہئے اور اس کی چال کو سمجھ جانا چاہئے بہت کچھ آپ کی مٹھی میں ہے لیکن عیاشی کی جانب اپنے مزاج کو نہ لے جائیں یہی وقت سدھرنے اور سنبھلنے کا ہے۔ ان ایام میں خواتین کو اچانک رقم مل سکتی ہے یا وہ لوگ جو انعامی اسکیموں میں حصہ لیتے ہیں کسی خاتون کے نام سے حصہ لیں تو انہیں با آسانی کامیابی مل سکتی ہے۔
(25 تا 31) ایک منفی سوچ آپ کو دیمک کی طرح کھائے جا رہی ہے۔ اپنے دُکھ درد کو اس ہفتہ اپنے مخلص دوست سے بیان کر دیں ورنہ آپ کی یہ حالت مزید بگڑ سکتی ہے ضروری نہیں کہ جس شخص پر اعتماد اور اعتبار کیا جائے وہ آپ کو سوچ کے مطابق ہو خواتین اس ہفتہ اخراجات میں کمی کریں۔

☆**اپریل** (یکم تا8) اس ہفتہ زہرہ تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ یہ ہفتہ والدین اور بزرگوں کو زائد توجہ کی ضرورت پڑے گی۔ زائد ذمہ داریاں آن پڑیں گی۔ جلد بازی میں آکر کوئی قدم ہرگز نہ اٹھائیں اور ہر معاملے میں خاموشی اختیار کریں۔ خاموشی اختیار کریں شریک حیات یا محبوب سے عہد و پیماں کرنے کا مناسب وقت ہے اس ہفتہ آپ میں تحصی کشش میں بھی اضافہ ممکن ہے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں۔

(9 تا16) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہورہی ہے جس کی وجہ سے آپکی شخصیت وحیثیت میں اضافہ ہوگا اس ہفتہ کچھ مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا لیکن آپ اپنی حکمت عملی سے ان نئے پیدا ہونے والے مسائل پر قابو پاسکیں گے نئے معاہدے طے کرسکیں گے اس ہفتہ کوئی اچھی خبر سن سکیں گے۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آباد طے پائے گی اور کام سے نفع حاصل کرسکیں گے۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 23 ہے۔

(17 تا25) اس ہفتہ اہم نحس اہم نظر زہرہ مقابلہ مشتری قائم ہورہی ہے ان ایام میں ایک دوست جس سے آپ کو بہت سے امیدیں تھیں اس ہفتہ دھوکہ دے جائیگا۔ اس سے احتیاط برتیں اور حد سے زیادہ اعتبار نہ کریں آپ اپنی عادتوں کے باعث خود اپنے لئے مسائل کھڑے کرلیتے ہیں۔ زیادہ بولنا بھی اچھی عادت نہیں عدالتی امور سے دور رہیں ورنہ کوئی نیا مسئلہ کھڑا ہوسکتا ہے۔ دوست بیوفائی کرسکتا ہے۔ محبوب سے اختلاف ممکن ہے۔

(26 تا30) عدالتی امور میں کامیابی حاصل ہوگی کئی الجھے ہوئے مسائل حل ہوجائینگے شادی شدہ افراد کے حالات بہتر ہونگے۔ دوسری شادی کے خواہشمند میزانی افراد اس ہفتہ کوئی غلطی نہ کریں ورنہ ان کی یہ خواہش خواہش ہی رہے گی جو کبھی پوری نہ ہوگی۔ قریبی عزیز کی وجہ سے پیدا شدہ ہونے والے خطرات اس ہفتہ ختم ہوجائینگے اور کچھ ایسے مواقع میسر آئینگے کہ آپ کسی غریب حقدار شخص کی مدد کرسکیں۔ صدقہ خیرات لازمی کریں

☆**مئی** (یکم تا8) آپ کی آزمائش کا ہفتہ ہے ان ایام میں عزیز و اقارب سے حالات بہتر بنائیں اپنے لہجہ اور رویہ میں تبدیلی نرم انداز میں کرلیں۔ عبادت اور ریاضت کے ذریعہ یا اپنے برج کے مطابق اسم الٰہی کے ذریعہ پیدا شدہ مشکلات کو حل کرسکتے ہیں روحانی سکون حاصل کرنے کے لئے عبادت کی طرف دھیان دیں لاپرواہی سے آپ اپنا ہی نقصان کربیٹھیں گے۔ اس ماہ انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں ورنہ ناکامی ہوگی۔

(9 تا16) وہ افراد جو کہ کاروباری مقاصد کے حصول کے لئے سفر کرنے کے خواہشمند ہیں ان کو فائدہ حاصل ہوگا یا کچھ افراد کو غیر متوقع طور پر رقم مل جائیگی۔ اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں ایک شخص سے لگائی گئی امید بھی پوری نہ ہوگی۔ دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوسکتا ہے لیکن ایسی دوستی کا کیا فائدہ جو آپ کے لئے ہی وبال جان بن جائے۔ حد سے زیادہ اعتماد آپ کو بدنام کردے گا محتاط رہیں دشمن آپ کے گرد جال بن رہا ہے۔

(17 تا25) چند میزانی افراد کسی کے تحت رہ کر کام کرنا اپنی توہین سمجھتے ہیں لیکن وہ افراد جو کہ کسی کے بھی ماتحت ہیں اس ہفتہ نہایت احتیاط سے اسے کام سے کام رکھیں دیگر معاملات میں دخل اندازی آپ کے لئے پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔ عدالتی کاروائیوں سے دور رہیں اور کوشش کریں کہ تحریر و تقریر کے ذریعہ کوئی بھی معاہدہ طے نہ پائے ورنہ کیا گیا معاہدہ آپ کے لئے کی پریشانیاں لاسکتا ہے۔ کھلے ذہن سے سوچیں۔

(26 تا31) آپکے برج کا حاکم سیارہ نحس حالت سے گزر رہا ہے۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں نہیں ہے۔ ان ایام میں کیا گیا کاروبار نقصان کی طرف جاسکتا ہے۔ مالی نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔ گھریلو جھگڑے ہونے کا امکان ہے۔ کسی بزرگ کی طرف سے صدمہ مل سکتا ہے۔ ایک ایسی خواہش پوری ہونے کی امید ہے جس کی آپ عرصہ دراز سے منتظر تھے وہ لوگ جن کا تعلق سیاست سے ہے ان کے لئے یہ ہفتہ بہتر رہے گا۔

☆**جون** (یکم تا8) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ ان ایام میں کسی بھی قیمت پر اپنے مروجہ اصولوں کو نہ توڑیں۔ اپنی بات پر قائم رہیں۔ فضول گفتگو سے پرہیز کریں محافل میں جانے کا اتفاق ہوگا۔ کسی پرانے دوست سے مل کر خوشی محسوس کرینگے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ آپ نے ایک سپولیا پال رکھا ہوا اور آپ اس سے بے خبر ہوں۔ اس ہفتہ دوران ہر طرح کی بحث و مباحثہ اور لڑائی جھگڑے سے گریز کریں۔

(9 تا16) یہ ہفتہ سفر کرنے کے لئے بہتر نہیں ہے۔ نقصان یا چوری ہونے کا خدشہ ہے سفر پر جانے سے قبل گھر کے تالوں کو اچھی طرح چیک کرلیں ایسا نہ ہو کہ کسی نقصان سے دوچار ہونا پڑے انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے یہ ماہ نحس ہیں۔ طبیعت میں خوشگواری کا عنصر غالب رہے گا۔

(17 تا24) ان ایام میں شریک حیات اور دوستوں سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ اس ماہ اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں۔ اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں دوران گفتگو احتیاط سے کام لیں۔ بلاوجہ کسی بھی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے جس کا انجام بہتر نہ ہوگا مناسب یہی ہے کہ خاموشی سے وقت گزاریں۔ معاملات کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے اگر خاموشی اختیار کریں گے تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔ نیلا رنگ نحس ثابت ہوگا۔

(25 تا30) دو سیاروں کی نحل نظر قائم ہورہی ہے جن میں سے ایک سیارے کا تعلق آپ کے برج سے ہے لہذا بہت زیادہ احتیاط کرنی ہوگی کیونکہ جب کوئی سیارہ نحس حالت سے گزر رہا ہوتا ہے تو وہ اس برج کے حامل فرد کو بھی نقصان دیتا ہے۔ شریک حیات سے تعلق بہتر بنانے کی کوشش کریں کسی سے بلاوجہ بحث نہ کریں اور اگر ایسا ماحول بن جائے تو کوشش کریں کہ اُس جگہ سے دور نکل جائیں۔ سیر تفریح کا پروگرام بنالیں۔

جولائی (یکم تا 8) نئے کام کی ابتداء کے لئے یہ ہفتہ اچھا ہے۔ مالی پوزیشن بہتر ہوسکتی ہے۔ غصہ کی حالت میں آپ اپنا نقصان کر سکتے ہیں لہذا تحمل مزاجی سے کام کریں۔ جذبات کے ساتھ ہوش بھی ضروری ہوتا ہے۔ آپ کا ایک قریبی عزیز آپ سے قرض لینے کا خواہش مند ہے لہذا آپ ایسی بے وقوفی نہ کریں جس سے آپ کو بعد میں پریشانی ہو اور بعد میں آپ کے تعلقات اس شخص سے خراب ہو جائیں۔
(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ سیاسی وسماجی فائدہ ہوگا۔ اس ماہ منگنی یا نکاح ہونے کا امکان بھی ہے۔ تعلیم آپ سے خاصی تعاون کرے گی۔ یہ سلسلہ عشق ومحبت آپ کو کامیابی مل سکتی ہے۔ اس ہفتہ قرض نہ دیں اور نہ ہی قرض لیں۔ شریک کار کا تعاون بھی شامل حال رہے گا۔ زیورات اور جائیداد معاملات التواء میں ڈال دی گئی تھی اب کسی نئی شے کی خریداری مبارک ثابت ہوگی۔
(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ تسدیس مشتری کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ بہت جلد خوشی ملنے والی ہے جو محبت کے سلسلے میں ہوگی، یقین کیجئے کہ جو کچھ آپ کے گھر میں ہے وہ آپ کے لئے بہتر ہے۔ دوسروں کے دل کو موہ لینے والے الفاظ پر نہ جائیں اگر آپ اس نصیحت پر کاربند رہے تو آپ کی خوشی دیرپا ہوگی۔ تزئین وآرائش کی کاموں میں دلچسپی رہے گی۔ اولاد کی جانب خصوصی توجہ دیں۔ زرد رنگ کا استعمال فائدہ دے گا۔
(26 تا 31) اپنے اخراجات پر کنٹرول کریں اخراجات کی زیادتی آپ کو نقصان دے سکتی ہے۔ مالی مسائل کو حل کرنے کیلئے قرضہ لینا ضروری نہیں کوئی دوسرا راستہ بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ ان دنوں اگر آپ نے قرض لیا تو اسے اتار نہ سکیں گے۔ اس ہفتہ سر درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ کاروباری مقاصد کے لیے بھی سفر میں کامیابی ہوسکتی ہے۔ آپ کا حاکم سیارہ زہرہ شمس کے ہمراہ برج سنبلہ میں قیام پذیر ہے۔

اگست (یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہورہی ہے جس کی وجہ سیکھریلو اور کاروباری معاملات میں ذہنی دباؤ کے بڑھنے کا اندیشہ ہے مشکلات سے نجات حاصل کر سکیں گے۔ بچوں کے ساتھ سیر وتفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ ایسے کاروباری حضرات جن کا تعلق خواتین کی تزئین وآرائش، کاسمیٹکس یا جیولری وغیرہ سے ہے اس ہفتہ ایسے کاروبار کی ابتداء کرنا یا اس طرح کے کاروبار میں سرمایہ کاری کرنا فائدہ مند ثابت ہوگا۔
(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ کاروباری افراد کو اس ہفتہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ چوری ہوسکتی ہے۔ نقصان سے بچنے کے لیے بہترین حکمت عملی بنائیں۔ دوران سفر محتاط رہیں۔ والدین یا شریک حیات سے اختلافات ہوسکتے ہیں اور نوبت جھگڑے تک آسکتی ہے۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں نہیں۔ کاروباری غرض سے کیا گیا سفر کامیاب نہ رہے گا۔ کوئی نیا مسئلہ کھڑا ہوسکتا ہے۔
17 تا 25) نئے منصوبے بنانے کے لئے یہ ہفتہ فائدہ مند ثابت ہوگا۔ جائیداد کی خرید وفروخت نہ کریں کیونکہ اس سے متعلق سیارے ان دنوں اچھی حالت میں نہیں ہیں۔ اہل خانہ سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ یہ ایام آپ کے لیے خوشخبری کا پیغام لاسکتے ہے۔ غیر ملکی سفر بھی اس ہفتہ فائدہ نہ دے گا۔ یہ ہفتہ مجموعی طور پر آپ کے لئے اہمیت کا حامل ہے۔ پریشانی کے باعث طبیعت خراب رہ سکتی ہے۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔
(26 تا 31) شیئرز، جائیداد، مشینری کی خرید وفروخت ان دنوں میں بہتر ثابت ہوگی۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے معاون ثابت ہو گی۔ کیونکہ انہی دنوں میں سیارگان کی یہ نظر بن رہی ہے آپ کا اس ہفتہ کا لکی عدد 85 ہے۔ کاروباری اسکیمیں فائدہ مند رہینگی۔ بہتر منصوبہ بندی سے اپنے کاروبار کو بڑھا سکتے ہیں اس ہفتہ کیا گیا کاروباری سفر فائدہ دیگا۔ زیادہ بولنا بھی اچھی عادت نہیں عدالتی امور سے دور رہیں۔

ستمبر (یکم تا 8) یہ ہفتہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے اچھا نہیں ہے کسی رقم کے ڈوب جانے کا خطرہ ہے شریک حیات سے توقعات پوری ہونگی۔ آمدنی زیادہ نہ ہوسکے گی لیکن آپ کو ایک بات سے مطلع کرتے ہیں کہ اپنے اخراجات کو کم کریں۔ غیر شادی شدہ افراد کی نسبت طے پا جانے کی امید ہے۔ اس ہفتہ کچھ ایسا پروگرام تبدیل سے سکتے ہیں جس پر عمل کر کے آپ کے کاروباری معاملات بہتری کی طرف آجائیں گے۔
(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ جس کے نحس اثرات کی وجہ سے محبوب یا شریک حیات کی جانب سے تعلقات کشیدہ ہوتے نظر آرہے ہیں۔ کاروبار کی طرف دھیان دیں کوئی ہے جو آپ کو نقصان پہچانا چاہتا ہے اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں۔
(17 تا 24) کام کی زیادتی کے باعث اور گھریلو پریشانی کی وجہ سے ذہنی دباؤ کا شکار رہیں گے آپ کا ذاتی سیارہ ان دنوں سے یکم نومبر تک برج عقرب میں قیام پذیر ہے۔ آپ اپنے مقاصد میں کامیاب ہوسکیں گے۔ بہتر صورتحال پیدا ہوگی لیکن آپ کی جانب سے کی گئی بے احتیاطی کچھ نقصان بھی دے سکتی ہے۔ غصہ پر قابو پائیں اور اپنے مزاج میں نرمی پیدا کریں۔ دشمنوں سے محتاط رہیں۔ دشمن آپ کے جال بن رہا ہے۔
(25 تا 30) ان ایام میں کسی بھی قسم کا نقصان ہوسکتا ہے لہذا آپ کو سخت احتیاط کرنا ہوگی۔ جسمانی صحت کا خیال رکھیں مخالفین سے محتاط رہیں۔ مالی نقصان کی توقع ہے۔ عزیز واقارب سے معاملات کو الجھانے کی کوشش نہ کریں تحریری معاہدہ اور گھریلو مسائل میں احتیاط برتیں۔ آپ کی لاپرواہی سے ایک بنا ہوا الجھ جائے گا۔ یہ ایام آپ کے لئے نحس ثابت ہوسکتا ہے اس دوران کوئی نیا معاہدہ نہ کریں۔ نیلے رنگ لباس کا استعمال کریں۔

☆**اکتوبر** (یکم تا 8) گزشتہ ہفتہ بگڑے ہوئے حالات کچھ بہتری کی طرف آسکتے ہیں طبیعت میں رومانوی اثر رہے گا۔ آمدن کے مقابلہ میں اخراجات کی زیادتی ہوگی لیکن آپ بہتر حکمت عملی سے ان مشکل حالات کو کنٹرول کرسکیں گے ایک دوست جس سے آپ کو بہت سے امیدیں تھیں اس ہفتہ دھوکہ دے جائیگا۔ اس سے احتیاط برتیں اور حد سے زیادہ اعتبار نہ کریں آپ اپنی عادتوں کے باعث خود اپنے لئے مسائل کھڑے کر لیتے ہیں۔
(9 تا 16) اگر اس ہفتہ سفر کا ارادہ ہے تو فی الوقت ملتوی کر دیں کوئی نقصان ہوسکتا ہے دوران سفر ایکسیڈینٹ کا بھی خطرہ ہے۔ دوران سفر بہت محتاط رہیں کاروباری فائدہ، انعامی اسکیموں شیئرز اور لین دین میں فائدہ مند ثابت ہونگی۔ ایسے افراد جو کہ بے روزگار ہیں اس ہفتہ حصول روزگار کی کوشش کریں یا مختلف جگہ انٹرویو دیں تو زیادہ امید ہے کہ ان کو بہتر روزگار مل سکے۔ بیرون ملک سفر کی خواہشمند حضرات اس ہفتہ سفر نہ کریں۔
(17 تا 25) ان ایام میں ایک سعد نظر زہرہ تسدیس زحل قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ ان ایام میں منگنی شدہ افراد کی شادی ہونے کا امکان ہے۔ عزیز واقارب کی طرف سے کوئی خوشخبری مل سکتی ہے۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اخراجات بڑھ جائینگے مقدمہ بازی ختم ہو جائیگی اور مخالفین صلح پر اتر آئینگے۔ اس ہفتہ کے آغاز میں چند عجیب تبدیلیاں محسوس کرینگے۔ خواتین سے متعلقہ امور میں کامیابی ملے گی۔
(26 تا 31) اس ماہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ شمس سے نظر قران قائم کررہا ہے مالی امور بہتر ہونگے کاروباری حضرات فائدہ اُٹھا سکیں گے وہ افراد جن کا شوبز سے یا عوام سے تعلق ہے مثلاً ڈاکٹر، وکیل یا دوکاندار حضرات اس ہفتہ اپنی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ کرسکیں گے وہ خواتین جن کا تعلق برج میزان سے ہے اپنے لئے ڈائمنڈ یا گولڈن جیولری خرید سکیں گی۔ یا ان دنوں گولڈ کی جیولری کا استعمال مبارک ثابت ہوسکتا ہے۔
☆**نومبر** (یکم تا 8) آپ کے سالانہ حالات یونانی زائچہ کے مطابق بتائے جارہے ہیں۔ وہ میزانی افراد جن کا شریک حیات سے تنازعہ چل رہا ہے جن کے دوست ان سے ناراض ہیں اس ہفتہ ان لوگوں کی علیحدگی کا خطرہ ہے لہذا کوشش کریں کہ معاملہ کسی بھی طرح سے سلجھ جائے اس ہفتہ لوہے کی ہتھیار اوزار سے محتاط رہیں۔ زخمی ہونے اور نقصان کا خدشہ ہے۔ آپ کے برج کا حاکم کچھ بہتر امیدوں کی نشاندہی نہیں کررہا ہے۔
(9 تا 16) اس ہفتہ قائم ہونے والی زہرہ مریخ تثلیث کی وجہ سے شریک حیات سے کوئی اہم معاملہ طے کرسکیں گے اور ان کی صحت جسمانی کی طرف سے لاپرواہی نہ برتیں پہلے کے کئے گئے معاہدے پر نظر ثانی کرنا بہتر اور فائدہ مند رہے گا۔ شریر پسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہیں گے بزرگوں کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ ایسی خواتین جو کہ کسی ادارہ میں ملازمت کرتی ہیں اُنکی ترقی کے چانس زیادہ ہیں۔
(17 تا 24) رقم کا لین دین یا افسران بالا سے تعلقات کی خرابی یا نئی جائیداد کی حصول، الیکٹرونکس اشیاء کی خریداری، زیورات کا خریدنا ان دنوں میں نقصان دے سکتا ہے۔ کچھ افراد کی منگنی یا شادی کی امید کی جاسکتی ہے۔ کسی اوزار سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ یہ احتیاط کے دن ہیں۔ کوئی بھی لاپرواہی نہ کرے۔ ایسے لوگ جو اپنے محبوب سے اظہار محبت کرنا چاہتے ہیں ابھی خاموش رہیں ورنہ اس بارے میں کی گئی کوشش ضائع جائیگی۔
(25 تا 30) کچھ بہتری محسوس کریں گے لیکن اس دوران یہ نہ سمجھیں کہ خطرات ٹل چکے ہیں ہفتہ کے آخر میں امراض کا خطرہ ہے۔ خصوصاً سینہ کے امراض، سائنس کی تکالیف اور پٹھوں کے درد جیسے مرض پیدا ہوسکتے ہیں۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریض احتیاط سے کام لیں۔ اس ہفتہ کے آخری ایام نہایت اہم ہیں لہذا اہل خانہ خصوصاً شریک حیات سے تعلقات خراب ہوسکتے ہیں وہ افراد جن کا تعلق خواتین سے متعلق کاروبار سے ہے۔ ان دنوں نقصان میں رہیں گے۔
دسمبر (یکم تا 8) اچانک خوشخبری ملنے کی امید بھی ہے۔ اس ہفتہ مفت کی دولت یا جائیدادی ورثہ مل جانے کی بھی توقع ہے۔ نئی جائیداد کی خرید وفروخت کی جاسکتی ہے۔ ملازم پیشہ افراد کے لئے یہ ہفتہ بہتر رہے گا افسران بالا کا دباؤ رہے گا یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کی ملازمت خطرہ میں پڑ جائے۔ کاروباری حضرات کے لئے بھی اس ہفتہ کوئی اچھی خبر نہیں کسی نقصان کا اندیشہ ہے۔ ایک بہت بری خبر آپ کے لئے انتہائی نحس ثابت ہوگی۔
(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ مالدار خواتین سے تعلقات قائم رہیں تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے۔ اپنی شان دار شخصیت کی بدولت نئے تعلقات سے فائدہ اٹھایئے۔ گھریلو ماحول بہت خوشگوار رہیگا۔
(17 تا 25) اس ہفتہ کاروباری فائدہ ممکن ہے اگر آپ پہلے تین دنوں میں کاروباری معاملات میں رقم لگا سکتے ہیں تو آپ کے لئے فائدہ مند ہوگی نئے کاروبار کے آغاز کے لئے یہ ایام مناسب ہیں۔ اس وقت حالات آپ کی مٹھی میں ہیں ملازم پیشہ افراد افسران بالا خصوصاً اعلیٰ مرتبہ پر فائز افسران سے مل کر اپنی ترقی کے راستے کھول سکتے ہیں یا اپنی ترقی کرواسکتے ہیں اس دوران ملازمین کی جانب سے کی گئی کم محنت زیادہ فائدہ دے گی۔
(26 تا 31) اس ہفتہ اخراجات میں غیر متوقع طور پر اضافہ ہوگا۔ قیمتی شے گم ہوجانے کا بھی خطرہ ہے اور الیکٹرونکس سے متعلق اشیاء بھی خراب ہوسکتے ہیں وہ لوگ غیر ملکی سفر کے خواہشمند ہیں اس بارے میں کی گئی کوششیں ترک کردیں اور اگر کوئی قریبی شخص غیر ملکی سفر کرنے میں کامیاب ہو بھی جائے تو اسے وہاں سے ناکام واپس لوٹنا ہوگا۔ گزشتہ ماہ کے بیان کئے گئے امراض دوبارہ ابھر سکتے ہیں۔ عزیز واقارب سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔

SCORPIO

تاریخ پیدائش:۔24 اکتوبر تا22 نومبر | نام کا سرحرف:۔ن'ز'ظ'ض | موافق دن:۔منگل | حاکم سیارہ:۔مریخ

عقرب

نقاص خصلت:۔مضطرب' گرم مزاج | موافق عدد:۔9

خاصیت:۔وجدانی کیفیت' مضبوط قوت ارادی | موافق پتھر:پکھراج' عقیق موتی

امراض:۔حلق کی بیماریاں' نزلہ زکام' معدہ کے امراض | موافق رنگ سرخ' قرمزی' تیز براؤن' میرون

☆جنوری (یکم تا8) یہ ہفتہ کاروباری سرگرمیوں اور آمدنی میں اضافہ کرنے والی سرگرمیوں کے لئے موافق ہوگا۔ یہ ہفتہ مضبوط بنیادوں پر قائم مالی معاملات سرمایہ کاری، بچت کی اسکیموں، مشترکہ حصص، اسٹاک، اور شیئرز وغیرہ کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ ان دنوں تحائف اور مالی وصولیوں کا امکان ہے۔ کوئی انعام بھی نکل سکتا ہے۔ شادی شدہ افراد کو سال ختم ہونے سے پہلے شریک زندگی کے ذریعے کوئی فائدہ ملے گا۔
(9 تا16) اس ہفتہ نحس تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ بزرگوں سے مالی فائدہ ہوسکتا ہے۔ خوف اور بزدلی کی کیفیت کو دور کرنے کیلئے سلام مریخ کا ورد کریں اس دوران نگینہ مرجان اور زبرجد کا استعمال آپ کیلئے فائدہ کا باعث ہوگا۔ اس ہفتہ کا کلی عدد 1.6 ہے۔
(17 تا25) اس ہفتہ ملے جلے حالات قائم رہینگے۔ ایک دوست سے انتہائی دکھ پہنچ سکتا ہے۔ روپے کے لین دین میں بھی سخت احتیار کرنا ہو گی۔ بطور ادھاری دی گئی رقم آپ کو واپس نہ ملے گی۔ کسی چوری کا بھی اندیشہ ہے اپنی ہر قیمتی شے کو بڑے احتیاط سے رکھیں۔
(26 تا31) آپ کے برج کا حاکم سیارہ 26 جنوری کو آپ کے برج عقرب سے خارج ہوکر ہمسایہ برج قوس میں داخل ہورہا ہے۔ اس کا قیام اس برج میں 17 مارچ تک رہیگا۔ وہ عقربی افراد جن کا ذاتی کاروبار ہے یا جو شراکت میں کام کرتے ہیں انہیں اس وقت ٹیکس کے معاملات کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہوگا۔ کاروباری لین دین یا خرید وفروخت میں ملوث ہیں تو جلد بازی میں کوئی فیصلہ ہرگز نہ کریں۔

☆فروری (یکم تا7) ایسے کام جو کہ عرصہ دراز سے کسی نہ کسی رکاوٹ کے سبب ملتوی تھے سیارہ عطارد اور مریخ کے درمیان قائم ہونے والی سعد نظر ان رکاوٹوں کو ختم کررہی ہے آپ کے برج کا حاکم سیارہ اس ہفتہ طاقت میں ہے امراض سے نجات پانے کیلئے قابل ڈاکٹر سے رجوع کریں۔
(8 تا14) شریک حیات سے غیر متوقع طور راچھی خبر ملنے کی امید ہے ایک شخص آپ کی جانب صلح کا ہاتھ بڑھا رہا ہے۔ آپ کو بھی چاہئے کہ اس کا کھلے ذہن اور کھلے بازوؤں سے خیر مقدم کریں اور نچے درجہ کے لوگوں سے دوستی ہوسکتی ہے۔ سفر کرنا فائدہ نہ دیگا۔ جسمانی تکلیف کا اندیشہ ہے
(15 تا21) صحت کی بہتری کیلئے اپنی غذا کا خاص خیال رکھیں۔ اس ہفتہ مالی مشکلات سے واسطہ پڑ اسکتا ہے۔ شریک حیات سے غیر متوقع طور راچھی خبر ملنے کی امید ہے ایک شخص آپ کی جانب صلح کا ہاتھ بڑھا رہا ہے۔ آپ کو بھی چاہئے کہ اس کا کھلے ذہن اور کھلے بازوؤں سے خیر مقدم کریں اور نچے درجہ کے لوگوں سے دوستی ہوسکتی ہے۔ بات کو طول دینے سے گریز کریں۔ خواتین کے زیوارت چوری یا گم ہوسکتے ہیں۔
(21 تا28) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ ماحول میں کشیدگی پیدا ہوسکتی ہے۔ حالات میں اس قدر بگڑاؤ آسکتا ہے کہ آپ کو سخت ذہنی دباؤ سے گزرنا ہوگا۔ اس وقت نہایت پُرسکون رہیں۔ چرب زبانی سے گریز کریں۔ اس ہفتہ بہادر بننے کی کوشش نہ کریں۔

☆مارچ (یکم تا8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ نظر تربیع قائم کررہے مریخ عطارد کی یہ نحس نظر ہر قسم کے خدشات میں اضافہ کرتی ہے۔ عزیز و اقارب تو پہلے ہی چاہتے ہیں کہ آپ کسی اہم معاملہ میں انھیں محبوب سے بھی رنجش کا خدشہ ہے۔ اس ہفتہ کے آخری ایام میں افسران بالا کی جانب سے ناراضگی یا نقصان ہوسکتا ہے۔ نکاح یا شادی کے معالات ابھی التواء میں ڈال دیں یہ وقت بہتر نہیں ہے کبھی بھی کچھ بھی ہوسکتا ہے۔
(9 تا15) جب بھی کوئی سیارہ خانہ شرف میں موجود ہوتا ہے تو انتہائی طاقتور ہوجاتا ہے آپ کی پوشیدہ قوتوں کو طاقت دینے کیلئے آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ اس ہفتہ کے آخر جدی میں داخل ہورہا ہے۔ یہاں پر یہ انتہائی طاقتور اثرات ظاہر کریگا اس برج میں اس کا قیام 16 مئی تک ہے۔
(16 تا24) اس ہفتہ نحس تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ کسی بھی بات پر بلاوجہ جھگڑا ہوسکتا ہے خاتون خانہ کچن میں کام کرتے ہوئے تیز دھار آلات اور آگ سے محفوظ رہیں چوٹ لگ سکتی ہے۔ غصہ قابو میں رکھیں دوسرے لوگوں کے معاملات میں دخل اندازی سے گریز کریں۔
(25 تا31) اب کچھ بہتری کی امیدیں ہیں اور ماحول سازگار رہوگا کاروباری حضرات اس ہفتہ خوب منافع کماسکیں گے۔ ایک دوست سے فائدہ متوقع ہے۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ اس ماہ کا کلی عدد 38 ہے۔ اس ہفتہ کی 28 تا30 مارچ آپ کی قوت ارادی کمزور ہوگی اور کوئی درست فیصلہ کرنے میں ناکامی ہوگی۔ آپ کا حاکم سیارہ زہرہ اس ہفتہ کی گردش سے نکل جائیگا۔ مگر چند ایام نحس ہیں۔

☆**اپریل** (یکم تا8) ان ایام میں عطارد مریخ کی قائم ہونے والی نظر و تربیع اس بات کی جانب اشارہ دے رہی ہے کہ عدالتی امور التواء ڈال دیں اگر انتہائی ضروری قانونی امور ہیں تو انکو نہایت احتیاط سے حل کریں خوب سوچ سمجھ لیں بغیر پڑھے کسی بھی کاغذ پر دستخط کرنا آپ کے لئے نیا مسئلہ کھڑا کر سکتے ہیں۔ غیر متوقع طور پر ایسی خبر مل سکتی ہے جس کی وجہ سے آپ اپنے سابقہ تمام دکھ درد بھول جائیں اس ہفتہ کے آخری ایام مقدمہ کی صلح اور لڑائی جھگڑے ختم کرنے کے لئے بہترین ہیں خود مخالفین سے ہاتھ بڑھ کر صلح کر لیں۔ آپ کے سالانہ حالات یونانی زائچہ کے مطابق بتائے جا رہے ہیں۔

(9 تا16) اس ہفتہ کی سعد نظر مریخ زہرہ تثلیث کی وجہ سے شریک حیات سے وابستہ توقعات پوری ہونگی۔ اہل خانہ کی جسمانی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ گھریلو اور کاروباری معاملات آسانی سے حل ہوتے نظر آ رہے ہیں جو مشکلات پہلے کاروبار میں پیش آ رہی تھی وہ اب رفتہ رفتہ ختم ہوتی جائینگی۔ عدالتی امور میں کامیابی نئے مکان کی تعمیر اور نئے منصوبے کے آغاز کیلئے اچھے دن ہیں۔ آپ بہتر طور پر اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنا سکتے ہیں۔

(17 تا25) ایسے معاملات میں اپنا پیسہ نہ لگائیں جس میں آپ کو کسی بھی قسم کا چانس نہ لینا پڑے خصوصاً انعامی اسکیموں میں اپنی رقم لگانا اس ہفتہ فائدہ مند ثابت نہ ہوگا اس ہفتہ مقدمہ بازی اور عدالتی کاروائیوں سے گریز کریں ورنہ آپ کو لینے کے دینے پڑ جائینگے اور آپ کو بجائے فائدہ کے نقصان ہو گا۔ آپ کے برج حاکم سیارہ مریخ برج جدی میں ہے۔ اپنی صوابد پر بھروسہ کریں اور بعد ازاں دوسروں کی رائے معلوم کریں تاکہ وہ گریز نہ کر سکیں۔

(26 تا30) وہ شادی شدہ افراد جن کی شریک حیات کا گھر یعنی سسرالی گھر دوسرے شہر میں ہے۔ چند دنوں کیلئے انکو شریک حیات کو اس کے گھر بھیجنا ہوگا لیکن خوش مزاجی کے ساتھ آپ کی تلخ مزاجی اور سخت گفتگو ماحول کو خراب کر سکتی ہے۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ مذہب کی طرف رجحان رہے گا کاروباری ترقی اور کاروباری وسعت حاصل ہو گی۔ اس ہفتہ کے آغاز سے ہی آپ کی صحت کی خرابی کا خدشہ ہے۔

☆**مئی** (یکم تا8) ہفتہ رواں میں مایوسی کو اپنے نزدیک نہ آنے دیں۔ بزرگ خواتین سے اپنے لئے خصوصی دعا کروائیں تاکہ روحانی شخصیت سے مل کر موجودہ مسائل حل کر سکتے ہیں قریبی عزیز بہن بھائیوں سے اختلاف قائم ہو سکتا ہے ایسا بھی ممکن ہے کہ کسی پیچیدہ مرض میں مبتلا شخص اس دنیا سے کوچ کر جائے گا جس کا آپ سے قریبی رشتہ ہو۔ اپنے ذہن کو دباؤ سے نکالیں اور ریلکس ہونے کی کوشش کریں۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔

(9 تا16) اس ہفتہ پریشانی کے باعث صحت کے خراب ہونے کا خدشہ ہے ایک بدنامی آ سکتی ہے رقم کے لین دین میں تحریری معاہدہ لازمی کریں اور کسی بھی قسم کی تحریر سے قبل اچھی طرح چھان پھٹک کر لیں ورنہ ذرا سی بے احتیاطی آپ کو عدالت کے چکر لگوا سکتی ہے۔ آپ کے برج کا ذاتی سیارہ گردش میں جا چکا ہے۔ احتیاط کریں۔ عطارد مریخ کی نحس نظر تربیع آپ کے برج کے حالات کو کمزور کر رہی ہے اعلیٰ عہدوں پر فائز افراد سے خاص احتیاط برتیں۔

(17 تا25) کاروباری حالات بہتری کا رخ اختیار کر جائیگے وہ افراد جن کا تعلق افسران بالا سے ہے زیادہ عقربی افراد جو اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں اس ہفتہ کچھ مشکلات میں گرفتار ہو سکتے ہیں۔ احتیاط ضرورت ہے ان کے لئے 23,24 مئی نہایت خطرناک ایام ہیں۔ دوران سفر محتاط رہیں۔

(26 تا31) اس ہفتہ شمس تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس سعد نظر کے تحت کوئی نیا کام کریں اور اس سے لطف اندوز ہوں اگرچہ آپ کو خاصی مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا لیکن اس کے باوجود آپ شفقت آمیز برتاؤ کی وجہ سے اپنی منزل پر پہنچ جائیں گے اس مخالفت کو پریشانی کی وجہ نہ بنائیں سفر آج کیلئے سودمند ہے ممکن ہو تو سفر اختیار کر سکتے ہیں۔ اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں اور اپنے اسم الٰہی کا ورد بھی کریں۔

☆**جون** (یکم تا8) اس ہفتہ عطارد تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ یہ ایام بھی آپ کیلئے بہتر اور معاون ثابت ہونگے۔ ان دنوں امراض سے نجات پانے کیلئے معالج کی تلاش کامیاب رہے گی خصوصاً معدہ کے امراض سے نجات مل سکتی ہے۔ تیز رفتاری سے گریز کریں محتاط انداز سے آگے کی جانب بڑھتے جائیں۔ پرانی چیزوں کے لین دین میں تو خاص طور پر محتاط رہیں گے۔ حالات میں بہتری آنا شروع ہو جائے گی۔

(9 تا16) طالب علموں کے لئے یہ ہفتہ بہتر ثابت ہوگا وہ لوگ جو کہ تعلیم حاصل کرنے کے ساتھ عشق اور محبت میں بھی گرفتار ہیں ناکام اور مایوس ہو جائینگے ان کو محبوب کی طرف سے متوقع خبر نہ ملے گی بہتر ہے اس ہفتہ عاشق حضرات محبوب سے کچھ کنارہ کشی اختیار کر لیں ایسا کرنا ان کے حق میں بہتر ثابت ہوگا اپنے بنے ہوئے پروگرام میں کچھ رد بدل کریں۔ موسم کی تبدیلی کے باعث طبیعت ناساز بھی ہو سکتی ہے۔ ملے جلے حالات رہینگے۔

(17 تا24) زہرہ مقابلہ مریخ کی نظر انہی دنوں میں قائم ہو رہی ہے جو کہ آپ کے بنے ہوئے کاموں کو بگاڑ سکتی ہے۔ غیر شادی شدہ خواتین ان ایام میں کسی مرد سے دھوکہ کھا سکتی ہیں اور شادی شدہ خواتین اپنے شریک حیات سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں کیونکہ یہ ایام ان کے لئے ایک آزمائش ڈال رہے ہیں۔ شادی شدہ افراد اور وہ لوگ جو کہ قبل از وقت اپنے محبوب کی محبت میں گرفتار ہیں ان دنوں محبوب کی طرف سے پریشانی لاحق ہو سکتی ہے۔

(25 تا30) سیارہ مریخ جو کہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ ہے 27 جون تا 27 اگست حالت رجعت یعنی نحس ترین گردش سے گزریگا اس دوران بہت زیادہ احتیاط کرنا ہوگی لڑائی جھگڑا سے گریز کریں تلخ کلامی بات کو بگاڑ سکتی ہے۔ جو کچھ جو کر رہا ہے خاموشی سے دیکھتے جائیں لیکن آئندہ کیلئے محتاط ہو جائیں۔

☆**جولائی** (یکم تا8) یہ ہفتہ آپ کیلئے نحس ثابت ہوگا۔کاروبار کی غرض سے کیا گیا سفر کامیاب نہ ہوگا۔کسی بزرگ کی طرف سے صدمہ مل سکتا ہے۔اپنے برج کے مطابق صدقہ دیں تا کہ آپ کی مشکلات میں کمی ہو سکے اور اپنے حق میں بزرگوں سے دعا کروانا فائدہ مند ثابت ہوگا۔
(9 تا16) کاروباری حالات بہتر ہونگے بیرون ملک سفر پیش آسکتا ہے اولاد یا بھائیوں سے کشیدگی کی ممکن ہے۔انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ایسے کاموں کی ابتداء اس ہفتہ کر سکتے ہیں۔جن کا تعلق تعمیرات سے ہو۔زمین سے پیدا ہونے والی اشیاء مثلاً زراعت یا معدنیات کا کاروبار بھی آپ کو فائدہ مند ثابت ہوگا۔حالات آپ کے حق میں ہیں لیکن محتاط انداز سے آپ کو یہ دن گزارنا ہونگے۔
(17 تا25) اس ہفتہ شمس مقابلہ مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ان ایام میں زیادہ نہ بولیں تو بہتر ہے لڑائی کا خدشہ ہے۔مقدمہ یا پنچایتی فیصلوں میں جانے سے گریز کریں۔عزیز واقارب سے تلخ بات نہ کریں تو بہتر ہے۔لیکن وقت کا تقاضا یہ ہے کہ آپ اپنے ارادوں کو عملی جامہ نہیں پہنا سکتے۔والدین کے ساتھ ادب سے پیش آئیں تلخ کلامی سے گریز کریں۔نئے کاروبار کے آغاز کیلئے مناسب دن نہیں ہیں۔
(26 تا31) روپے کا حصول آسانی سے ممکن ہے اہل خانہ کی جانب سے خوشی حاصل ہوگی۔نئے شادی شدہ افراد کو بھی خوشی کی خبر مل سکتی ہے۔غصہ کی حالت میں اپنا مالی نقصان کر بیٹھیں گے۔افسران بالا سے تعلقات بہتر بنائیں ورنہ سخت نقصان کا خطرہ ہے۔کاروباری حضرات اپنی جگہ یا کاروبار کو تبدیل نہ کریں۔آپ کے حق میں بہتر نہ ہوگا ایک شخص بیماری کی حالت میں آپ کی آمد کا منتظر ہے آپ کو اس سے مل لینا چاہئے۔

☆**اگست** (یکم تا8) دوران سفر احتیاط کریں اور ہمارے مشورے پر عمل کریں تو اس ہفتہ سفر کا ارادہ ملتوی کر دیں کی عدد 38 ہے۔اس ہفتہ کے آغاز سے ہی بظاہر کچھ بہتری نظر شروع ہوگئی اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں اور کوئی بھی اہم قدم اٹھانے سے قبل بزرگ یا شریک حیات یا مخلص دوست سے ضرور مشورہ کر لیں۔بغیر مشورہ سے کیے گئے کام میں نقصان ہے۔آپ ایک غلطی کر کے اپنے لئے ہی مصیبتیں کھڑی کر سکتے ہیں۔
(9 تا16) ذہنی دباؤ کے بڑھنے کا اندیشہ ہے۔ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں۔کام کی زیادتی کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا ملازم پیشہ افراد لگن سے اپنے کام کی تکمیل کریں گے۔آپ کے اور دوستوں کے درمیان تعلقات خراب ہونے کا خدشہ ہے کوئی فائدہ مند معاہدہ طے کر سکیں گے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لیں یا نئے کاروبار کا آغاز کرنا چاہئیں تو کامیابی ملے گی۔گھریلو ماحول میں تبدیل آسکتی ہے۔
(17 تا25) ایک شخص آپ کے جذبات کو مجروح کرنے کی کوشش میں ہے۔آپ نقطہ چینی برداشت نہیں کرتے ایک شخص آپ کو اشتعال دلانے کی کوشش کر رہا ہے۔مخالفین اس ہفتہ کے آغاز میں بڑھ جائینگے۔لیکن ان سے صلح ہفتہ رواں کے آخری دنوں میں متوقع ہے آپ کا لکی عدد 45 ہے۔طبیعت میں سستی کا عنصر غالب رہیگا۔جذبات کو اس ہفتہ بھی قابو میں رکھیں آسانی سے دوسرے لوگوں پر حاوی ہو جاتے ہیں۔
(26 تا31) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ جو کہ 27 جون کو حالت رجعت میں گیا تھا 27 اگست حالت مستقیم میں آرہا ہے اس وقت اس سیارہ کا قیام برج جدی میں ہے جو کہ آپ کی مثبت قوتوں کو کمزور کر رہا تھا اب بہتری کی جانب لانے کیلئے تیار ہے۔نئی قوت کے ساتھ اپنے کام کا آغاز کریں۔نئی توانائی کے ساتھ ترقی کی راہ پر گامزن ہو جائیں۔دشمن جو کہ پہلے آپ پر غلبہ کرنے کی کوشش میں تھے کمزور ہوتے جارہے ہیں۔

☆**ستمبر** (یکم تا8) عزیز واقارب سے فائدہ نہ ہوگا زیادہ تر ان سے نقصان کی توقع ہے آمدنی کے مقابلہ میں اخراجات زیادہ ہو جائینگے۔کوئی بھی نیا کام شروع نہ کریں وراثتی جائیداد کے نتیجہ میں حاصل شدہ رقم بہتر مصرف میں لے آئیں یا اس ہفتہ جھگڑوں کی وجہ سے آپ کی جائیداد اور دوسرے ہاتھوں میں چلی جائیگی۔والدین سے حسن سلوک رکھیں۔مالی معاملات میں مشورہ ضرور لیں۔انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں۔
(9 تا16) مریخ آپ کے برج کا حاکم سیارہ ہے اس سیارہ کی تمام تر کیفیات آپ کو متاثر کرتی ہیں اس ہفتہ کے آغاز پر یہ سیارہ ناقص حالت میں اپنے زوالی برج یعنی دلو میں داخل ہوگا جہاں پر یہ کمزوریوں کو ظاہر کریگا اس دوران کسی بھی قسم کا اہم قدم آپ کیلئے نقصان دہ ہوسکتا ہے محتاط رہیں۔اس برج میں یہ سیارہ رجعت پذیر بھی ہوگا یہ اپنی کمزوریوں میں اضافہ کردے گا۔تمام قانونی اور آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔
(17 تا24) کاروباری راز کسی کو نہ بتائیں ایسا کرنے سے آپ اپنا ہی نقصان کر بیٹھیں گے۔شراکتی کاروبار نہ کریں آپ اپنی دوستی سے بھی ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔اس ہفتہ سفر کرنا نقصان کا باعث ہوگا۔نیا شروع کیا گیا کام پایہ تکمیل کو نہ پہنچے گا اور اس سے بہتر ہے کہ آپ نئے کام کی ابتداء اس ہفتہ نہ کریں۔اگر آپ کوئی معاہدہ کرنا چاہتے ہیں تو تحریری کریں۔رُکے ہوئے کاموں کو انجام دے سکتے ہیں محبوب سے اختلاف ممکن ہے۔
(25 تا30) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔جس وجہ سے سخت احتیاط کی ضرورت ہے گھبراہٹ، ذہنی دباؤ، ہائی بلڈ پریشر، خون اور جلدی امراض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ڈراؤنے خواب اور دہشت کی کیفیت طاری ہوسکتی ہے اس وقت میں مخالفین آپ پر غلبہ حاصل کر سکتے ہیں۔لڑائی جھگڑے سے گریز کریں اور اگر کوئی شخص فی الوقت آپ کی رقم دبائے بیٹھا ہے تو یوں سمجھ لیں کہ وہ رقم اب واپس ملنے کی امید نہیں ہے۔

☆**اکتوبر** (یکم تا 8) اگر آپ اپنی عزت حلقہ احباب میں بنانا چاہتے ہیں تو خاموشی اختیار کرنا ہوگی باوجود اس کے آپ تمام حالات سے واقف ہیں۔ منشتر خیالی کی بناء پر آپ درست فیصلہ کرنے میں ناکام رہینگے ایک دوست جس پر آپ کو حد سے زیادہ اعتماد تھا کسی بھی وقت دھوکہ دے سکتا ہے۔ وراثتی جائیداد میں لڑائی جھگڑا پیدا ہو سکتا ہے۔ اپنے مقصد کے حصول کے لئے پوری بھاگ دوڑ کریں۔ وراثتی جائیداد کا حصول بہت مشکل ہے۔ (9 تا 16) آپ کے برجی گردش کی وجہ سے بڑے نقصان کا خدشہ ہے لہذا کوئی بھی ایسا قدم نہ اٹھائیں کہ آپ کو تھانہ اور کچہری بھگتنا پڑے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے یہ ہفتہ فائدہ مند ہے۔ مفت کی دولت ہاتھ آسکتی ہے۔ اس ہفتہ روحانی شخصیات سے ملاقات کریں ایسا کرنا آپ کے حق میں بہتر ہوگا اور دینی فائدہ حاصل کرسکیں گے۔ کچھ خدشات ختم ہو جائینگے۔ نہایت تیزی سے نحس دن گزریں گے۔ (17 تا 25) آپ کو غلط معلومات فراہم کر کے ایک بات پر اُکسایا جا رہا ہے اور اسی وجہ سے شریک حیات سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں نئے کام کی ابتداء کے لئے یہ ہفتہ موزوں نہیں ہے کسی پر نقطہ چینی کرنا آپ کو زیب نہیں دیتا اگر کوئی شخص غلط کر بھی رہا ہے تو آپ اپنے کام سے کام رکھیں۔ ایسا لائحہ عمل تیار کریں۔ جس سے آپ کو ترقی مل سکتی ہے۔ صبر و تحمل سے کام لیں۔ ورنہ آپ اونچائی سے نیچے کی طرف آسکتے ہیں۔ (26 تا 31) مریخ قوت اور طاقت کا سیارہ مانا جاتا ہے مگر اس ہفتہ یہ سیارہ سخت ترین گردش میں جا رہا ہے اس کی موجودہ گردش کو حضیض کہا جاتا ہے آپ کو محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ جادو کا حملہ بھی ہو سکتا ہے کسی مشکل یا مصیبت میں بھی گرفتار ہو سکتے ہیں صدقات کی برکت سے ان مسائل سے بچا جا سکتا ہے۔ حالات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لیتے ہیں۔ کسی تقریب یا محفل میں آپ کی ملاقات پرانے دوست سے ہو سکتی ہے۔

☆**نومبر** (یکم تا 8) ہر کام کو کرنے سے پہلے خوب سوچ سمجھ لیں مالی فائدہ بھی متوقع ہے۔ مخالفین پر آپ کا غلبہ رہے گا۔ اپنے آپ کو کم ہمت نہ سمجھیں مضبوط قوت ارادی سے حالات کا مقابلہ کریں۔ ظاہری رویہ کو درست کرلیں بے شک آپ کے اندر انتقام کی آگ جل رہی ہے لیکن فی الوقت دشمن سے بھی دوستوں کی طرح ملیں۔ صحت کا خیال رکھیں۔ سانس کی نالی میں تکلیف ہو سکتی ہے۔ بحث و مباحثہ کے ذریعہ کسی نتیجہ پر پہنچ جائیں۔ (9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ان مشکلات سے نجات حاصل کرنے کی تجویز پر عمل درآمد کرسکیں گے سفر پیش آسکتا ہے۔ ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے دور اندیشی سے کام لینا بہتر رہے گا۔ خرید و فروخت کی طرف رجحان بڑھے گا شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔ خانگی امور میں خوشگواری رہے گی۔ اپنی صلاحیتوں کو زنگ آلودہ ہونے سے بچائیں چھوٹا سفر کرنا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ (17 تا 24) سال رواں کے آخر میں آپ کے برج کا حاکم مریخ برج حوت میں موجود ہے اس برج میں یہ سیارہ نحس ہو جاتا ہے سال کے آخر میں زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ دوکاندار حضرات ملازمین پر زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ ملازم پیشہ افراد افسران بالا سے بنا کر رکھیں سخت بات کرنیکی وجہ سے بہت زیادہ خمیازہ بھگتنا ہوگا۔ دشمنوں کی چالیں آپ پر کامیاب، محبت میں ناکامی اور مذہبی لوگوں سے ناراضگی کا اندیشہ ہے۔ (25 تا 30) مریخ گردش حالات سے گزر رہا ہے اس کی یہ گردش چند روز رہیگی یاد رکھیں یہ ہفتہ نکاح کیلئے اچھا نہ ہے محبوب سے محبت کا اظہار ان دنوں نہ کریں محبوب کی جانب سے مثبت جواب نہ ملے گا۔ اچانک حادثہ ہو سکتا ہے گہری چوٹیں آسکتی ہیں بڑا نقصان ہو سکتا ہے۔ لیکن ایسا اس ہفتہ کے آخری دنوں میں ممکن ہے۔ تعمیراتی کاموں کے لئے شیئرز کی خرید و فروخت اور کاروبار میں رقم لگانے کے لئے مناسب وقت ہے۔

☆**دسمبر** (یکم تا 8) اس ہفتہ سیارہ مریخ تربیع شمس کی غیر موافق نظر قائم کر رہا ہے لہذا یہ ہفتہ مجموعی طور پر نحس ثابت ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کیلئے بھی نہایت اہم ہے۔ ایسے جھگڑے بھی پیدا ہونے کا اندیشہ ہے جن کی کوئی بنیادی وجہ بھی سامنے نہ ہوگی۔ ہر ایک پر اعتماد نہ کیا جائے امراض قلب پیدا ہو سکتا ہے صحت کا خاص خیال رکھیں معمولی خرابی کا بھی گہرائی سے جائزہ لیں۔ قوت مدافعیت بڑھانے کی کوشش کریں۔ (9 تا 16) اس ہفتہ اپنے ادھورے کاموں کو پورا کرلیں عزیز و اقارب پر حد سے زیادہ اعتبار نہ کریں۔ والدین سے نرم رویہ رکھیں اور ان کے ساتھ احترام سے بات کریں ورنہ آپ کو کسی بھی نقصان کا خطرہ ہے۔ اس ہفتہ کے ابتدائی چند دن آپ کے لئے خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں۔ (17 تا 25) خاندانی معاملات اور خصوصاً لڑائی جھگڑے کے واقعات سے آپ دور رہیں اپنے آپ کو ان مسائل میں نہ الجھائیں بلکہ سیر و تفریح کی غرض سے دوسرے شہر کو چلے جائیں۔ کوئی شخص آپ کی توجہ کا طالب ہے آپ کے مشورہ سے اس کا ایک بگڑا ہوا مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔ مخالف کا دباؤ اس ہفتہ قبول نہ کریں ورنہ آپ کو مشکلات کا سامنا کرنا ہوگا اپنے راز اپنے تک محدود رکھیں خود نمائی نقصان کا باعث ہو سکتی ہے۔ (26 تا 31) اس ہفتہ منصوبوں کی تکمیل ہوگی غیر شادی شدہ افراد اس ہفتہ کے آخر میں منگنی یا نکاح کی رسم ادا کرسکیں گے۔ آپ کا لکی عدد 29 ہے۔ آپ کی محنت رنگ لائیگی اور وہ کوششیں جو کہ آپ گزشتہ ہفتہ سے کر رہے تھے اپنا اثر دکھا سکتی ہے۔ قرضوں سے نجات مل جائیگی۔ لیکن اس ہفتہ اخراجات میں اضافہ بھی ممکن ہے۔ عبادت اور ریاضت کی طرف دھیان رہے گا۔ سخت محنت کے بعد معمولی کامیابی حاصل ہوگی۔

النور کتاب گھر گول باغ چوک گلگشت

SAGITTARIUS | تاریخ پیدائش:۔23 نومبر تا 21 دسمبر | نام کا سرحرف:۔ف | موافق دن:۔جمعرات | حاکم سیارہ:۔مشتری

قوس



خاصیت:۔ہمدرد انصاف پسند خودمختار
نقائص خصلت:۔تیز مزاج مشتعل ہونے والا
امراض:۔عرق النساء لنگڑاپن ہاضمہ کی خرابی
موافق عدد:۔3
موافق رنگ سفید سبز گولڈن
موافق بندھ شجری فیروزہ حجرالقمر

☆**جنوری** (یکم تا8) شمس مشتری تسدیس کے اثرات مفت کی دولت ڈوبی ہوئی رقم وراثتی جائیداد کا حصول کی جانب اشارہ دے رہے ہیں۔کاروباری پوزیشن بھی بہتر رہے گی ان ایام میں کاروباری حالات بہتر رہیں گے نئی عمارت کی تعمیر مبارک ثابت ہوگی۔شیئرز جائیداد کی خرید وفروخت بھی فائدہ دیگی۔اس ہفتہ بچوں کو سکول میں داخلہ دلوا سکتے ہیں۔جو کہ اولاد کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔
(9 تا16) اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کریں کمزوریوں کو گن کر ذاتی ڈائری میں لکھ لیں، آہستہ آہستہ ہر روز ایک کمزوری کو دور کرنے کی کوشش کریں۔چند قوسی افراد کسی بھی بات پر اپنی روحانی شخصیت سے تعلقات کو خراب کر سکتے ہے جبکہ اس روحانی شخصیت کی بدولت آپ بہت فائدہ بھی حاصل کر چکے ہیں۔باحوصلہ رہیں اور جوش وجذبہ سے آگے کی طرف بڑھتے جائیں۔عدالتی امور کو انجام دینے کے لئے یہ ایام بہتر ہے۔
(17 تا25) اس ہفتہ آپ غیر ملکی سفر کے لئے اپنے کاغذات جمع کروا سکتے ہیں۔آپ کی غلط گفتگو آپ کو اونچا سے نیچا مقام کی طرف لا سکتی ہے۔ذہنی طور پر منتشر خیالی کا خدشہ ہے معاملات کو سلجھانے کے لئے آپ کو کچھ قربانی دینا ہوگی۔شریک حیات سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔
(26 تا31) چند خطرات آپ کے سر پر منڈلا رہے ہیں۔سستی اور کاہلی کی وجہ سے متوقع کامیابی حاصل نہ کر سکیں گے تحریری معاہدوں بچوں کو اسکول میں داخل کروانا یا اسکول کا تبدیل کروانا اور عدالتی کاموں کے لئے نحس ثابت ہو سکتے ہیں۔نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں ہے۔

☆**فروری** (یکم تا7) کسی مشینری کے خراب ہونے کا خدشہ ہے۔بداخلاقی سے گریز کریں۔انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کا موافق وقت نہ ہے اس ہفتہ کے نحس عدد 3,5,6,8 ہے۔دوران گفتگو احتیاط سے کام لیں زبان سے نکلی ہوئی بات اور کمان سے نکلا ہوا تیر واپس نہیں آتا۔
(8 تا14) اس ہفتہ نحس اہم نظر شمس تربیع مشتری بن رہی ہے جس کے اثرات مکمل ہفتہ رہیں گے انعامی اسکیموں میں حصہ لینا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔زمین وجائیداد سے متعلقہ مسائل حسب منشاء حل نہ ہونگے اس سلسلہ میں قانونی چارہ جوئی آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔
(15 تا21) یہ سعد وقت ہے جب آپ بہت سے مسائل کا حل نکال سکتے ہیں۔کاروباری ترقی حاصل کر سکتے ہیں بیرون ملک سفر میں رکاوٹیں ختم ہو سکتی ہیں۔عزیز واقارب سے تعلقات بہتر بنائیں پیدا شدہ اختلافات میں شدت آسکتی ہے۔آپ درگزر کی عادت کو اپنائیں۔
(21 تا28) برج کا حاکم سیارہ مشتری برج عقرب میں، حالت رجعت کے بالکل قریب ہے اس کا قیام ہے یہ رجعی حالت 10 جولائی کو اسی برج میں ختم ہو رہی ہے۔اس دوران قیمتی اشیاء الیکٹرک الیکٹرونکس، اسٹاک ایکسچینج، شیئرز، جائیداد کی خرید وفروخت نقصان دہ سکتی ہے۔

☆**مارچ** (یکم تا8) مشتری رہائشی اور شراکتی معاملات پر حکومت کرتا ہے۔اس نظر کے مطابق گھریلو معاملات بہتری کی جانب نہ آئیں گے۔ بگڑے ہوئے مسائل مزید اُلجھ جائیں گے اس کے علاوہ یہ ہفتہ جائیداد کی خرید فروخت کے لئے موافق ثابت نہ ہوگا۔زہرہ تثلیث مشتری نظر بھی جائیداد، شراکتی اور مالی معاملات کی موافقت میں ہوں گے۔آپ کے برج کا حاکم سیارہ مشتری حالت رجعت میں جا چکا ہے۔جو کہ نحس ہے۔
(9 تا15) اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث مشتری قائم ہو رہی ہے یہ نظر زبردست مالی فائدہ لائے گی کیونکہ شمس مال ودولت پر حکومت کرتا ہے۔چنانچہ کچھ افراد انعامی اسکیموں میں کامیابی کاروباری فائدہ اور تجارت میں مالی فائدہ حاصل ہوگا۔لکی عدد 13,31 ہے۔مالی فائدے حاصل کرنے کیلئے اس نایاب وقت میں لوح حصول مال ودولت بنوا کر اپنے پاس رکھی جا سکتی ہے۔یہ لوح ادارہ سے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔
(16 تا24) کوئی دیرینہ آرزو پوری ہو سکتی ہے۔کاروبار وسعت اختیار کر جائیگا دوستوں سے وفا کی اُمید رکھی جا سکتی ہے۔برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں اور اپنے اسم الٰہی کا ورد بھی کریں۔بلاوجہ کسی بھی بات پر دوست سے ناراضگی پیدا ہو سکتی لیکن زہرہ عطارد قران قائم ہونے کی وجہ سے جلد ہی صلح بھی وہ جائیگی۔عزیز واقارب جو کہ اب تک ناراض تھے ان کو منانے کا اچھا وقت ہے موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔
(25 تا31) ان ایام میں کوئی ایسا کام نہ شروع کریں جس سے آپ کو یہ امید ہو کہ آپ کاروباری ترقی حاصل کر سکیں گے۔روپے پیسہ کا حصول اس ہفتہ مشکل ہوگا آمدنی میں کمی ہوگی۔وہ افراد جو کہ بیرون ملک سفر کے خواہشمند ہیں ان کی خواہش اس ہفتہ پوری ہو سکتی ہے۔

☆**اپریل** (یکم تا 8) پست حوصلوں سے جینا کوئی جینا نہیں لوگ کیا کرتے ہیں۔ اس پر دھیان نہ دیں لیکن اس وقت میں بداخلاقی سے گریز کریں یقیناً آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا۔ ایک شخص آپ کو مالی دھوکہ دینا چاہ رہا ہے احتیاط کرنی چاہئے۔ وہ خود غرض آپ کے نزدیک ہے۔ اپنے لفظوں میں تناؤ پیدا کریں کمزور لہجہ میں کی گئی گفتگو آپ میں مزید کمزوریاں پیدا کریگی۔ اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کریں۔ (9 تا 16) اگر سفر کا ارادہ ہے تو یہ ہفتہ آپ کے لئے بہترین ہے کامیابی مل سکتی ہے۔ صاحب اولاد حضرات بچوں کی جانب خاص توجہ دیں ورنہ پریشانی بڑھ سکتی ہے۔ بگڑے ہوئے معاملات کو سنبھالنے کے لئے یہ دن بہترین ہیں طبیعت میں مایوسی نہ آنے دیں بہتر مستقبل کے لئے آخر کچھ تو کرنا ہے نئے رابطے اور نئی دوستیاں بن سکتی ہیں جو کہ آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ ذہن میں نئے خیالات اور خوابوں کی بھرمار رہے گی۔ (17 تا 25) اس ہفتہ اہم محس اہم نظر زہرہ مقابلہ مشتری قائم ہورہی ہے جس کی وجہ سے خصوصاً جائیداد یا زمین، پلاٹ کی خرید فروخت فائدہ نہ دیگی۔ والدین یا بزرگوں سے بھی مالی فوائد حاصل کرنے کا اچھا وقت نہیں ہے۔ ان ایام میں صدقہ کے لیے زیر زمین پیدا ہونے والی اشیاء دینا مناسب رہیگا۔ اس صدقے کی برکت سے روزگار میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایک الجھا ہوا مسئلہ سلجھ جائیگا۔ طبیعت میں خوشگوار عنصر موجود رہے گا۔ (26 تا 30) ایک شخص آپ کو اپنے مقصد سے ہٹانے کیلئے کوشش کر رہا ہے۔ آپ کو ہوش و حواس قابو میں رکھ کر بات کرنا ہوگی۔ اس ہفتہ کے یہ ایام کاروبار کی غرض سے کیا گیا سفر فائدہ مند ثابت ہوگا ایک اچھا اور اہم موقعہ آپ کے ہاتھ آنے والا ہے۔ نازک مزاجی کو چھوڑیں سستی کو قریب نہ آنے دیں ذہنی اور جسمانی صحت بہتر رہیگی۔ آپ اپنی منزل کی طرف کامیابی سے بڑھ رہے ہیں لیکن سستی کو نزدیک نہ آنے دیں۔

☆**مئی** (یکم تا 8) اس ہفتہ شمس تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ ان ایام میں انعامی اسکیموں میں کامیابی ہوگی وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے قیمتی اشیاء کی خریداری کر سکتے ہیں۔ کاروباری ترقی ہوگی مالی فائدہ ممکن ہے۔ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ دوسروں کی مالی امانت بھی نقصان دے ثابت ہو سکتی ہے۔ اپنی صلاحیتوں کو زنگ آلود نہ ہونے دیں۔ ہوائی قلعے بنانے سے بہتر ہے کہ آپ ان دنوں عملی کام کریں۔ (9 تا 16) اس ہفتہ شمس مقابلہ مشتری کی محس نظر قائم ہورہی ہے۔ اس نظر کے تحت آپ فی الحال جائیداد کا لین دین نہ کریں تو اچھا نقصان کا اندیشہ ہے۔ کاروبار کرتے وقت محتاط رہیں کسی بھی اہم کاغذ پر بنا سوچے سمجھے دستخط نہ کریں کوشش کریں کہ پہلے کسی سے مشورہ لازمی کریں۔ طبیعت میں بے چینی رہیگی اپنے منصوبوں کو تکمیل کی جانب لے جائیں گھبراہٹ اور پریشانی کی وجہ سے عجیب ماحول رہیگا۔ (17 تا 25) آپ اس ہفتہ اپنے مخالفین کے سامنے کمزور ہیں اور انہیں صلح پر آمادہ کرنے کی کوشش کریں۔ ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کو شش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جا سکتی ہے۔ تعلیمی کامیابی ممکن ہے۔ محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ایام بھی کچھ بہتر ہیں۔ (26 تا 31) اس ہفتہ اچھی خبر نہ ہے شریک حیات سے حالات استوار رکھیں سخت لہجہ اپنانے سے گریز کریں۔ معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ عدالتی امور التواء میں کردیں اگر انتہائی ضروری قانونی امور ہیں تو انکو نہایت احتیاط سے حل کریں خوب سوچ سمجھ لیں بغیر پڑھے کسی بھی کاغذ پر دستخط کرنا آپ کے لئے نیا مسئلہ کھڑا کر سکتے ہیں۔ جذبات میں آکر آپ اپنا ہی نقصان کر بیٹھتے ہیں۔ قانونی نوعیت کے کام کرنے کے لئے یہ ہفتہ اچھا نہ ہے۔

☆**جون** (یکم تا 8) مشتری رہائشی اور شراکتی معاملات پر حکومت کرتا ہے۔ اس نظر کے مطابق گھریلو معاملات بہتری کی جانب آئیں گے۔ بگڑے ہوئے مسائل حل ہو جائیں گے اس کے علاوہ یہ ہفتہ جائیداد کی خرید فروخت کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ زہرہ تثلیث مشتری نظر بھی جائیداد، شراکتی اور مالی معاملات کی موافقت میں ہوں گے۔ بات پر خاص توجہ دیں ورنہ اپنا ہی بڑا نقصان کر لیں گے۔ ایک دوست آپ کی ہر طرح سے مدد کرنے کو تیار ہے۔ (9 تا 16) ایک خوشخبری ملنے والی ہے حالات بہتری کی جانب آرہے ہیں نئی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے اچھے ایام ہیں۔ ان ایام میں والدہ یا قریبی بزرگ سے خصوصی طور پر اپنے حق کے لئے دعا کروائیں۔ ان کے اُٹھے ہوئے ہاتھوں میں آپ کے لئے وہ انعامات، برکات، تجلیات ہیں جو کہ آپ کے لئے سرمایہ افتخار ہیں۔ کسی جانب سے آپ اس دوران نظر بد کا شکار بھی ہو سکتے ہیں بہتر یہی ہے کہ خاموشی سے اپنے کام کو انجام دیں۔ (17 تا 24) اس ہفتہ قائم ہونے والی عطارد مشتری کی سعد نظر کے تحت آپ کی اصلاح کردار، شخصیت کی تعمیر، شادی بیاہ کے معاملات، شریک کاروبار اور شریک زندگی کے ساتھ بہتر روابط قائم رکھنے کی جانب اشارہ ہے۔ ٹھیکہ جات کے حصول اور ملازمت پیشہ افراد کے تبادلوں کے مسائل حل کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ صحت پہلے سے بہتر کی جانب آئیگی۔ کاروباری غرض سے بیرون ملک سفر کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ (25 تا 30) آپ کے برج کا حاکم سیارہ اچھی حالت میں نہیں لہذا دوران سفر احتیاط کریں کیونکہ اس ہفتہ زہرہ تربیع مشتری کی محس نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت اپنی قیمتی اشیاء کی خود حفاظت کریں اور یاد رکھیں کسی پر بھی حد سے زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ خواتین میں نسوانی امراض یا زچگی سے متعلق بڑھ جانے کا خدشہ ہے خصوصاً برج قوس سے متعلق خواتین اپنے نسوانی مرض کے علاج بارے اچھے ماہر ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

جولائی (یکم تا 8) اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا میل جول بڑھے گا با مقصد نوعیت کی سرگرمیاں بھی رہینگی۔ ایسے لوگ جن کا آپ سے قریبی تعلق ہے۔ فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ گرما گرم بحث اور تکرار سے اجتناب کریں۔ مشہور ہے کہ انسان غصہ کی حالت میں ہی پہنچانا جاتا ہے کچھ لوگ آپ سے متعلق غلط افواہیں پھیلا رہے ہیں اپنے ارادے کو جاری رکھیں کہیں کوئی جھول نہ آنے دیں۔ اکیلے رہنے میں آپ ہی کا نقصان ہے۔
(9 تا 16) آپ کے برج کا حاکم سیارہ 10 جولائی کو رجعی اثرات ختم کر رہا ہے برج عقرب میں مقیم سیارہ مشتری مستقیم حالت میں آچکا ہے۔ مالی معاملات بہتر ہونگے۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ ڈوبی ہوئی رقم بھی مل سکتی ہے۔ کسی کو بھی قرض نہ دیں۔ ایک شخص آپ سے قرض لینے کا تقاضا کرسکتا ہے۔ ناجائز معاملات سے گریز کریں۔ عزیز واقارب سے معاملات بہتر بنائیں آپ کے حق میں ہی فیصلہ ہوگا۔ پیلا رنگ مبارک ہے۔
(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے سیارگان کی یہ نظر آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگی۔ اس دوران نئے کام کی ابتداء انعامی اسکیموں میں حصہ لینا شیئرز کی خرید وفروخت سونا چاندی کی خرید وفروخت فائدہ دے سکتی ہے۔ شریک حیات کی وجہ سے اخراجات میں زیادتی ہوگی۔ راز کی بات کسی سے نہ کہیں دل کی بات دل میں رہنے دیں۔
(26 تا 31) اس ہفتہ گھر کی مرمت کروائیں اور قابل مرمت دیگر اشیاء خصوصا الیکٹرک سے متعلقہ کوئی بھی شے ہو اس کو استعمال میں نہ لائیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ ڈوبی ہوئی رقم ملنے کا امکان ہے۔ قریبی عزیزوں سے تعلقات استوار رکھیں ایک شخص آپ کی توجہ کا طلبگار ہے۔ دوران سفر احتیاط کی ضرورت ہے۔ تیز رفتاری سے گریز کریں۔ کسی شے کے کھو جانے کا بھی اندیشہ ہے۔ سبز رنگ فائدہ دیگا۔
اگست (یکم تا 8) کسی شخص سے تنازعہ بڑھنے کا امکان ہے۔ اس ہفتہ نقصان کا زیادہ اندیشہ ہے۔ یا پھر کسی جگری دوست سے دل کو رنج پہنچے گا۔ اس ہفتہ کا سفر بھی ظفر کامیاب ثابت نہ ہو۔ کچھ افراد کی منگنی یا شادی کی امید کی جاسکتی ہے جو کہ ان کے لئے مبارک ثابت ہوگی۔
(9 تا 16) عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ گھریلو معاملات خراب نہ ہونے دیں۔ آپس کے مسائل گھر کی چار دیواری میں حل کر لئے جائیں تو زیادہ بہتر ہے سسرالی رشتہ داروں کی وجہ سے پریشانی لاحق ہے۔ کچھ دیر کیلئے برے بن جائیں لیکن اُن سے شکایت لازمی کریں۔ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو منگنی ٹوٹ جانے کا امکان زیادہ ہے یا اپنے محبوب سے اظہار محبت ان دنوں نہ کریں۔ بیوفائی ہوسکتی ہے۔
(17 تا 25) طبیعت میں بہادری اور ہمت پیدا کریں اپنے موقف پر ڈٹے رہیں کچھ بعد دیگر دل میں یہ خیال آتا رہے گا کچھ غلط ہونے والا ہے ہمیشہ مصروف رہیں۔ تنہائی سے کلیں دوستوں میں وقت گزاریں۔ آپ کے لئے خوشخبری ہے کہ ایک طویل عرصہ جو کہ مایوسی اور احساس کمتری میں گزرا، اب بہتری کی طرف آرہے ہیں۔ خصوصا قیمتی اشیاء سنبھال کر رکھیں ان ایام میں چوری ہونے والی اشیاء کا ملنا ناممکن سی بات ہے۔
(26 تا 31) اختلافات ختم کردیں بزرگوں کے سامنے سر جھکا دیں ورنہ نقصان مالی نقصان ہوسکتا ہے کہ جس کا آپ کو اندازہ ہی نہیں۔ بزرگوں کی بات مان لینے میں ہی آپ کا فائدہ ہے۔ خفیہ دشمن سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں غور کریں دشمن آپ کے آس پاس موجود ہے۔
ستمبر (یکم تا 8) آپ کے برج کے حاکم سیارہ کو 13 سال بعد عروج حاصل ہوتا ہے جو کہ ایک خاص وقت ہوتا ہے لیکن اپنے عروج جیسی توقعات اس ہفتہ سیارہ مشتری شمس کے ساتھ مل کر بنا رہا ہے یہ ہفتہ آپ کیلئے بہت مبارک ثابت ہوسکتا ہے مفت کی دولت انعام واکرام کاروباری ترقی کیلئے اس ہفتہ خاص لوح حصول مال دولت ادارہ سے منگوا کر اس قوت سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔ قریبی عزیز سے فائدہ ہوسکتا ہے۔
(9 تا 16) ان ایام میں عطارد قران مشتری قائم ہورہا ہے۔ الیکٹرونکس اشیاء کی خریداری کے لیے یہ وقت بہتر ہے لیکن کسی بھی شخص کو قرض دینے سے گریز کریں۔ اور خود بھی قرض نہ لیں تو بہتر ہے۔ قرضدار کا قرضہ صالح نیت کے تحت بھی ادا نہ ہوسکے گا اور نہ ہی قرض خواہ اپنے مقروض سے کچھ وصول کرسکے گا۔ دور اندیشی سے آپ اپنے مسائل حل کرسکتے ہیں اس ہفتہ کے آخری دو دن آپ کے لئے خوشخبری لا سکتے ہیں۔
(17 تا 24) اس ہفتہ کی ابتداء بہتری سے ہوگی سفر سے بہتر نتائج برآمد ہونگے لیکن طویل سفر سے گریز کریں۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ ان ایام میں سیارگان ایک بڑے فائدہ کی جانب اشارہ دے رہی ہے لیکن اس کے نتیجہ میں آنے والی رقم ضائع نہ کریں یہ بھی ممکن ہے کہ ان دنوں میں کہیں سے مفت کی دولت ہاتھ آجائے۔ چرب زبانی سے پرہیز کریں۔ ملازمین رکھنے سے قبل خوب جانچ پڑتال کرلیں نقصان بھی ہوسکتا ہے۔
(25 تا 30) ایک شخص آپ کی تاک میں ہے ممکن ہے کہ اس کا تعلق برج حمل سے ہو روپے پیسہ ضائع نہ کریں کسی قسم کا حادثہ پیش آسکتا ہے۔ عزیز کی جانب سے پریشانی لاحق ہوسکتی ہے دوران سفر محتاط رہیں اندیشہ ہے کہ کوئی بڑا نقصان نہ ہوجائے۔ یہ ہفتہ آپ کے لئے پریشانیاں لاسکتا ہے۔ جسمانی بیماری میں بخار اور سر درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ جمعہ کے روز شکر کا صدقہ دیں یا منگل کے دن 9 عدد سرخ مرچ ثابت آگ میں ڈال دیں آنے والی پریشانی سے کسی حد تک نجات مل جائیگی۔ ذہنی اور جسمانی توجہ عملی معاملات کی جانب مائل رائیگی۔ کاروباری معاملات بہتر ہونگے۔

☆**اکتوبر** (یکم تا8) یہ ہفتہ آپ کے لئے نحس ثابت ہوسکتا ہے سیارگان کے درمیان قائم ہونے والی نحس نظر اچھا اشارہ نہ دے رہی ہے اس ہفتہ آپ کو شدید چوٹ بھی آسکتی ہے۔ صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں دل سے متعلقہ امراض ابھر اسکتے ہیں۔ کسی بیماری کی علامت پائیں تو فوری طور پر معالج سے رجوع کریں۔ معمولی مرض کو معمولی ہرگز نہ سمجھیں طول پکڑ سکتا ہے۔ جو کچھ ہو چکا اسے دل و ذہن سے نکال دیں۔
(9 تا16) اس ہفتہ زہرہ قران عطارد کی نظر قائم ہورہی ہے۔ آپ معمولی سی کوشش کے بعد اچھی اور معقول کامیابی حاصل کرلیں گے آپ روپے پیسے کے معاملات میں جو خصوصاً متبادل ہوتے ہیں۔ کافی خوش قسمت ہیں لیکن آپ کو اپنا نفع کسی مہربانی سے نظر انداز نہیں کردینا چاہئے۔ تحریری معاہدے بہتر طور سے انجام پاسکیں گے مقدمہ میں کامیابی ہوسکتی ہے۔ دیرینہ مسائل حل ہونگے۔ اپنی فعال طبیعت کو کامیابی کیلئے استعمال کریں۔
(17 تا25) آپ کے برج کا حاکم اس ہفتہ سعد نظر قائم کررہا ہے عطارد قران مشتری کی اس سعد نظر کے تحت آپ کے مالی حالات کمزور ہیں تو ان دنوں کہیں سے مالی مدد متوقع ہے یا یوں بھی کہہ لیں کہ کسی بھی ذریعہ سے مفت کی دولت آسکتی ہے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ کاروباری حضرات اپنا کاروبار بڑھانے کیلئے مزید مواقع تلاش کرنے میں کامیاب ہوجائینگے۔ ان ایام میں فائدہ حاصل ہوسکتا ہے۔
(26 تا31) پنچایتی فیصلے اور خاندان میں عزت برقرار رکھنے کا ہفتہ ہے۔ اہم فیصلے سوچ سمجھ کر کریں اپنی طبیعت میں لچک ضرور پیدا کریں لہجہ نرم اور شگفتہ ہو تو کئی مخالف بھی آپ کی بات سننے کو تیار ہوجائیں گے۔ بزرگ کی بات ماننے میں ہی فائدہ ہے روحانی فیض میسر آسکتا ہے۔ عبادت و ریاضت کی طرف دھیان رہے گا روحانی سکون میسر ہوگا۔ قیمتی اشیاء کی خریداری کیلئے اچھا ہفتہ ہے۔ ازدواجی معاملات میں بہتری پیدا ہوسکتی ہے۔
☆**نومبر** (یکم تا8) اس ہفتہ سیر و تفریح کا پروگرام بناسکتے ہیں۔ کھلے پانی میں جانے سے گریز کریں سرسبز مقامات طبیعت میں تازگی پیدا کریں گے۔ اہل خانہ آپ کی جانب سے کسی اہم خبر کے منتظر ہیں لیکن طبیعت سے چڑچڑاپن ختم کریں بات بات پر جھگڑنا آپ کے وقار کو خراب کرتا ہے۔ اسی دوران قریبی عزیز کے صدقے سے بھی دوچار ہوسکتے ہیں۔ بھیانک خواب نظر آنے والے خراب حالات کی طرف اشارہ دیتے ہیں۔
(9 تا16) ذہنی توجہ سے آپ ایک بگڑے ہوئے کام کو بہتر انداز سے سنوار سکتے ہیں ہم مزاج افراد سے رابطہ رکھیں۔ بہت کچھ سیکھنے کو ملے گا۔ ایسے حالات اور واقعات پیش آسکتے ہیں۔ جو آپ کی ترقی کو مزید بڑھانے میں مددگار ثابت ہونگے خواہ مقصد کچھ بھی ہو کامیابی ملے گی۔ صلاحیتوں کو بہتر بنائیں اس سلسلہ میں ضروری معاملات جمع کریں دور دراز کے دوستوں سے خاص مسئلہ پر مشورہ کیا جاسکتا ہے۔
(17 تا24) ابتداء ہفتہ سے ہی ستاروں کی ایک نحس نظر قائم ہورہی ہے جو کہ آپ کے حق میں بہتر نہ جائیگی۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے چوری سے بچنے کے لئے خود احتیاط کریں۔ تخلیقی سرگرمیاں بڑھیں گی اس ہفتہ سفر نہ کرنا آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ جذبات قابو میں رکھیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے کوائکی صورتحال مجموعی طور پر اتنی اچھی نہیں ہے۔ گھریلو مسائل کو گھر میں ہی بیٹھ کر حل کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔
(25 تا30) ان ایام میں مشتری قران شمس کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ یہ ہفتہ خوش بختی لائے گا۔ اس سلسلے میں شراکتی معاملات کوئی ایک اہم دستاویز (جس پر دستخط) کریں گے اور محبت کے معاملات اہم کردار ادا کریں گے۔ یہ ایام خرید و فروخت کے لیے معاون ثابت ہونگے قیمتی اشیاء کی خریداری سے فائدہ ہوسکتا ہے۔ وہ افراد جن کی منگنی ہوچکی ہے حالات خراب ہونے کا اندیشہ ہے کچھ الزامات لگائے جاسکتے ہیں۔
☆**دسمبر** (یکم تا8) بڑے پیمانے پر لین دین سے واضح تبدیلی آئیگی اچھی قیمت پر خریداری یا فروخت سے فائدہ ہوگا لاپرواہی یا جلد بازی نقصان سے ثابت ہوسکتی ہے۔ ہفتہ کے آخر میں چند نحس نظرات نقصان کی جانب اشارہ دے رہی ہیں۔ جلد بازی سے گریز کریں۔
(9 تا16) عطارد قران مشتری جو کہ سعد وقت ہے اس ہفتہ آرہا ہے گھریلو معاملات اور جائیداد کا مسئلہ خاموشی سے طے کریں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ نئے کاروبار کی ابتداء کیلئے یا اپنے مالی معاملات کی بہتری کیلئے یا تجارتی معاہدے طے کرنے کیلئے یہ وقت آپکو مکمل طور پر فائدہ دیگا۔ لین دین کے معاملات میں محتاط رہنے کا مشورہ دیں گے۔ اس وقت میں ڈوبی ہوئی رقم بھی مل سکتی ہے۔ قیمتی اشیاء کی خریداری کا بہترین وقت ہے۔
(17 تا25) ایک رکا ہوا مسئلہ بھی حل ہوسکتا ہے اطمینان بخش حل مل جانے کا امکان ہے۔ شراکتی کاروبار سے گریز کریں یقیناً نقصان آپ کے ہی حصہ میں آئیگا خوش بختی کا یہ ہفتہ کچھ نئی تبدیلیاں بھی لاسکتا ہے۔ معاملات آپ کے حق میں ہیں۔ اس ہفتہ زیادہ توجہ قوت فیصلہ کی جانب رہیگی اپنے ارادے مضبوط رکھیں اور جو کچھ کرنا ہے کر گزریں۔ ایسے کام جن کو اب تک آپ غیر اہم سمجھتے آئے یا ادھورا چھوڑا ہوا تھا اب مکمل کرلیں۔
(26 تا31) کاروباری حالات میں خاصی تبدیلی آسکتی ہے۔ یہ ایام جائیداد کی خریداری کیلئے مناسب ہیں قوی امید ہے کہ ان دنوں میں آپ کا ہوا پیسہ یا قرض بھی واپس مل جائے کچھ ستارے آپ کے حق میں بہتر جارہے ہیں کسی نوعیت کا فائدہ ملنے والا ہے۔ حصول مال کے خاطر کی گئی کوششیں کامیاب ہوسکتی ہے۔ چند نئے رستے نظر آئینگے۔ جس سے آپ اپنے کاروبار کو فروغ دے سکتا ہے۔ معمولی واقف پر بھروسہ نہ کریں۔

CAPRICON

جدی



تاریخ پیدائش:۔ 20 دسمبر تا 20 جنوری | نام کا سرحرف:۔ ج، خ | موافق دن:۔ ہفتہ | حاکم سیارہ:۔ زحل

خاصیت:۔ خوداعتماد، غیرت مند، دلکش
نقائص خصلت:۔ خودغرض، حد سے زیادہ خودمختار
امراض:۔ دانتوں کے امراض، اعصابی تناؤ، جلدی امراض

موافق عدد:۔ 8
موافق رنگ نیلا، سیاہ، جامنی، آتشی
موافق پتھر سفید عقیق، چشم سلیمانی، نیلم

☆ **جنوری** (یکم تا 8) آغاز سال سے آپ کے برج کا حاکم سیارہ زحل کا قیام آپ کے برج میں ہے۔ یہ کہا جائیگا اس برج میں اس سیارے کا قیام بیشمار فوائد کا موجب ہوسکتا ہے۔ لہذا سب کچھ آپ کے ہاتھ میں ہے ان ایام میں نئی جائیداد کی خرید و فروخت فائدہ مند ہوسکتی ہے کچھ لوگ آپ سے ملنے کے خواہشمند ہیں جن کو آپ مسلسل غیر اہم سمجھتے جارہے ہیں تعلقات بڑھانا آپ کے حق میں بہتر رہے گا۔ (9 تا 16) قائم ہونے والا قران نحس اثرات ظاہر کریگا کسی بھی قسم کا معاہدہ خاص طور سے دستاویزات پر دستخط کرنے سے قبل غور سے پڑھ لیں نچلے درجے کے لوگ ملازمین آپ کو نقصان دے سکتے ہیں یا آپ کیلئے جال تیار کیا جاچکا ہے۔ جب یہ قران ظاہر ہوگا خصوصاً 12 تا 14 جنوری بہت محتاط رہیں۔ ایک قریبی عزیز آپ کو بدنام کرنے کی کوشش کررہا ہے۔ اس سے بچنے کوشش کریں اپنے قرب و جوار پر نظر رکھیں کہ کون کیا کررہا ہے؟ (17 تا 25) سیارہ مریخ طاقت اور قوت کا سیارہ ہے کہ جو جلد از جلد مثبت منفی دونوں طرح کی طاقتیں ظاہر کرتا ہے۔ اس ہفتہ مریخی قوتیں اچھی نہیں تیز دھار آلات مثلاً چاقو، چھری یا آگ کے استعمال سے گریز کریں۔ چوٹ لگنے کا قوی اندیشہ ہے دوسروں کے لڑائی جھگڑے میں نہ پڑیں۔ (26 تا 31) عمر رسیدہ لوگوں سے فائدہ ہوسکتا ہے۔ کاروباری حالات اچھے نہ رہینگے اس ہفتہ سفر نہ کریں تو آپ کے حق میں بہتر ہے ازدواجی زندگی متاثر ہوسکتی ہے۔ شریک حیات کو اعتماد میں لیں۔ روپے کے لین دین میں بحث و تکرار فائدہ نہ دیگی معاملہ کو بہتر طریقہ سے سلجھانے کی کوشش کریں۔

☆ **فروری** (یکم تا 7) ایک قریبی عزیز آپ سے دھوکہ کرنا چاہتا ہے اور وہ کچھ رقم آپ سے حاصل کرنے کی کوشش میں ہے ارادہ کو بھانپنا ضروری ہے۔ غصہ کنٹرول کریں کوشش کریں کہ گھر میں پیار اور محبت کا ماحول قائم ہو ابلاوجہ کی تنقید آپ کے لئے ہی نقصان کا باعث ہوسکتی ہے۔ (8 تا 14) کسی کی جانب سے کی گئی منفی یا تنقیدی بات کو ذہن میں جگہ نہ دیں کاروباری نوعیت کا سفر کرسکتے ہیں۔ لیکن احتیاط اب بھی ضروری ہے۔ جسمانی صحت بہتر ہوسکتی ہے شریک حیات سے تعلقات استوار رکھیں آپ بہتری کی طرف سفر کرنا شروع ہو جائیں گے۔ (15 تا 21) اس ہفتہ زہرہ تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ اس سعد نظر کے تحت آپ اپنے آپ کو پہلے سے زیادہ طاقتور محسوس کریں گے دشمنوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کریں اپنے مطالبات منوائیں آپ بظاہر کمزور ہیں لیکن کمزور نہیں۔ احساس کمتری کو نزدیک نہ آنے دیں۔ (21 تا 28) اس ہفتہ 23 تا 24 فروری عطارد تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہورہی ہے ان ایام میں خاص کر طالب علم کو اپنی تعلیم پر خاص توجہ دینا ہوگی۔ کوئی بگڑا ہوا کام بن سکتا ہے۔ اپنے حق میں بزرگوں سے دعا کروانا فائدہ مند ثابت ہوگا ناراض رشتہ داروں کو منانے کا اچھا وقت ہے۔ کاروباری طور سے اگر آپ کے پاس بزرگ ملازمین ہیں تو اُنکا خاص خیال رکھیں یا کسی بزرگ کی مالی مدد کریں تو بگڑے ہوئے کام سدھر سکتے ہیں۔

☆ **مارچ** (یکم تا 8) بلی کو دیکھ کر آنکھیں بند کرنے سے خطرہ نہیں ٹلے گا۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے سے فی الحال کچھ حاصل نہ ہوگا۔ پرانے دوست سے مل کر خوشی ہوگی۔ جائیداد یا قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔ آنکھیں اور کان کھلی رکھیں۔ کسی کے بہکاوے میں نہ آئیں۔ حالات بدستور قائم رہینگے آپ کو اپنے غصہ پر کنٹرول کرنا ضروری ہے۔ مالی مشکلات کا اندیشہ ہے احتیاط سے قدم اٹھائیں۔ (9 تا 15) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ یہ ایام آپ کیلئے نحس ثابت ہوسکتے ہیں قیمتی اشیاء کی چوری کا اندیشہ ہے یا بزرگوں سے اختلاف قائم ہوسکتا ہے لڑائی جھگڑا بھی بڑھ سکتا ہے۔ ایسے معاملات سے نبٹنے کیلئے ہفتہ کے دن اپنے برج کے مطابق صدقہ اور بزرگ سے دعا کروائیں تاکہ نقصان نہ ہو۔ مخالفین اپنے مقصد میں کامیاب ہوسکتے ہیں اگر آپ نے سستی سے کام لیا بری طرح شکست کا سامنا ہوسکتا ہے۔ (16 تا 24) اس ہفتہ زہرہ تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ قریبی دوست یا اولاد یا قریبی عزیز سے دُکھ پہنچ سکتا ہے لیکن آپ ہونے والے نقصان کو ذہن پر سوار نہیں کرنا ہے۔ حاکمانہ رویہ میں تبدیلی لائیں اس قدر نرم نہ بنیں کہ لوگ آپکو نگل جائیں اتنے سخت نہ بنیں کہ لوگ اُگل دیں۔ (25 تا 31) اس ہفتہ شمس تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ بہت سے مسائل حل طلب ہیں احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے غیر محتاط رویہ کئی مسائل پیدا کرسکتا ہے۔ کچھ لوگ آپکو بھڑکا کر اپنا مفاد حاصل کرنا چاہتے ہیں لیکن آپ کو ہوش و حواس میں رہ کر تمام فیصلے انجام دینے ہیں۔

چشتی کتاب گھر چوک کمہاراں والا ملتان | حفیظ بک سٹال کبیر والا | روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

اپریل (یکم تا 8) یہ ہفتہ نحس اس وجہ سے ثابت ہوسکتا ہے کہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ نظر تربیع سے گزر رہا ہے عطارد زحل کے درمیان بننے والی یہ خاص نظر کسی بھی قسم کا نقصان دے سکتی ہے۔ اگر آپ نے کسی کو اس دوران قرض دیا تو واپس نہ ملے گا بلکہ واپسی کا مطالبہ کرنے پر لڑائی جھگڑا پیدا ہوجائیگا۔ مشہور ہے کہ کسی کو قرض دینا بے وقوفی اور قرض دے کر واپس مانگنا اُس سے بڑی بے وقوفی ہے بہتر ہے کہ بڑی بے وقوفی سے بچنے کیلئے چھوٹی بے وقوفی نہ کی جائے۔
(9 تا 16) آپ کو اپنے رویہ میں تبدیلی لانا ضروری ہے۔ کسی دوست کی جانب سے صدمہ والی خبر مل سکتی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ دوست آپ کا انتہائی قریبی ہو جس سے آپ کو خاص رغبت ہو لہذا ذہنی طور پر کسی بھی حادثہ سے نبٹنے کے لئے قبل از وقت احتیاط ضروری ہے۔ محتاط رہیں۔
(17 تا 25) اس سال کے آغاز سے آپ کے برج کا حاکم سیارہ زحل برج جدی میں مقیم ہے 18 اپریل کو رجعت اختیار کرے گا دوران رجعت آپ کمزور حالت میں ہونگے۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں اور چھوٹے طبقہ کے لوگوں اور ملازمین سے محتاط رہیں۔ کوئی بھی شخص آپ کو نقصان دے سکتا ہے۔ دوران رجعت زحل ہر شے آپ کے دائرہ اختیار سے باہر ہوتی ہے۔ دشمن کی جانب سے جادوئی حملوں کا خطرہ ہے۔
(26 تا 30) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ کچھ لالچی لوگ آپ کے گرد جمع ہونا شروع ہوگئے ہیں مہمانوں کی آمد متوقع ہے۔ نیک نامی ہوسکتی ہے مضبوط قوت ارادی پیدا کریں حوصلہ مندی سے اپنے مقصد کی جانب بڑھتے رہیں۔ دوسروں پر حاکمیت جمانے کی کوشش نہ کریں۔ ہمارا مشورہ ہے کہ یہ وقت خاموشی سے گزار لیں اور یہ سمجھ لیں کہ کم بولنے میں ہی آپ کا فائدہ ہے۔ سیاہ رنگ لباس استعمال نہ کریں۔

مئی (یکم تا 8) ان ایام میں بہتری کے اثرات نظر نہ آئینگے۔ لیکن قریبی عزیزوں سے تعلقات اچھے ہوجائینگے۔ نئے منصوبوں کی تکمیل ممکن ہو سکتی ہے۔ بہتر لائحہ عمل تیار کرسکتے ہیں۔ کوئی شخص آپ کے خلاف منصوبہ بندی کررہا ہے۔ نہایت احتیاط سے کام لیں۔ ذرا سی غلطی بڑا نقصان کا باعث ہوسکتی ہے۔ لوگوں کی باتوں پر نہ جائیں اپنے کام سے کام رکھیں۔ اچانک بری خبر مل سکتی ہے لیکن اپنی قوت ارادی کو مضبوط کریں۔
(9 تا 16) حادثات سے نبٹنے کے لئے ذہنی طور پر خود کو تیار کریں۔ کمزور قوت ارادی کی وجہ سے آپ اپنی صحت خراب کرسکتے ہیں۔ جسمانی صحت خیال رکھیں ورنہ چھوٹی بیماری طول پکڑ سکتی ہے۔ گھر سے نکلتے وقت تالے اچھی طرح چیک کرلیں بے احتیاطی نقصان دہ ہوسکتی ہے۔ ان دنوں چوری کا اندیشہ ہے۔ قیمتی اشیاء اور نقدی سنبھال کر رکھیں گمشدہ چیز کا ملنا ناممکن ہوجائیگا۔ سیارہ زحل کے نحس اثرات آپ کے لئے خرابیاں پیدا کررہے ہیں۔
(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہورہی ہے یہ مکمل ہفتہ آپکے لئے خوش بخت ثابت ہوسکتا ہے۔ بزرگوں کی دُعا سے تقدیر بدل سکتی ہے۔ مشکلات اور مسائل سے نجات کیلئے بہتر حکمت عملی تیار کریں۔ اس نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں یہ سعد نظر سال میں صرف ایک یا دو بار بنتی ہے خاص لوح بنوائیں۔ ذرا سی غلطی سے بنا ہوکھیل بگڑ سکتا ہے۔ صبر کریں گے تو ایک دیرینہ مسئلہ حل ہوجائے گا۔
(26 تا 31) اس ہفتہ نحس نظر زہرہ مقابلہ زحل قائم ہورہی ہے۔ شریک حیات یا محبوب سے کسی بات پر اختلاف ہوسکتا ہے نوبت لڑائی جھگڑا پر پہنچ سکتی ہے۔ نتائج اچھے برآمد نہ ہوں گے۔ اپنی مسرتوں میں اضافے کے لئے اپنی صلاحیتوں سے کام لیجئے۔ مستقبل کی فکر بھی حال ہی کی طرح کیجئے۔ نظام ہضم میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے۔ سر کا درد شدت بھی پکڑ سکتا ہے اپنی شخصیت میں نکھار پیدا کریں اخراجات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

جون (یکم تا 8) غیر اہم شخص کو اپنے راز دینے کا کوئی فائدہ نہیں بدنامی ہوسکتی ہے۔ مشکلات سے نکلنے کے لئے ہاتھ پیر مارنا ضروری ہے ان دنوں منصوبہ بندی کرنا بہتر ثابت ہوگا ذہنی دباؤ سے بچیں بلڈ پریشر زیادہ کرنے سے کوئی فائدہ نہیں جو ہونا ہے وہ ہوکر رہتا ہے اپنے برج کے مطابق صدقہ خیرات دے کر گھر سے نکلیں۔ مالی فائدہ متوقع ہے۔ تحریری معاہدے کرتے وقت خوب سوچ سمجھ کر کام لیں۔ اللہ سے اچھی اُمید رکھیں۔
(9 تا 16) غیر شادی شدہ افراد یا وہ لوگ جو عشق و محبت کے مارے میں اس ہفتہ اپنے محبوب سے اظہار محبت کرسکتے ہیں۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول میں رکھیں اشیاء تعشیات میں اپنے پیسہ کا اصراف نہ کریں اور کسی برے وقت کے لئے بچا کر رکھ لیں۔ یہ ایام آپ کے لئے سخت ترین ہیں ان دنوں آپ کا برج کا مالک سیارہ زحل مقابلہ عطارد نظر قائم کررہا ہے۔ لہذا عبادت اور ریاضت کی طرف دھیان دیں۔ صدقہ ضرور دیں۔
(17 تا 24) سفر کرنا بھی فائدہ ثابت ہوگا لیکن ایک نقصان ابھی تک آپ کے سر پر کھڑا ہے یا نافع کا ورد 114 بار بعد نماز فجر ایک ہفتہ تک کریں۔ یہ نقصان نفع میں تبدیل ہوسکتا ہے۔ مجموعی طور پر کامیابی ہے رکے ہوئے کاموں کا نمٹائیں اور اہم فیصلے کرنے میں دیرینہ کریں۔ خاص طور سے شریک حیات کو اہمیت دینے سے بگڑا ہوا مسئلہ حل ہوسکتا ہے غیر شادی شدہ ہیں تو فی الوقت آئندہ کی بہتر کیلئے منصوبہ بندی کریں۔
(25 تا 30) اس ہفتہ شمس مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ ملازمین سے نقصان کا خدشہ ہے کوشش کریں کہ اپنے راز کسی کو نہ دیں۔ کاروبار میں لین دین احتیاط سے کریں نقصان کا خدشہ ہے کوئی بھی کام والدین یا بزرگوں کے مشورہ کے بغیر نہ کریں۔ اپنے روزمرہ کے کاموں کو وقت پر کرنے کی کوشش کریں۔ یہ الگ بات ہے کہ کچھ لوگ آپ کو خود غرض کہتے ہیں۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے گھریلو اخراجات میں اضافہ ہوگا۔

☆**جولائی** (یکم تا 8) اس ہفتہ کی ابتداء سے ہی طبیعت میں بے چینی اور ذہنی دباؤ رہے گا لیکن آپ کو سب کچھ برداشت کرنا ہوگا۔ شخص آپ کے گرد جال پھیلا رہا ہے آپ با آسانی اس پر غالب آسکتے ہیں ناخوشگوار واقعہ بھی پیش آسکتا ہے۔ نیکی اتنی ہی کریں کہ جتنی اچھی لگے۔ قریبی رشتہ داروں سے تعلقات بہتر بنائیں اگر کوئی صلح کی جانب ہاتھ بڑھاتا ہے تو آپ کو پیچھے نہیں ہٹنا چاہئے بیمار کی تیمارداری کرنا اپنا فرض سمجھیں۔
(9 تا 16) اس ہفتہ خاص سعد نظر زہرہ تثلیث زحل قائم ہورہی ہے اس نظر کے تحت ملے جلے حالات رہینگے۔ شروع ہفتہ میں ناکامی حسرت و یاس مایوسی کی کیفیت طاری رہیگی لیکن آپکو اس سے گھبرانے کی ضرورت نہیں اپنے معاملات کو جاری رکھئے۔ والدہ کی صحت کی بہتری کی امید ہے۔ گردوپیش کا جائزہ لیں۔ شریک حیات یا قریبی دوست سے جو تنازعات پیدا ہوچکے ہیں ان کو حل کرنے کا بہترین وقت ہے۔ غصہ جانے دیں۔
(17 تا 25) اگر آپ کسی محکمہ میں ملازم ہیں تو آفس کے پردوں کا رنگ تبدیل کرلیں اور ملے جلے رنگ استعمال کریں۔ نیلے رنگ کا استعمال کریں نقصان سے بچ سکتے ہیں۔ معاملات بگڑتے جارہے ہیں۔ کاروبار کو بڑھانے کا یہ مناسب وقت نہیں لین دین سے بھی گریز کریں۔ مہمانوں کی آمد ہوسکتی ہے۔ ایک سرطانی شخص آپ کو نقصان پہنچا سکتا ہے محتاط رہیں ہر ہفتہ کے روز اپنے برج سے متعلق صدقہ لازمی دیں۔
(26 تا 31) سفر کرنا نحس ثابت ہوگا۔ اپنے دوست نما دشمنوں سے احتیاط کریں کاروباری پوزیشن بھی اچھا نہ ہوگی بہتر ہے کہ زیادہ وقت گھر پر ہی پرانے دوستوں سے مل کر یادیں تازہ کرسکتے ہیں۔ والدین کی جانب سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ حل طلب مسائل کو ذمہ داری کے ساتھ نمٹائیں۔
☆**اگست** (یکم تا 8) شریک حیات سے تعلقات بہتر ہوسکتے ہیں۔ خوش اسلوبی سے مسائل کو حل کرنے سے بہت سی خرابیوں سے بچ جائینگے اخراجات کنٹرول میں کرلیں۔ آپ کی مقبولیت میں کمی آسکتی ہے بچوں کی جانب خاص توجہ دیں خاموشی میں ہی بھلائی ہے۔ ملازم پیشہ افراد کو ان دنوں خوشخبری مل سکتی ہے۔ کسی کی محبت یا عشق میں گرفتار ہوسکتے ہیں آپ کی اعلیٰ سوچ کئی مسائل سے نجات دلوائے گی قریبی سفر بھی پیش آسکتا ہے۔
(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہورہی ہے احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ اگر بزرگ خاتون آپ کے حق میں دعا کرے تو کئی مسائل حل ہوسکتے ہیں۔ بے روزگار افراد کو روزگار حاصل ہوسکتا ہے۔ مستقبل میں بہتر زندگی گزارنے کیلئے ایک اچھا اور بہتر موقع آپ کے ہاتھ آئیگا۔ یہ موقع کسی صورت ہاتھ سے جانے نہ دیں۔ دوست احباب میں آپ کی عزت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ بلاوجہ بحث سے گریز کریں۔
(17 تا 25) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ ترتیع زحل قائم ہورہی ہے۔ اس نحس نظر کے تحت والدین سے کسی بات پر اختلاف ہوسکتا ہے یا پہلے سے میاں بیوی میں اختلاف، اگر مناسب حل تک نہ پہنچے تو علیحدگی کا بھی خطرہ ہے۔ خواتین کو نسوانی امراض کا خطرہ ہے۔ بہتر ہے کہ آپ اپنے برج کے مطابق صدقہ دینے کا اہتمام کریں اور اپنے نام کا اسم اعظم ورد کریں۔ گھریلو ماحول تناؤ کا شکار رہیگا اہل خانہ سے کھل مل جائیں۔
(26 تا 31) اس ہفتہ عطارد ترتیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ ان ایام میں لڑائی جھگڑے کا خدشہ ہے۔ آپکی اچھی شہرت کو بدنام کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ شریک حیات سے تعلقات میں خرابی اچھی شہرت میں کمی کا باعث ہوسکتی ہے۔ یہ ہفتہ نہایت پُرسکون گزارنے کیلئے زبان کو تالا لگائیں۔ آپ میں سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ جب آپ کے ہاتھ میں کچھ رقم آجاتی ہے تو گویا آپ سے بڑا کوئی بادشاہ نہیں ہے۔
☆**ستمبر** (یکم تا 8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تثلیث زحل قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے اس نظر کے تحت کسی بزرگ کی جانب سے کی گئی خاص دعا ان ایام میں نصیب کو بدل سکتی ہے۔ خود اپنا دھیان بھی عبادت اور ریاضت کی طرف بڑھ جائیگا۔ کسی وقت دل میں مایوسی حسرت و یاس کی کیفیت پیدا ہوسکتی ہے۔ غمگین ہوسکتے ہیں۔ آپ موجودہ ماحول میں تبدیلی چاہتے ہیں۔
(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہوہی ہے۔ جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ خوشی کی تقریب کرنے کیلئے یہ دن اچھے ہیں۔ عزیز واقارب کے ساتھ کوئی تقریب منعقد کرسکتے ہیں۔ خواتین کو اس ہفتہ مالی فائدہ ہوسکتا ہے اچانک کھوئی ہوئی شے ملنے کی امید ہے۔ اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زحل 04 ماہ بعد 06 ستمبر کو اپنی رجعت ختم کردے گا۔ قرضوں کی وصولی کے لئے یہ ہفتہ بہتر ہے۔
(17 تا 24) اس ہفتہ عطارد ترتیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ قریبی عزیز کی جدائی کا اندیشہ ہے مایوس کن حالات سے نکل آئیں صاحب اولاد کو اولاد کی جانب سے دُکھ اور پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے ناکام محبت جیسے حالات سے گزرنا ہوگا محبوب بے وفائی کرجائے تو اس کا دُکھ اور رنج نہ کریں۔ اس نے آپ کے ساتھ ایسا کرنا تھا آئندہ حالات کی بہتری کیلئے کچھ سوچیں بہترین لائحہ عمل تیار کریں۔ ایک خواہش پوری ہوگی۔
(25 تا 30) ان ایام میں دور دراز کا سفر آپ کیلئے نقصان کا باعث ہوسکتا ہے ان دنوں احتیاط کریں انعامی اسکیموں میں حصہ لینا بھی نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول کرتے ہوئے آئندہ کی بہتری کیلئے اقدامات کریں۔ کسی قریبی عزیز سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں۔ کاروبار میں مزید پیسہ نہ لگائیں نقصان کا اندیشہ ہے ابھی کاروباری حالات اچھے نہ ہیں جائیداد کی لین دین بھی فی الحال نہ کریں۔

☆**اکتوبر** (یکم تا 8) طبیعت میں خوشگواری پیدا ہوسکتی ہے۔ معاف کرنا صفت باری تعالیٰ ہے آپ اس شخص کو معاف کردیں جس سے دُکھ ملا طبیعت میں سکون محسوس کریں گے۔ اہم فیصلہ بہت آسانی سے کر پائیں گے پسندیدہ دوستوں سے معاملات بہتر ہونگے ایک شخص آپ کی خوشامد کر کے اپنا فائدہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔ مخالفین اس ہفتہ خاموش رہینگے دوران سفر احتیاط کریں۔ ملے جلے رنگوں کا استعمال کریں۔
(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تثلیث زحل قائم ہورہی ہے جس کے اثرات ان ایام میں رہیں گے اس نظر کے تحت عدالتی امور کو انجام دینے کے لئے بہتر ثابت ہوگی۔ عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر بنائیں۔ کاروباری ترقی حاصل کرسکتے ہیں بیرون ملک سفر میں رکاوٹیں ختم ہوسکتی ہیں ان ایام میں والدین بچوں کو سکول میں داخلہ دلوا سکتے ہیں۔ جو کہ اولاد کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔
(17 تا 25) ان ایام میں ایک سعد نظر زہرہ تسدیس زحل قائم ہورہی ہے جس کے اثرات تیزی سے ظاہر ہونگے۔ وہ افراد جو کہ روحانی وظائف سے قوت لینا چاہتے ہوں فائدہ حاصل کرسکتے ہیں بزرگ سے فائدہ ہوگا مالدار خواتین سے تعلقات قائم رہے تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے۔
(26 تا 31) ان ایام میں شمس آپ کے برج کے حاکم سیارہ زحل سے نظر تسدیس قائم کررہا ہے جس کے اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔ اس ہفتہ بزرگوں سے دُعا کروائیں تو رزق کی بندش ختم ہوسکے گی یا رزق میں وسعت ہوگی۔ والدین کی خدمت کریں تو مصیبت ٹل جائے گی۔ جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے مبارک ایام ہیں۔ وہ لوگ جن کا تعلق سیاست سے ہے ان کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہے گا۔ تقاریب میں جانا آپکے لئے باعث فخر ہوگا۔

☆**نومبر** (یکم تا 8) رومانوی اثرات غالب رہ سکتے ہیں۔ کام کی زیادتی کی وجہ سے اس ہفتہ صحت بہتر نہ رہیگی۔ ایک قریبی شخص آپ کی بدنامی کا سبب بن سکتا ہے بہتر ہے کہ وقتی طور پر اس سے علیحدگی اختیار کرلیں کوشش کریں کہ ان دنوں غصہ کو کنٹرول کرلیں پنے سابقہ پروگراموں کو عملی جامہ پہنائیں اہم فیصلے کرنے کے لئے مناسب دن ہیں دیگر کاموں کو بدستور جاری رکھیں لفظوں میں مٹھاس پیدا کریں۔ لکی عدد 38 ہے۔
(9 تا 16) کشیدہ ماحول کو بدلنا ہے تو پہلے آپ کو اپنے حالات میں توازن پیدا کرلینا چاہئے تاکہ اس تبدیلی کے باعث آپ کو نقصان نہ اٹھانا پڑے اور آپ دیوالیہ نہ ہوجائیں۔ یہ ہفتہ آپ کے نحس ثابت ہوسکتا ہے اگر محتاط نہ رہے اس دوران ہر طرح کی بحث و مباحثہ اور لڑائی جھگڑے سے گریز کریں۔ یہ ہفتہ آپ کے لیے خوشخبری کا پیغام لاسکتا ہے۔ شیئرز، جائیداد، مشینری کی خرید و فروخت ان دنوں میں بہتر ثابت ہوگی۔
(17 تا 24) وہ کام جن کو آپ نے التواء میں رکھا ہوا تھا ان دنوں میں مکمل کرلیں۔ صحت کا خاص خیال رکھیں اس ہفتہ کچھ ناکامیاں بھی ہوسکتی ہیں لیکن اپنی ذہن پر کسی بھی ایسی بات کو سوار نہ ہونے دیں مالی نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔ حالات بہتری کی طرف آسکتے ہیں۔ مالی مسائل کو حل کرنے کیلئے قرضہ لینا ضروری نہیں کوئی دوسرا راستہ بھی اختیار کرسکتے ہیں۔ ان دنوں اگر آپ نے قرض لیا تو اسے اتار نہ سکیں گے۔ اس ہفتہ سر درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔
(25 تا 30) اس ہفتہ چھوٹی سی غلطی بڑا نقصان دے سکتی ہے سفر میں رکاوٹ آسکتی ہے صحت کی خرابی خصوصاً معدہ درست کام نہ کریگا۔ بخار بھی ہوسکتا ہے۔ فوری علاج کروانا آپ کے حق میں بہتر ہوگا صاحب اولاد حضرات کو اولاد کی طرف سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ یہ ایام انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے معاون ثابت ہوسکتے۔ کیونکہ انہی دنوں میں سیارگان کی مبارک نظر بن رہی ہے آپ کا اس ہفتہ کا لکی عدد 67 ہے۔

☆**دسمبر** (یکم تا 8) جلد بازی میں کیا گیا فیصلہ کبھی درست ثابت نہ ہوگا دوست اور دشمن کی پہچان کریں۔ شادی یا نکاح میں رکاوٹ پیدا ہوسکتی ہے دُشمن کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتا۔ نیا کام شروع کرنے سے قبل صدقہ لازمی دیں۔ کوشش کریں کہ قریبی ساتھی سے غلط فہمی پیدا نہ ہو مصیبت پریشانی بتا کر نہیں آتی۔ اپنی کمزوریوں کو ظاہر نہ ہونے دیں خصوصاً بہن بھائیوں سے تعلقات بہتر بنائیں۔ ان ایام میں محتاط رہیں۔
(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس زحل قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے اس نظر کے تحت محبوب یا شریک حیات سے مالی فائدہ ہوگا۔ ان ایام میں غیر شادی شدہ افراد رشتہ ازدواج سے منسلک ہوسکتے ہیں۔ کاروبار میں بہتری آئیگی مالی فائدہ ہو سکتا ہے۔ خوشی کی تقریب کرنے کیلئے یہ دن اچھے ہیں منگنی کی رسم یا نکاح کرسکتے ہیں۔ عزیز و اقارب کے ساتھ کوئی تقریب منعقد کرسکتے ہیں۔
(17 تا 25) مجموعی طور پر اس ہفتہ ملے جلے اثرات ظاہر ہونگے۔ فضول جگہ پر رقم ضائع نہ کریں اخراجات کو کنٹرول میں کریں۔ حالات خرابی کی طرف جاسکتے ہیں۔ جہاں اشد ضرورت ہو وہیں خرچ کریں۔ اس ہفتہ ایک نیا دوست آپ کے قریب آنے کی کوشش کریگا لیکن احتیاط یہ کرنا ہوگی کہ حد سے زیادہ اس پر اعتبار کرنا آپ کے لئے نقصان کا باعث بنے گا۔ اس شخص کی وجہ سے بنے ہوئے کام بگڑ سکتے ہیں۔ بدنامی کا اندیشہ ہے۔
(26 تا 31) مزدوروں پلمبروں اور آرائش وغیرہ کا کام کرنے والوں کو کام کے لئے رکھنے سے پہلے کئی لوگوں سے مشورہ ضرور کریں۔ مستقبل میں بہتر زندگی گزارنے کے لئے ایک اچھا اور بہتر موقع آپ کے ہاتھ میں آئیگا۔ بے روزگار افراد صاحب روزگار ہوسکتے ہیں۔ ایک ایسا شخص آپ کی مدد کرنے کو تیار ہے جو کہ اچھی حیثیت کا مالک ہے۔ جوش اور ولولہ رہے گا۔ کسی بھی معاملہ میں بال کی کھال اتارنے سے گریز کریں۔

AQUARIUS تاریخ پیدائش:۔ 21 جنوری تا 19 فروری | نام کا سرحرف:۔ س، ش، ث، ص | موافق دن:۔ ہفتہ | حاکم سیارہ:۔ یورانس



دلو

خاصیت:۔ مدد کرنے والا، جذباتی، باحیا | موافق عدد:۔ 4

امراض:۔ آنتوں کے امراض، ہیپاٹائٹس | موافق پتھر: نیلم، حدید، عقیق سیاہ

نقائص خصلت:۔ جذباتی، جلد غصہ کرنے والا | موافق رنگ: سفید، کریم، ہلکا نیلا، آسمانی

☆**جنوری یکم تا 8**) یہ ایام آپ کے لئے نحس ثابت ہوسکتا ہے اس دوران کوئی نیا معاہدہ نہ کریں اور نہ ہی کسی نئی شے کی خریداری کریں زیورات اور جائیداد سے متعلق معاملات فی الوقت التواء میں ڈال دیں ابھی اس قسم کے مسائل حل کرنے کا وقت نہیں ہے۔اولاد کی جانب خصوصی توجہ دیں۔
(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد زحل قران قائم ہورہا ہے عطارد کا تعلق علم قلم اور عمل سے ہے۔جبکہ زحل کو روحانیت کا سیارہ کہتے ہیں۔کسی بزرگ سے دعا کروانے پر آپ کی مشکل حل ہوگی۔دور دراز کا سفر پیش آسکتا ہے۔مصیبت اور پریشانی کے خاتمہ کیلئے گھر میں پرندے رکھیں۔اپنے ہاتھ سے باجرہ دیں۔موجودہ وقت میں مصیبت صدقہ کی برکت سے ٹل سکتی ہے۔قریبی بزرگ سے رابطہ کریں اور خاص طور سے دعا کریں ان کی خدمت کا موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔یہ قران اپنے اثرات 12 تا 14 جنوری ظاہر کریگا۔ الیکٹرانک اشیاء کی خریداری کیلئے یہ ہفتہ بہتر نہ ہے۔
(17 تا 25) کام کی زیادتی کے باعث اور گھریلو پریشانی کی وجہ سے ذہنی دباؤ کا شکار رہیں گے آپ کا ذاتی سیارہ ان دنوں آپ کے برج میں ہے۔اس دوران آپ اپنے مقاصد میں کامیاب ہوسکیں گے۔بہتر صورتحال پیدا ہو رہی ہے۔ریس، لاٹری وغیرہ میں حصہ لینے سے گریز کریں۔
(26 تا 31) اس ہفتہ آپ کو سخت احتیاط کرنا ہوگی۔جسمانی صحت کا خیال رکھیں مخالفین سے محتاط رہیں۔مالی نقصان متوقع ہے۔عزیز و اقارب سے معاملات کو الجھانے کی کوشش نہ کریں تحریری معاہدہ اور گھریلو مسائل میں احتیاط برتیں۔آپ کی لاپرواہی سے ایک بنا ہوا کام اُلجھ جائے گا۔

☆**فروری** (یکم تا 7) یہ ایام آپ کے لئے نحس ثابت ہونگے۔یہ ہفتہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے اچھا نہیں ہے کسی رقم کے ڈوب جانے کا خطرہ ہے شریک حیات سے توقعات پوری ہونگی۔آمدنی زیادہ نہ ہوسکے گی لیکن آپ کو ایک بات سے مطلع کرتے ہیں کہ اپنے اخراجات کو کم کریں۔غیر شادی شدہ افراد کی نسبت طے پاجانے کی امید ہے۔یاد رکھیں ان ایام میں سائل کو خالی ہاتھ نہ بھیجیں۔بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں۔
(8 تا 14) ہمت اور صبر کو ہاتھ سے نہ جانے دیں یہ ہفتہ آپ کے لئے مبارک ثابت ہوسکتا ہے اس ہفتہ زحل اور شمس اچھی حالت میں ہیں نظر تسدیس کی وجہ سے اُلجھے ہوئے معاملات درست ہوسکتے ہیں۔اپنے برج کے مطابق صدقہ ضرور دیں۔چوری کا اندیشہ ہے۔محتاط رہیں۔
(15 تا 21) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس زحل قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے اس نظر کے تحت محبوب یا شریک حیات سے مالی فائدہ ہوگا۔ان ایام میں غیر شادی شدہ افراد رشتہ ازدواج سے منسلک ہوسکتے ہیں۔کاروبار میں تیزی آئیگی مالی فائدہ ہوگا۔
(22 تا 28) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس زحل قائم ہورہی ہے جس کے اثرات سعد رہیں گے اس نظر کے تحت اس ہفتہ صحت بہتری کی طرف آجائیگی۔بگڑے ہوئے معاملات سلجھنا شروع ہوجائینگے۔مالی فائدہ ہوگا انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔لکی عدد 30 ہے۔

